باتی کی دردیں جن کے ساتھ پیشاب میں سفید ریت جیسے ذرات موجود ہوں۔ — بربرس ولگرس، سارسپریلا

## جوڑ

جوڑوں میں زبردست سختی اور اکڑاؤ پٹھے گویا سکڑ گئے ہوں۔ کھولنا بھی دشوار ہو۔ اعضا کھچ کر بدشکل ہو جائیں۔ — کاسٹیکم
چھوٹے جوڑوں میں گرہیں۔ جوڑ سوجے ہوئے اور گرم لیکن سُرخ نہیں ہوتے۔ بلکہ بے رنگ سے ہوتے ہیں۔ — لیڈم پال
جوڑ سخت اکڑے ہوئے اور ان میں دکھن ہو۔ — رسٹاکس
جوڑوں میں درد جب ان میں بے رنگ سی سوجن ہو۔ متاثرہ جوڑ زبردست درد کریں چبھن دار دردیں۔ چھونے اور ذرا سی حرکت سے دردوں میں زبردست اضافہ ہو۔ — برائی اونیا
جوڑوں میں گٹھیاوی دردیں۔ مریض کے متاثرہ جوڑ کو جب چھوا جائے تو وہ درد سے چیخ اٹھتا ہے جوڑوں میں سوجن جو ایک جوڑ سے دوسرے میں چلی جائے۔ ایسا معلوم ہو کہ سوجن میں پانی بھرا ہے۔ اسے دبانے پر گڑھا پڑ جاتا ہے۔ — کالچیکم
جوڑوں کی ماد سوجن جو ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ تک جاتے۔ رات کے وقت اور آرام کرنے سے تکلیف بڑھ جائے۔ طوفانی موسم میں علامات میں زبردست شدت ہو (رسٹاکس۔ کالیا) — روڈوڈنڈران

## چھونا، دبانا

چھونے اور دبانے سے باتی کی دردوں میں زیادتی ہو۔ — برائی اونیا
گٹھیاوی یا باتی کی دردیں ساتھ ہی مریض کو چھونے جانے یا کسی کے ساتھ لگ جانے کا زبردست ڈر ہو۔ (اگر آرنیکا کام نہ کرے تو بیما میلس دیں) — آرنیکا

## حرکت

حرکت سے باتی کی تکالیف میں اضافہ۔ برائی اونیا۔ لیڈم۔ سم سی فیگا۔ نکس وامیکا — کالچیکم
حرکت کے آغاز میں تکلیف بڑھے لیکن لگاتار حرکت سے باتی کے دردوں میں عارضی طور پر افاقہ ہوتا ہو۔ لہٰذا مریض میں لگاتار حرکت کرنے کی خواہش ہوتی ہے۔ آرام اور سکون کی حالت میں دردوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ — رسٹاکس
باتی کی دردیں حرکت پر مجبور کریں۔ لیکن حرکت سے آرام نہ آئے۔ — کاسٹیکم
درد اتنا شدید ہوتا ہے جو حرکت پر مجبور کر دیتا ہے اور آہستہ آہستہ حرکت کرنے سے تکلیف میں افاقہ ہوتا ہے (لائیکوپوڈیم۔ فیرم میٹ) — پلساٹیلا



حرکت سے باتی کے درد بڑھ جائیں لہٰذا مریض خاموشی سے لیٹا رہے۔ بعض اوقات درد کی شدت مریض کو حرکت پر مجبور کر دیتی ہے۔ — برائی اونیا

## دل

باتی کے دردوں میں دل بھی متاثر ہو جائے۔ تیز بخار بھی موجود ہو۔ — کالیا

## رُخ

باتی کی اور گٹھیاوی دردیں نیچے والے اعضاء سے اُوپر والے اعضاء کی طرف جائیں۔ (کالیا۔ کالوفائیلم مزمن باتی کی دردیں۔) — لیڈم پال
باتی کی دردیں اُوپر والے اعضاء سے نیچے والے اعضاء کی طرف جائیں (لیکیس) — کالیا
باتی کی دردیں اُوپر سے بائیں ہاتھ کی طرف چلیں۔ — کالیا۔ رسٹاکس
باتی کی دردیں اُوپر والے اعضاء سے شروع ہوں — لیکیس
جسم کے آر پار سفر کرنے والے باتی کے درد۔ مثلاً ایک دن دایاں بازو متاثر ہوتا ہے اور دوسرے دن بایاں اور تیسرے دن پھر دایاں۔ — لیک کانم

## موسم، گرمی، سردی

موسم کی تبدیلی سے دردوں میں اضافہ ہو جائے۔ — لیڈم
کلکیریا۔ کلکیریا فاس۔ روڈوڈنڈران۔ کالیا
سرد موسم میں باتی کے درد جو کہ بہار میں ٹھیک ہو جائیں اور خزاں میں پھر نمودار ہو جائیں۔ — کلکیریا فاس
نم آلود موسم میں تکالیف بڑھ جائیں — فائٹولیکا
نمدار، سرد اور طوفانی موسم میں دردوں میں اضافہ ہو جائے۔ روڈوڈنڈران — رسٹاکس
ٹھنڈے مرطوب موسم میں تکالیف بڑھ جائیں۔ رسٹاکس — نکس موشکاٹا

گرمی سے دردوں میں اضافہ، کھلی ہوا اور ٹھنڈک سے افاقہ — پلساٹیلا۔ کالی سلف
گرمی سے تمام دردوں اور علامات میں افاقہ — رسٹاکس
باتی کے درد کو گرمی سے افاقہ — کالی باتی
دردوں کو گرمی سے افاقہ۔ مریض پاؤں کو ہر وقت لپیٹ کر رکھتا ہے — سلیشیا

دردیں جب برف پگھل رہی ہو۔ — کلکیریا فاس
درد خشک ٹھنڈی اور یخ ہوا سے پیدا ہوں۔ — ریکونائٹ۔ کاسٹیکم
دردوں کے ساتھ مریض سخت سردی محسوس کرے۔ — لیڈم پال۔ سلیشیا

نمدار ٹھنڈک کے لگ جانے سے باقی کی دردیں ہو جائیں۔ گردن اکڑ جائے
کمر میں درد ہو جائے یا بازو شل ہو جائے
دردوں میں سردی سے زبردست افاقہ۔ تین پاؤں ٹھنڈے پانی میں رکھتا ہے۔ ڈیکامارا
ریڈم پال

**وقت**

شدید درد جو حرکت کرنے سے اور رات کے وقت بڑھ جائیں — لیڈم پال
رات کے وقت تکالیف میں اضافہ — لیڈم پال۔ سلیشیا۔ مرک سال
درد سے شدید بے چینی صرف رات کے وقت — کاسٹیکم
درد سے شدید بے چینی ہر وقت — رسٹاکس
شام کے وقت دردوں میں اضافہ — پلساٹیلا۔ کالی سلف

دردوں میں ہر دوسرے دن شدت ہو جائے۔ — چائنا

**متفرق**

باقی کی دردیں خصوصاً گوشت کی پھلیوں میں جن کی وجہ سے تمام جسم دکھتا ہے
دردیں چوتڑ سے رانوں میں جاتی ہیں۔ گردن اکڑ جاتی ہے۔ سر پیچھے کی طرف
کھچ جاتا ہے اور حرکت ناممکن ہو جاتی ہے۔ مرطوب موسم میں تکلیف زیادہ
ہو جاتی ہے۔ — سم سی فیوگا
باقی کی دردوں کے ساتھ تمام جسم زبردست گرم، چہرہ سُرخ اور گرم۔ مریض
جب بستر میں لیٹا ہو تو بالکل حرکت نہ کرے کیونکہ حرکت کرنے سے اُسے سخت
سردی لگے۔ — نکس وامیکا

باقی کی دردیں اور گٹھیا۔ جب کھانے کی خوشبو سے شدید متلی پیدا ہو جائے۔
اور غذا سے شدید نفرت ہو۔ — کاپسیکم

صرف برف والے پانی میں پاؤں رکھنے سے دردیں افاقہ ہو (سیکیل کار) — لیڈم

باقی کے درد کے ساتھ شدید کمزوری (کالچیکم) — کالیا

دردوں کے ساتھ اعضاء سُن ہو جائیں۔ درد گرمی سے بڑھے لیکن سردی یا ٹھنڈک
سے افاقہ نہ ہو۔ — کیمیلا

درد کی شدت سے مریض ہذیان کا شکار ہو جائے — دریٹرم البم



# بداثرات

بداثرات

## اخراجات و رطوبات

رطوبات جسمانی خصوصاً خون کے ضائع ہو جانے کے بُرے اثرات
چائنا۔ فاسفورک ایسڈ۔ کاربو ویج۔ چائنا سلف۔ کاسٹیکم۔ فاسفورس — سورینم۔ کالی کارب
جسمانی رطوبات خصوصاً خون وغیرہ کے ضائع ہو جانے۔ ماں کا بچے کو زیادہ
دودھ پلانے یا کثرت اسہال یا پیپ کے خارج ہو جانے کے بُرے اثرات — چائنا
اخراجات کے دب جانے کے بُرے اثرات۔ — پلساٹیلا
پسینہ کے دب جانے کے بُرے اثرات۔ — اگیموناتھ

## ادویات

ادویات ایلوپیتھک کے کثرت استعمال کے بداثرات — نکس وامیکا
پارہ استعمال کرنے کے بعد کے اثرات۔ ہیپر۔ نائٹرک ایسڈ — ارجنٹم میٹ
فولاد کے بداثرات — پلساٹیلا
کونین کے استعمال کے بُرے اثرات یہ دوا اس کے زہر کو کاٹتی ہے۔ — نیٹرم میور۔ نیٹرم سلف
کونین کے بے جا استعمال سے لرزہ دار بخار — آرسنک البم
کونین کے غلط استعمال سے تلی کی تکلیف پیدا ہو جاتے — چائنا
پسینہ پاؤں کا دب جانے سے اکثر علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔ کیمپر۔ گرافائٹس۔ سورینم — پلساٹیلا

**گیس**

زہریلی گیس دیا گئی سڑی لاشوں یا مجرار کے تعفن سے پیدا شدہ بداثرات — پائیرو جینم
کوئلہ کی گیس کے بُرے اثرات۔ (امونیا کارب۔ آرنیکا) — بووسٹا

**ٹیکہ**

ٹیکہ لگنے سے پیدا ہونے والے بُرے اثرات، یعنی جب سے ٹیکہ لگا ہو — سلیشیا۔ انتھ ٹارٹ
اس کے بعد تندرست نہ رہا ہو۔ ٹیکہ سے اسہال — تھوجا۔ میلنڈریم
ٹیکہ کے بُرے اثرات — سلفر
چیچک کے ٹیکے کے اور چیچک کے بعد کے بُرے اثرات — سلیشیا۔ تھوجا

**امراض**

آتشک اور پارہ کے بداثرات — نائٹرک ایسڈ
خسرہ کے بداثرات — پلساٹیلا۔ کافیا۔ کیمفر
خسرہ کے بعد کے اثرات کے طور پر بے خوابی — کافیا
سوزاک کی زہر کے دب جانے سے اور سوزاک کے غلط علاج کے اثرات — تھوجا۔ میڈورینم

| | |
|---|---|
| سوزاک کی زہر کے دب جانے کو اور دبے ہوئے سوزاک کو باہر نکالتی ہے | میڈورینم اگنس کاسٹس |
| کسی بھی گزشتہ بیماری کے بداثرات (چائنا۔ فاسفورس۔ سورینم) | کاربوویج |
| امراض کے دب جانے کے بُرے اثرات۔ جلپی وغیرہ | سلفر |
| ٹائیفائیڈ کے بداثرات جو ابھی تک باقی ہوں۔ | کاربوویج۔ سورینم |

## جذبات

| | |
|---|---|
| غصّے کے بداثرات برائی اونیا۔ کالوسنتھ۔ کیموملا | سنتفی سائیگریا |
| غصّے کے بداثرات یا غصّے کو پی جانے کے بُرے نتائج | سنتفی سائیگریا |
| شدید غصّے کی وجہ سے علامات پیدا ہوں جیسے قولنج وغیرہ۔ اسہال، ماہواری دب جانا۔ | کالوسنتھ برائی اونیا |
| شدید غصّے کے بداثرات خصوصاً لرزہ اور بخار نمودار ہو جائے | کیموملا |
| رنج و غم میں لمبے عرصے تک مبتلا رہنے سے مریض پر ذہنی اور جسمانی نقاہت طاری رہے۔ رنج و غم میں زیادہ عرصہ غرق رہنے کے بداثرات (فاسفورک ایسڈ) | اگنیشیا۔ کاسٹیکم۔ ناسوڈیا آرم میٹ۔ گلکیریا فاس |
| غم کے بُرے اثرات سے خواہ کوئی مرض پیدا ہو جائے۔ لمبی لمبی آہیں بھرے۔ اگنیشیا کے کام نہ کرنے پر۔ | اگنیشیا |
| مریض غم میں غرق رہے اور اُسے زندگی میں کوئی دلچسپی نظر نہ آئے۔ بال سفید ہو جائیں اور گرنے لگیں مثلاً کسی عزیز، دوست یا محبوب کی جدائی، جائیداد یا مال کا نقصان، عہدہ میں تنزلی وغیرہ۔ | نیٹرم میور۔ فاسفورک ایسڈ |
| غم کے بُرے اثرات اور محبت میں ناکامی (کافیا۔ اگنیشیا۔ ہائیوسائمس، انٹم کروڈ) | فاسفورک ایسڈ |
| غم اور ناکام محبت کے بُرے اثرات (آرم میٹ، اگنیشیا، فاسفورک ایسڈ) | گلکیریا فاس |
| ڈر کے بداثرات ایکونائیٹ، | گلکیریا فاس |
| ڈر، خوف، خوشی، اچانک پیش آجانے کے بداثرات۔ جیلسیمیم۔ کاسٹیکم | اوپیم۔ ہائیوسائمس |
| حیران یک دم ہو جانے یا خوشی کی اچانک خبر سن لینے کے بُرے اثرات | کافیا۔ (خوشی) |
| بُری خبر کے بُرے نتائج | کافیا |
| | جیلسیمیم |



| | |
|---|---|
| سوچ بچار زیادہ کرنے سے سر درد ہو جائے۔ زیادہ توجہ مرکوز کرنے سے سر کی تکالیف (ارجنٹم نائٹ) | سبا ڈیلا |

## جسمانی کام کاج کی زیادتی

| | |
|---|---|
| زیادہ تر بیٹھے بیٹھے کام کرنے اور ورزش نہ کرنے کے بداثرات | نکس وامیکا |
| باریک بینی کے بُرے اثرات | روٹا |
| معمولی دماغی کام نہ کر سکے کیوں کہ سر درد ہو جائے (ارجنٹم نائٹ۔ سبا ڈیلا) | نیٹرم کاربونیکم |
| زیادہ دماغی کام کر لینے سے جسمانی اور ذہنی نقاہت (نائٹرک ایسڈ۔ کیوپرم۔ گاکوس) | نکس وامیکا |
| زیادہ وزن اُٹھانے یا زیادہ تھک جانے گر پڑنے کے بداثرات | بی فولیم |

## جنس

| | |
|---|---|
| جماع کی کثرت کے بُرے اثرات (پکرک ایسڈ۔ اگر کیس۔ سنتفی سائیگریا) | فاسفورک ایسڈ |
| کثرت مباشرت کی وجہ سے فالج ہو جائے۔ | نیٹرم میور |
| کثرت مباشرت کی وجہ سے ریڑھ کی ہڈی میں تکلیف پیدا ہو جائے۔ | اگر کیس |
| مشت زنی کے بُرے اثرات سنتفی سائیگریا | فاسفورک ایسڈ |
| جماع کی خواہش کے دب جانے کے بُرے اثرات۔ زندگی بھر کنوارا رہنے کی تکالیف۔ | کونیم |

## کھانا، پینا

| | |
|---|---|
| پُرخوری کے بداثرات | انٹم کروڈ۔ نکس وامیکا |
| عیاشی کی زندگی بسر کرنا۔ (اگر کیس۔ لوبیلا) | نکس وامیکا |
| خورد و نوش کثرت سے مسالہ دار غذا کھاتے۔ عیش و عشرت کی زندگی بسر کرنا | نکس وامیکا |
| چائے کے بُرے اثرات۔ چائے پینے سے تمام تکالیف میں اضافہ ہو جائے۔ (تھوجا۔ کیلینم) | نکس وامیکا |
| کھٹی اشیاء کھانے کے بداثرات | انٹم کروڈ |
| میٹھی چیزیں کھانے سے گلے کا درد بڑھ جائے | اسپنجیا |
| نمک کے زیادہ استعمال کے بداثرات | نیٹرم میور۔ فاسفورس |
| باسی مچھلی یا سبزی کھانے کے بداثرات (کاربوویج۔ کاربولینکس۔ ایم میورا) | آرسنک البم |
| آئس کریم، برف کا پانی، پھل، تمباکو چبانے اور شراب کے بداثرات کھانے بُرے تکالیف بڑھ جائیں۔ | کالیکم |

## سونا، جاگنا، نہانا دھونا، جل جانا

نیند کے ضائع ہو جانے یا رات کو پہرہ دینے کی وجہ سے پیدا ہونے والے بداثرات۔ — کاکولس۔ اگیشیا — کاسٹیکم

زیادہ عرصے تک جاگنے کے بُرے اثرات۔ ایک دو گھنٹے کی نیند کم ہو جانے سے مجمل علامات پیدا ہو جائیں۔ (نکس وامیکا) — کاکولس

ٹھنڈے پانی میں نہانے سے تکالیف بڑھ جائیں، جھیل یا دریا میں زیادہ دیر تک نہانے سے خرابی۔ — رسٹاکس، سلفر

نہانے کے بُرے اثرات دریا میں نہانے سے سردرد۔ — انٹم کروڈ

کپڑے دھونے سے تکالیف پیدا ہو جائیں۔ اسے دھوبن کی دوا کہتے ہیں۔ — سیپیا

جل جانے کے بُرے اثرات۔ نیز جل جانے سے گہرے زخم پیدا ہو جائیں — کاسٹیکم

## نشہ آور اشیا کا استعمال

تمباکو نوشی کے بداثرات — نکس وامیکا — کیلیڈیم

تمباکو نوشی سے دل کا دھڑکنا اور نامردی ہو جانا — فاسفورس

تمباکو نوشی کی زبردست خواہش ختم کرنے کے لیے ۲۰۰ یا ۱۰۰۰ طاقت میں — ٹیبیکم

تمباکو چبانے کے بُرے اثرات۔ — آرسنک البم، — وریٹرم البم

تمباکو چبانے سے شدید ہچکی لگ جائے — اگنیشیا

تمباکو کے دھوئیں سے شدید نفرت ہو اور یہ تمام علامات دیر تک رہیں — اگنیشیا

تمباکو یا افیون کے بکثرت استعمال سے اعصابی کمزوری ہو جائے تو درست کرتا ہے — میورٹیک ایسڈ

تمباکو سے دانت میں درد ہو جائے — کلیٹس، پلاٹینکو

شراب، کافی، چائے، تمباکو کے بداثرات — نکس وامیکا

شراب نوشی کے بُرے اثرات — خصوصاً شرابیوں کے سردرد کے لیے بہت اچھی دوا ہے۔ — ایگریکس

شراب نوشی کے بُرے نتائج۔ — آرسنک البم

افیون کھانے کے بُرے اثرات — وریٹرم البم

## جلدی دانے، اُبھاریں

جلدی ابھاروں کے دب جانے سے مزمن بیماریاں ظاہر ہو جائیں — سلفر، سوریئم کاسٹیکم

جلدی ابھاروں کے دب جانے سے دمہ ہو جاتے۔ — سوریئم، ہیپر سلفر



جلدی ابھاروں کے دب جانے سے مرگی ہو جائے — سلفر، سوریئم ایگریکس

جلدی ابھاروں کے دب جانے کے بداثرات، جبکہ ٹیپر بچہ کم ہو جو کہ والوں کے دبنے کا ثبوت ہے۔ — زنکم میٹ

جلدی ابھاریں یعنی خسرہ، چھپاکی وغیرہ کے دب جانے کے بُرے اثرات — ایپس میلیفیکا

جلدی ابھاروں کے دب جانے یا خوف کی وجہ سے رعشہ ہو جائے۔ — زنکم میٹ

اگزیما کے دب جانے کی وجہ سے اگر دمہ، نمونیا یا پھیپھڑوں کی تکلیف ہو جائے — آرسنک البم

## چوٹ، ضرب، زخم

پرانے زخموں، چوٹوں اور ضربات کے بداثرات — کاربو ویج

زخموں کے بُرے اثرات خواہ یہ زخم کئی سال پہلے لگے ہوں — آرنیکا

زخم و ضرب کے بُرے نتائج جبکہ کسی جگہ سے خون نکل آئے اور آرنیکا کام نہ کرے۔ — ہی فولیم

زخم کے صدمے کے بُرے اثرات، چہرہ بے رنگ، نیلا، جسم ٹھنڈا — کیمفر

زخم ابھلنے اور گرپڑنے کے بُرے اثرات، سر پر چوٹ — نیٹرم سلف

مشین سے پیدا ہونے والے زخموں کے بُرے اثرات سے نقاہت وغیرہ۔ — سلفیورک ایسڈ — ایسک ایسڈ

کسی واحد پٹھے یا جوڑ میں تناؤ یا موچ کے بُرے اثرات۔ زیادہ بوجھ اٹھانے یا اونچی چیزوں تک پہنچنے کے لیے بدن کو اوپر پھیلانے کے بُرے اثرات — رسٹاکس

غدودوں پر چوٹ لگ جانے کے بُرے اثرات، غدودوں کی سختی، سوجن — کونیم

ہڈیوں پر چوٹ لگ جانے کے بُرے اثرات — کلکیریا فاس

## موسم، گرمی، سردی، دھوپ، ہوا

سرد مرطوب موسم سے پیدا ہونے والی تکالیف۔ گرم موسم کے یکدم سرد ہو جانے سے تکالیف گرم سرد ہونے کے بداثرات — ڈلکامارا

نمدار موسم، نمدار جگہوں، سمندری ہوا اور علیرا کے بداثرات — نیٹرم سلف

گرمی خصوصاً سورج کی گرمی میں تمام جسم نقاہت کا شکار ہو جائے — گلونائین

نیٹرم کارب۔ لیکیس۔ برائی اونیا۔ نیٹرم میور۔ انٹم کروڈ۔ جیلسیمم۔

| | | |
|---|---|---|
| | لو لگ جانے یعنی سن سٹروک کے پرانے اثرات۔ دھوپ میں چلنے سے سر درد | نیٹرم کارب |
| | سن سٹروک کے پرانے اثرات۔ دھوپ برداشت نہ کر سکے۔ | لیکیس |
| | سن سٹروک یا کسی دوسری حرارت مثلاً آگ کے سامنے زیادہ عرصہ بیٹھنے یا سو جانے کے بداثرات۔ | گلونائین |
| | گرم موسم میں ٹھنڈے چشموں پر بیٹھنے کے برے اثرات | نکس وامیکا |
| | ٹھنڈی ہوا میں سواری کرنے کے بداثرات۔ ایکونائٹ۔ بیلاڈونا۔ برائی اونیا | رسٹاکس۔ ہیپر سلفر |
| | سر و خشک ہوا لگ جانے کے بداثرات | ایکونائٹ |
| | سر کو ٹھنڈی ہوا کے لگ جانے کے بداثرات | سیلیشیا |
| | گیلا ہو جانے کے برے اثرات۔ جبکہ موسم بہت گرم ہو۔ نمدار زمین پر بیٹھنے کے برے نتائج۔ | رسٹاکس |
| | گرمی یا زیادہ حرارت کا شکار ہو جاتے | کاربو ویج۔ انٹم کروڈ |
| متفرق | عمل گر جانے یا قبل از وقت زچگی کے بداثرات | سبائنا |
| | تیز خوشبو کے برے اثرات | کافیا |
| | گرد و غبار سے اٹے پتھر کوٹنے والوں کی تکلیف | سلیشیا |
| | سفر دریا، جہاز وغیرہ سے پیدا شدہ تکلیف | پٹرولیم۔ کاکوس ہیکی کیولا |
| | شور و غل کے برے اثرات | لائیکوپوڈیم۔ انٹم کروڈم۔ بوریکس۔ نیٹرم میور |



# بچے

ہومیو پیتھک طریقہ علاج میں بچوں کے لیے تجویز نسخہ کے کوئی علیحدہ قوانین نہیں ہیں جس طرح سخت بے چینی کی صورت میں ہم بڑوں کو ایکونائٹ، آرنیکا یا رسٹاکس وغیرہ دیتے ہیں اسی طرح بچوں کو بھی دیتے ہیں۔ اس باب کی ضرورت اس لیے محسوس کی گئی ہے کہ بچے اپنی علامات زبان سے تو بیان نہیں کر سکتے لہٰذا نمایاں ترین علامات کو درج کر دینا مقصود ہے تاکہ علامات کے بیان نہ کر سکنے کی کمی کو پورا کیا جا سکے۔

## جسمانی بناوٹ

| | |
|---|---|
| ڈبلے پتلے بچے جن کے سر اور پیٹ جسم کے دوسرے حصوں سے بڑے ہوں تالو کھلا، سر کی ہڈیاں الگ الگ ہوں، مرجھایا ہوا چہرہ، بڈھوں کی طرح نظر آئیں۔ | سلیشیا |
| پتلے کمزور اور سوکھے ہوئے بچے۔ پھولا ہوا پیٹ۔ کھڑے نہ ہو سکیں چلنا پھرنا دیر سے سیکھیں۔ | کلکیریا فاس |
| بچے جن کو بیماری نے نچوڑ کر رکھ دیا ہو اور وہ بوڑھے آدمیوں کی طرح نظر آئیں بولنے، چھوٹے، بیمار اور جسمانی طور پر کمزور لیکن سر خوب بڑے ہوں | ارجنٹم نائیٹریکم لائیکوپوڈیم سٹفی سائیگیریا |
| ڈبلے پتلے جن کا پیٹ پھولا ہوا ہو اور اکثر قولنج میں مبتلا رہتے ہوں۔ | |
| موٹے پتلے بچے جن کے سر پر پسینہ بکثرت آئے خصوصاً سوتے وقت اس قدر پسینہ آتا ہے کہ تکیہ بھیگ جاتا ہے تمام جسم سے کھٹی بو۔ پاؤں ٹھنڈے۔ مٹی کھانے کی رغبت۔ | کلکیریا کارب |

## جسمانی نشوونما میں کمی، سوکھا پن

| | |
|---|---|
| بچہ غذا ہضم نہ کر سکنے کی وجہ سے سوکھتا جائے۔ رنگ برنگ کے اسہال مگر پلسا ٹیلا کام نہ کرے۔ | سلیشیا |
| سوکھا پن۔ تمام ہڈیاں کمزور جس کی وجہ سے بچہ سیدھا نہیں بیٹھ سکتا۔ تالو کھلا رہتا ہے یا بند ہو جانے کے بعد پھر کھل جاتا ہے۔ گردن پتلی اور کمزور لہٰذا بچہ سر کو نہیں سنبھال سکتا اور سر لڑھکتا رہتا ہے۔ پیٹ پلپلا اور اندر کو | |

دھنسا ہوا۔ سوکھاپن اور دانت نکالنے کی تکالیف۔ جس عورت نے سوکھا پن والے بچے جنے ہوں اُسے دورانِ حمل یہ دوا دینی چاہیئے — کلکیریا فاس

ہڈیاں کمزور۔ بچہ دیر کے بعد چلنے پھرنے پر قادر ہوتا ہے کمزور ہڈیوں کی وجہ سے ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں۔ دانت دیر سے نکلتے ہیں۔ خدوخال بھدے ہوتے۔ — کلکیریا کارب

بچہ ذہنی اور جسمانی دونوں لحاظ سے کمزور ہو۔ بونے بچے جن کا ذہن اور جسم نشوونما نہیں پاتا۔ ہر مرتبہ سردی لگ جانے پر لوزِ نمین سوج جاتے ہیں خدوخال کے سوجنے کا میلان۔ — ہیپر ٹیا کارب

بیمار، بونے، چھوٹے اور کمزور بچے جو جسمانی لحاظ سے کمزور لیکن ذہنی طور پر اچھے ہوں ڈبلے پتلے سوکھے ہوئے بھری دار بچے جو ننھے منے بوڑھے معلوم ہوتے ہیں تمام جسم سوکھ جائے لیکن پیٹ بڑھے بھوک ہو لیکن خوراک جزو بدن نہ بنے — لائیکوپوڈیم

سٹیفیا، نیٹرم میور [سلفر، کلکیریا، آئیوڈم

سٹہ یہ بھوک اس کے باوجود جسم سوکھتا چلا جائے۔ — آئیوڈیم

اچھا خاصا کھاتا پیتا ہے لیکن پھر بھی سوکھتا جاتا ہے۔ — نیٹرم میور کلنم

سوکھا پن اُوپر سے نیچے والے اعضاء پر آتے اور نیٹرم میور، لائیکوپوڈیم — سینی کیولا

سوکھا پن، گردن بہت پتلی ہو (کلکیریا فاس)، اچھا خاصا کھائے مگر سوکھتا چلا جائے — نیٹرم میور

سوکھا پن۔ گردن پتلی، جلد بھدی دار اور تہ بہ تہ لٹکی ہوئی۔ — سارسپریلا

سوکھا پن میں پہلے گردن پتلی ہوتی ہے (نیٹرم میور، لائیکو) شدید بھوک بعد سوکھا پن (آئیوڈیم) — سینی کیولا

ٹانگیں پتلی اور سوکھی ہوئی اور اُوپر کا جسم موٹا دابرائنم، ارجنٹم نائٹ، — ایمونیا میور

بچوں کا سوکھا پن جو ٹانگوں میں نمایاں ہو۔ ٹانگیں سوکھ کر پتلی ہونی شروع ہو جائیں لیکن اُوپر کا جسم موٹا تازہ ہو۔ سوکھا پن کے ساتھ بھوک بھی زیادہ ہوتی ہے۔ بچہ کھاتا پیتا، ٹانگوں سے سوکھتا چلا جاتا ہے۔ — ابراٹینم

## چلنا، بولنا دیر سے سیکھیں

بچے چلنا دیر سے سیکھتے ہوں۔ اُن کے ٹخنے کمزور ہوتے ہوں۔ کلکیریا کارب اور کلکیریا فاس سلیشیا



ٹخنے کمزور۔ بچے جسم کا بوجھ نہیں سنبھال سکتے۔ — نیٹرم کارب سلیشیا کارباونیلس اگرکیس

بچے بولنا اور چلنا دیر سے سیکھیں۔ دماغی اور جسمانی ترقی رُک جائے۔

## مزاج

چڑچڑا اور غصیل بچہ (برائی اوینا)، رونا شروع کر دے تو چپ ہی نہ کرے جب تک کہ گود میں نہ اُٹھایا جائے۔ بچہ چاہے کہ اُسے ہر وقت اُٹھائے اُٹھائے پھریں۔ — کیموملا

غصہ ور، کینہ ور، چڑچڑا، بداخلاق، زود رنج، تند مزاج — نکس وامیکا سٹفی سانگیریا

چڑچڑا بچہ، اُٹھایا یا تھپکایا جانا پسند کرے۔ حساس جو نرس کو پیٹے۔ بدشکل — کیموملا۔ سانٹا

چڑچڑا بچہ جو چھوا جانا یا دیکھا جانا پسند نہیں کرتا۔ — انٹم کروڈ۔ سانٹا

سونے کے بعد جب بچہ اُٹھے تو بڑا بدمزاج ہو۔ — لائیکوپوڈیم

نرم مزاج بچہ جو جلد رو دے۔ — پلساٹیلا

## چیزیں مانگے اور ٹھکرا دے

بچہ چیزیں مانگتا ہے لیکن جب وہ اُسے دی جائیں تو لینے سے انکار کر دیتا ہے — سانٹا۔ برائی اونیا۔ سٹفی سانگیریا

بچہ کبھی ایک چیز مانگتا ہے کبھی دوسری۔ جب وہ اُسے دی جاتی ہے تو مسترد کر دیتا ہے۔ بچہ نہیں جانتا کہ وہ کیا چاہتا ہے۔ — کیموملا

بچہ چیزیں مانگتا ہے جب اُسے دی جائیں تو وہ حقارت سے اُٹھا پھینکتا ہے۔ — سٹفی سانگیریا

## نیند

بچہ نیند کے دوران تھوڑے تھوڑے وقفوں سے چونک اُٹھے یا بھڑکے تو بیٹھے — بیلاڈونا

نیند کے دوران بچہ تیز سی چیخ مارے۔ — سانٹا۔ ایپس

نیند کے دوران دانت پیسے اور نگلنے کا عمل جاری رکھے۔ — سانٹا

بچہ سوتے سوتے چیخ اُٹھے اور بھولے کے فرم کو پکڑ لے۔ اگر چارپائی پر ہو تو نرس سے چمٹ جائے جیسے وہ سخت ڈر گیا ہو (ایپس۔ بیلاڈونا۔ سانٹا سٹرامونیم، جلیسیم)

سونے کے بعد جب اُٹھے تو بہت بدمزاج ہو — بورکس

بچہ تمام دن ٹھیک ٹھاک رہے لیکن رات کے وقت چیخنے چلانے بے چین ہو اور تکلیف میں رہے۔ — لائیکوپوڈیم

جلاپا

## متفرق تکالیف

| | | |
|---|---|---|
| قولنج | میگ فاس. کیموملا. کالوسنتھ. اور | سنفی سانگیریا |
| قبض | ایلومینا. انا کارڈیم. بیپیا. سیلیشیا اور | ورٹیرم البم |
| ہیضہ | بسمتھ. ورٹرم البم اور | کریازوٹ |
| جسم سے کھٹی بُو آئے | ہیپر سلفر. کلکیریا کارب. میگ کارب. ہیوم | سلفیورک ایسڈ |
| جسم سے ناگوار سی بو آئے | | سورینم |
| بچہ رات کو کپڑا اتار پھینکے. سلایا جانا پسند نہ کرے | | سلفر |
| بچہ وہ لفظ دہرائے جو اس سے کہا جائے. | | زنکم |
| بچہ رات کو ڈرے (کالی برومم) | | کالی فاس |
| سر پر پسینہ بکثرت آئے | | کالکیریا کارب سیلیشیا |
| | | سینی کیولا |
| آنکھوں کے ارد گرد سیاہ حلقے. بچہ ناک میں انگلی پھیرے | | سانٹا |
| ٹھنڈے پاؤں. مٹی کھانے کی رغبت. جلدی تھک جانے والا جس کا سانس جلدی پھول جاتے. | | کلکیریا کارب |
| منہ میں چھالے. پیچے کی طرف حرکت سے ڈرے. | | بورکس |



# بخار

بخار

## بخار کی عام حالتیں

شدید بخار شدید بے چینی. کروٹ پر کروٹ. چپ چاپ نہ لیٹا جائے شدت کی پیاس. یکدم شدید تکالیف. غنودگی. پکڑ. جلد گرم اور خشک. چہرہ سرخ یا سرخ اور سفید یکے بعد دیگرے. شام اور رات کے وقت تیزی موت کا خوف. — ایکونائٹ

جب ایکونائٹ کی علامات موجود ہیں اور ایکونائٹ پسینہ لانے میں ناکام رہے بخار میں سرگرم. چہرہ اور آنکھیں سُرخ. شدید دھڑکن دار سر درد. پاؤں ٹھنڈے — سلفر

بخار میں پیاس. مریض ہر گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ کے بعد گلاس نیم گرم پانی پیتا ہے. قبض، زبان سفید. حرکت کرنے سے تکلیف بڑھ جاتے (بخار میں ہائمن اعظم رسٹاکس اور برائی اونیا باری باری بھی دیا کرتے تھے) — بیلا ڈونا

بخار کے ساتھ متلی اور قے مسلسل۔ — برائی اونیا

بخار میں پسینہ بکثرت آئے لیکن تکلیف میں افاقہ کی بجائے اضافہ ہو منہ میں رال شدید پیاس۔ — اپی کاک

بخار شام کے وقت تیز ہو منہ خشک لیکن پیاس نہ ہو۔ — مرک سال

بخار میں بے چینی. کروٹ پر کروٹ. حرکت کرنے سے تکلیف میں افاقہ — پلساٹیلا

بخار مسلسل بچوں میں جو عموماً موسم گرما کی تمازت سے ہو. — رسٹاکس

بخار، سوزش کا پہلا درجہ جب کہ مریض میں خون کی کمی ہو۔ — جیلسیمیم

— فیرم فاس

**بے چینی** بے چینی. کروٹ پر کروٹ. بخار میں جلد خشک اور گرم. شدت کی پیاس انتہائی بے چینی. شدید نقاہت. مریض ایک جگہ سے دوسری جگہ اور ایک چارپائی سے دوسری تک جانا چاہے. — ایکونائٹ ہسلفر

بے چینی شدید. متواتر بے آرامی. کروٹ پر کروٹ بدلے. زبان کی نوک مثلث نما سُرخ — آرسنک البم

— رسٹاکس

**غنودگی، سُستی** سستی، غنودگی، مدہوشی. نشہ کی سی کیفیت. مریض حرکت کرنا پسند نہ کرے. پیاس بالکل نہ ہو۔ — جیلسیمیم

غنودگی۔ بخار میں جواب دیتے دیتے غنودگی پیدا جائے۔ — آرنیکا
غنودگی، مدہوشی، نیند کے دوران جھٹکے اور پھڑکنیں، پیاس کم یا بالکل نہ ہو — بیلاڈونا
بخار کے دوران مریض مخبوط الحواس ہو جاتے۔ زبان کی نوک مثلث نما سرخ — رسٹاکس

## ڈر، خوف

بخار میں موت کا خوف — ایکونائٹ
خیالی چیزوں کا خوف۔ مریض پانی سے خوف کھاتے۔ — بیلاڈونا
موت کا ڈر۔ مریض دوا کا استعمال فضول سمجھتا ہے کیونکہ مرض کو لاعلاج سمجھتا ہے۔ — آرسنک البم

**ہذیان** ہذیانی کیفیت۔ مریض خیالی چیزوں کے خوف میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ — بیلاڈونا
خفیف سا ہذیان جس میں مریض بڑبڑانا شروع کر دیتا ہے — رسٹاکس
ہذیانی حالت مریض خیالی ریوڑ کی طرف ہاتھ بڑھاتا ہے اور بستر کی چادر نوچتا ہے۔
(ڈاکٹر نیش، ہانیمان رسٹاکس اور ہامنن رسٹاکس اور برائی اونیا باری باری دیتے تھے) — ہانیموسائمس

## وقت نمایاں ہو سردی صبح 7 بجے — پوڈوفائلم

سردی صبح 7 بجے سے 9 بجے تک — یوپٹیوریم پرف
لرزہ دار بخار 10 بجے یا 11 بجے صبح اور الرژک درجہ میں نہ دی جائے بلکہ ختم ہونے کے بعد دی جائے۔ — نیٹرم میور
بخار کی شدت 11 بجے صبح یا 11 بجے رات — لیکیسس
سردی ایک بجے سے 2 بجے رات یا ایک سے 2 بجے بعد دوپہر — آرسنک البم
لرزہ 3 بجے بعد دوپہر (اگنیشیا) — ایپس
تکالیف میں اضافہ 3 بجے صبح یا 3 بجے بعد دوپہر — تھوجا
سردی 4 بجے بعد دوپہر — لائیکوپوڈیم
رات بخار تیز ہو جائے۔ — انتم کروڈ

**حرکت** حرکت کرنے سے تکالیف میں اضافہ ہو۔ چپ چاپ لیٹنا پسند کرے۔ اٹھنے پر غشی کی سی کیفیت طاری ہو جائے۔ — برائی اونیا
مریض حرکت کرنا پسند نہ کرے — جیلسیم



مریض متواتر حرکت کرتا رہتا ہے۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ، ایک بستر سے دوسرے بستر میں جاتا چلا جائے — آرسنک البم
حرکت کرنے سے بخار کی تکالیف میں افاقہ ہو۔ — رسٹاکس

**پسینہ** بکثرت پسینہ آئے لیکن پسینہ سے تکالیف میں افاقہ کی بجائے اضافہ ہو — مرک سال
منہ سے رال بہے۔ — بیلاڈونا
بخار میں جلد بہت گرم لیکن پسینہ جسم کے مختلف ڈھکے ہوئے حصوں پر ہو — ایپس
بخار میں پسینہ اور جلد کی خشکی ادلتے بدلتے رہیں۔ — کیموملا
شدید بخار جس میں سر پر پسینہ موجود ہوتا ہے۔ — پوڈوفائلم
ملیریا میں پسینہ کے درجے میں نیند آجائے۔

**پیاس** شدید پیاس، بے چینی، کروٹ پر کروٹ (سلفر) جلد خشک — ایکونائٹ
شدید پیاس، بخار کے ساتھ مریض ہر گھنٹے دو گھنٹے کے بعد ایک دو گلاس پانی پی لیتا ہے۔ — برائی اونیا
شدید پیاس، گھونٹ گھونٹ پانی پیئے، شدید بے چینی، شدید نقاہت — آرسنک البم
شدید پیاس ٹھنڈے پانی کی، گلا خشک، منہ میں بکثرت رال — مرک سال
پیاس شدت اختیار کر جائے جبکہ بخار رات کے وقت بڑھ جائے۔ — انتم کروڈ
زبان دودھ کی مانند سفید۔ — نیٹرم میور
پیاس، ہونٹوں کے کناروں پر آبلے۔

لرزہ دار بخار کے ساتھ ہمیشہ پیاس ہو (اگنیشیا) بخار 3 بجے بعد دوپہر — ایپس
سردی لگنے کے بعد فوراً پسینہ اور پسینہ کے فوراً بعد شدید پیاس — لائیکوپوڈیم
سردی لگنے سے پہلے شدت کی پیاس جس سے لیض سمجھ لیتا ہے کہ سردی لگنے والی ہے حرارت کے درجے میں بھی بہت پانی پیتا ہے۔ — یوپٹیوریم پرف
سردی کے درجے سے پہلے اور بعد میں پیاس اور پسینہ کے درجے میں پیاس سردی اور گرمی کے درجے میں پیاس نہیں ہوتی — چائنا
سردی کے درجے میں چہرہ سرخ اور پیاس، گرمی کے درجے میں پیاس غائب — اگنیشیا
ہر بار پانی پینے سے سردی لگ جاتے — کیپسیکم

پیاس بالکل نہیں لگتی قبض — جیلسیم

پیاس نہیں لگتی حالانکہ زبان خشک ہوتا ہے۔ شام کے وقت بخار، سردی کا احساس — پلساٹیلا

**سردی/لرزہ** لرزہ دار بخار کی راہنما ادویات — چائنا۔ یوپیٹوریم پرف۔ اگنیشیا — کیپسیکم، ایکونائٹ

بخار میں بہت سردی محسوس ہو۔
ہر قسم کے بخار میں بہت سردی محسوس کرے۔ بخار میں اُوپر سے کپڑا اتارے، حتیٰ کہ ہلنے جلنے پر بھی بہت سردی لگتی ہو۔ چہرہ بہت سُرخ — نکس وامیکا
جسم کے اندر سردی اور لرزہ کا احساس ہو جو شام کو شروع ہوا اور رات کو بڑھ جائے۔ سردی اور حرارت کا احساس باری باری۔ ایسی کیفیت جسم کے واحد حصہ میں ہو۔ — مرک سال
سردی کا احساس شام کے وقت۔ بخار میں پیاس نہ ہو۔ منہ خشک، سردی کا احساس نمایاں ہو۔ — پلساٹیلا

## سردی کا مقام آغاز

سردی پشت سے شروع ہو۔ — یوپیٹوریم پرف لیکیس
سردی پشت میں کمر کے اردگرد سے شروع ہو — یوپیٹوریم پرف، نیٹرم میور
سردی دونوں کندھوں کے درمیان سے شروع ہو — کیپسیکم، سیپیا
سردی ران سے شروع ہوا اور اُس کے ساتھ خشک کھانسی ہو۔ — رسٹاکس

## سردی کے درجے میں

سردی کے درجے میں چہرہ آگ کی طرح سُرخ ہوا اور پیاس لگے۔ — فیرم میٹ
سردی کے درجے میں مریض اس قدر کانپتا ہے کہ اُسے تھامنا پڑتا ہے — جیلسیمیم

## متلی، قے

بخار میں متلی اور قے کی کیفیت انتہائی شدت سے پائی جاتی ہے۔ زبان صاف لیکن پیاس نہ ہو۔ — اپی کاک
لرزہ کے بعد کڑوے مواد کی قے — یوپیٹوریم پرف
باری کے بخار میں تفخ، ترش ڈکار، ترش قے — لائیکوپوڈیم

**درد دکھن** بخار میں ہڈیاں درد کریں، جسم میں درد یوں جیسے کسی نے مارا پیٹا ہو (آرنیکا، بیس، پائروجینیم) — یوپیٹوریم پرف



سر درد میں یوں محسوس ہو جیسے سر کن پٹیوں سے پھٹ جائیگا۔ قبض، دھرکن دار سر درد، آنکھیں سرخ۔ سر درد جو حرکت کرنے سے بڑھے۔ پاؤں ٹھنڈے۔ بخار رات کو تیز ہو جائے — برائی اونیا

جسم کے تمام اعضاء ہڈیوں اور کمر میں درد۔ تمام جسم میں نقاہت کا احساس مریض لیٹ جانا پسند کرے۔ لیکن خاموشی سے لیٹے رہنے سے تکالیف میں اضافہ ہو جائے۔ — بیلاڈونا

---

**متفرق** مریض حرارت کے دوران بہت باتیں کرے۔ بخار اور یرقان۔ جگر کے مقام کو ہاتھوں سے متواتر ملے۔ — رسٹاکس

ملیریا بخار جس میں جگر کی خرابی پائی جائے۔ صفراوی دست۔ یرقان۔ کڑوا ذائقہ۔ — پوڈوفائیلم

بخار کا یکدم حملہ اور کیڑوں کی علامات یعنی ناک میں انگلی ڈالنا، دانت پیسنا وغیرہ۔ — نیٹرم میور

مریض شام کو بخار میں سو جاتا ہے اور بخار اترنے پر جاگتا ہے۔ — سلف

سردی کے درجے میں خشک کھانسی اور گرمی کے درجے میں پھیپھڑوں کی — مائٹا

— کیلینڈم

— رسٹاکس

# بدبُو

بدبو

## شدید بدبُو دار اخراجات و رطوبات

تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبُو دار — کالی فاس، سورینم، پائرو جینم
کاربالک ایسڈ، میورٹیک ایسڈ، پٹیشیا، کاربو ویج، گریفائٹس۔ — آرسنک البم، کریازوٹ
تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبُو دار، اعضائی کمزوری بھی ہو تو مستند دوا ہے۔ — کالی فاس
تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبُو دار، جسم سے بدبو کا بھبھوکا، گلے سڑے گوشت کی مانند بدبو۔ — سورینم
تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبُو دار، تعفن، بخار میں بدبو دار پسینہ — پائرو جینم
تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبُو دار، تعفن، عورت کے اعضائے تناسلی سے بدبُو دار مادہ، سانس انتہائی بدبو دار — کاربالک ایسڈ
منہ میں نیلے رنگ کے زخم جن سے بہت بدبُو آتی ہے۔ رطوبات شدید بدبو دار — میورٹیک ایسڈ
تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبو دار، سخت بدبُو ریاح (اگر فیل ہو جائے تو کاربالک ایسڈ دیں) — کاربو ویج
تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبو دار منہ میں چھالے اور بدبُو — پٹیشیا
تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبو دار، بھورے رنگ کے پتلے دست جو بدبو دار ہوتے ہیں۔ — گریفائٹس
تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبُو دار تیزابی، جلن دار اور پھیلنے والے — آرسنک البم
تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبُو دار، جو تیزابی ہوتے ہیں۔ — کریازوٹ
تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبُو دار، خصوصاً پیشاب، پاخانہ اور پسینہ — نائٹرک ایسڈ
تمام اخراجات و رطوبات شدید بدبُو دار، خصوصاً بخاروں میں، ریاح گندے انڈوں کی مانند۔ — آرنیکا

**اسہال** : بدبو دار پتلے بلا ارادہ، ہوا خارج کرتے وقت بھی دست نکلیں۔ — میورٹیک ایسڈ
مردار کی طرح بدبُو دار اسہال، سیاہی مائل بھورے — سورینم
بدبو دار دست جو بھورے رنگ کے ہوں — گریفائٹیس
بدبو دار، بلا درد اسہال — سٹرامونیم
سخت بدبو دار سبز رنگ کے اسہال، پرزہ کی آواز سے خارج ہوں ساتھ بدبو دار ریح ہو۔ — کلکیریا فاس



**کھٹی بُو** : کھٹی بو تمام جسم سے آئے۔ — رہیوم، ہیپر سلفر، کلکیریا کارب، بیلیفورک ایسڈ — میگ کارب
کھٹی بُو والے اسہال پاخانے۔ — کلکیریا کارب، ہیپر سلفر۔ — میگ کارب
کھٹی بُو والے سبز رنگ کے پاخانے — میگ کارب
کھٹی بُو والے اسہال جو سبز رنگ کے نہیں ہوتے — رہیوم، ہیپر سلفر
کھٹی بُو۔ تیزابیت، کھٹاؤ الٹی — نیٹرم فاس

**پاخانہ** : بدبُو دار پاخانے — کالی فاس
بدبُو دار اور سیاہ — پائرو جینم
شدید بدبُو دار پتلے پاخانے جو خون کا ظہور یا پن ظاہر کریں — کروٹیلس

**پیشاب** : بُو شدید تیز، گھوڑے کے پیشاب جیسی — نائٹرک ایسڈ
بُو شدید تیزابی، تمام کمرے میں بُو بھی بُو، پیشاب کا رنگ گہرا بھورا — بنزائک ایسڈ
بُو شدید جس میں سُرخ رنگ کی برتن سے چپک جانے والی ریت تہ نشین ہو — سیپیا

**پسینہ** : شہد کی بُو پسینے سے آئے۔ — تھوجا
گندھک کی بُو پسینے سے آئے — فاسفورس
پیاز کی بُو بغل کے پسینے سے آئے۔ — بووسٹا

**سانس** : سانس بدبُو دار — کالی فاس، سورینم، اور — کاربالک ایسڈ
بلغم اور سانس بدبُو دار — سنگوینیریا

**کھانے کی بُو**

کھانے کی بُو سے تمام تکالیف میں زبردست شدت — کاربلیکم
کھانے کی بُو سے نفرت کھانے کو دیکھنا تک برداشت نہ کر سکے — سیپیا، نکس وامیکا
آرسنک البم، کاربلیکم،

# بستر

بستر

(لیٹنا بھی دیکھئے)

## بستر میں تکلیف کا بڑھنا

بستر کی گرمی سے علامات بڑھیں — میگ کارب۔ سورینم

رات کے وقت بستر کی گرمی سے درد بڑھے۔ مریض دُکھنے والے اعضا کو بستر سے باہر رکھنا چاہتا ہے۔ — مرک سال۔ لیڈم

درد میں شدید جو مریض کو بستر سے باہر نکل کر اِدھر اُدھر چلنے پر مجبور کریں۔ — فیرم میٹ۔ کیموملا

رات کو بستر میں دائیں کندھے اور بازو میں درد بڑھ جاتا ہے — سنگونیریا

## عجیب احساسات و حرکات

سوتے سوتے بستر کی چادر پر سے کچھ چنتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ — اوپیم

بستر کی چادر پر سے کچھ چنتا ہے یا ہوا میں سے کچھ پکڑنا چاہتا ہے، جاگنے کی حالت میں۔ — ہائیوسائمس

بستر کے اردگرد اپنے آپ کو بکھرا ہوا محسوس کرتا ہے اور وہ اپنے جسم کے ٹکڑوں کو یکجا کرنے میں مصروف ہے۔ — بپٹیشیا

خیال کرے کہ دوسرا آدمی اُس کے ساتھ بستر میں لیٹا ہے۔ وہ بچے بستر میں اُس کے ساتھ لیٹے ہیں — پٹرولیم۔ ولیریانہ

بستر میں جب وہ لیٹا ہو تو یہ محسوس کرے کہ وہ بستر کو نہیں چھُو رہا ہے۔ — لیکنائیم۔ اسارم

## سخت یا گرم محسوس کرنا

بستر سخت محسوس کرے۔ جن اعضاء پر لیٹے وہ دکھتے ہوں۔ — بپٹیشیا

بستر اتنا گرم محسوس کرے کہ وہ اُس پر لیٹ نہ سکے اور ٹھنڈی جگہ کی تلاش میں گھومتا پھرے۔ بستر اور کپڑوں کو اتارنے کی خواہش کرے۔ — اوپیم



## بستر تبدیل کرنا چاہے

مریض چاہے کہ اُسے ایک بستر سے دوسرے بستر میں تبدیل کیا جائے کبھی یہاں اور کبھی وہاں لیٹے۔ رات کو بے چینی کی وجہ سے بستر سے نکل بیٹھے۔ جسمانی نقاہت کی وجہ سے حرکت نہ کر سکے — آرسنک البم۔ میوریٹک ایسڈ

بستر میں نیچے کی طرف سرک جائے۔

## بستر پر یا نیند میں پیشاب

نیند یا خواب میں یا ویسے ہی اعصابی کمزوری کی وجہ سے پیشاب خطا ہو جائے۔ — کالی فاس۔ میگنیشیا فاس

خواب میں پیشاب خطا ہو جائے۔

پہلی ہی نیند میں پیشاب نکل جائے۔ پیشاب کے برتن میں سرخ رنگ کی چپک جانے والی ریت۔ بدبودار۔ — سیپیا۔ کاسٹیکم۔ میڈورینم۔ کریازوٹ

رات کے شروع ہی میں پیشاب نکل جائے۔

شروع رات ہی بستر پر پیشاب کرنے۔ پیشاب کی فوری حاجت۔

# بواسیر

بواسیر

## مختلف احساسات

بغیر خون کے مسّوں میں جلن، ڈنک لگنے اور دھنسے جانے کا احساس — نکس وامیکا، سلفر
مسّوں میں جلن، خارش
جلن کا احساس بعض اوقات ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے گرم سُرخ سوئیاں مسّوں سے گزاری جارہی ہیں۔ — آرسنک البم
جلن، دُکھن اور بھراؤ کا احساس ایسے معلوم ہو، جیسے کمر ٹوٹ جائے گی۔ — ہیما میلس
مسّوں میں ڈنکدار، جلن دار دردیں چلنے پھرنے اُن کے متعلق سوچنے، بولنے، آواز پر زور دینے سے تکالیف بڑھ جائیں۔ — کاسٹیکم

مقعد میں بھراؤ، خشکی اور چبھن کا احساس، بھراؤ کا احساس نمایاں ہوتا ہے۔ — ایسکولس ہپ
مقعد میں چھوٹی چھوٹی ٹکڑیوں کے پھنسنے کا احساس، شدید قبض — کالنسونیا
ایسا احساس جیسے کسی نے شیشہ پیس کر مقعد میں رکھ دیا ہو۔ — رٹنیا
شدید درد، پرحس مسّے جن پر کپڑا لگ جانا بھی برداشت نہیں ہوتا — میوریٹک ایسڈ
ایسے محسوس ہو جیسے مقعد میں چھوٹے چھوٹے پتھر ٹوٹ رہے ہیں۔
پھنسے جانے اور بعض اوقات دھڑکنے کا احساس موجود ہوتا ہے۔ — لیکیسس

## پاخانہ اور اس کے بعد

بواسیر کے ساتھ پاخانہ کی ناکام، ناتمام حاجت ہوتی ہے۔ — نکس وامیکا
ایسے بواسیری مسّے جو پاخانے میں بھی رکاوٹ ڈال دیں۔ — کاسٹیکم
پاخانے کے بعد دُکھن اور درد کا احساس، ایسا درد جو اُوپر پیٹ کی طرف بڑھے (نائٹرک ایسڈ) پاخانے کے بعد کافی دیر تک درد محسوس ہوتا رہتا ہے (سلفر، رٹنیا)
پاخانے کے بعد درد اتنا شدید ہوتا ہے کہ مریض کو کرب سے ایک، دو گھنٹے تک فرش پر چلنا پڑتا ہے۔ — نائٹرک ایسڈ

**کمر درد** بواسیر کے ساتھ عموماً کمر درد اور سر درد بھی موجود ہوتا ہے۔ — نکس وامیکا
درد کہ جو چلتے وقت کمر سے چوتڑوں میں چلا جاتا ہے۔ چھوٹی کمر اور چوتڑوں میں مستقل درد۔ — ایسکولس ہپ



ایسا محسوس ہو جیسے کمر ٹوٹ جائے گی۔ بواسیری مسّوں سے بکثرت خون عموماً سیاہی مائل۔ — ہیما میلس
کمر میں ناقابل برداشت درد۔ تکلیف کی وجہ سے شدید نقاہت — آرسنک البم

**خون** بواسیری مسّے بغیر خون کے ہوں — نکس وامیکا
شدید خونی مسّے۔ شدید قبض — ایسکولس ہپ
بواسیری مسّے جن میں سے بکثرت خون آئے۔ خون کے اخراج کے بعد شدید نقاہت (ہائیڈراسٹس) — کالنسونیا
بواسیری مسّوں میں خون، مقعد پھٹی ہوئی مسّے بہت ہی پر درد، مقعد سے باہر نکل آئیں۔ — ہیما میلس

**خارش** مسّوں میں خارش جس کی وجہ سے مریض کو رات بھر جاگنا پڑتا ہے۔ — نائٹرک ایسڈ
مسّوں میں خارش اور جلن — نکس وامیکا
مسّے سُوجے ہوئے جن میں خارش ہو، ڈنکدار، جلن دار دردیں — سلفر
بواسیر کے ساتھ نفخ اور مقعد میں گُدگدی۔ — کاسٹیکم
مسّوں میں شدید خارش جسے ٹھنڈے پانی کے استعمال سے افاقہ ہو — کالنسونیا، ایلوز

**بناوٹ** انگور کے خوشوں کی طرح نیلے رنگ کے مسّے۔ ٹھنڈے پانی سے افاقہ — ایلوز
نہایت ہی پر درد، پرحس۔ انگوری خوشوں کی طرح نیلے رنگ کے مسّے — میوریٹک ایسڈ
بواسیری مسّے — ٹھنڈے پانی کا استعمال

## پانی کا استعمال

بواسیری تکالیف کو ٹھنڈے پانی کے استعمال سے افاقہ ہو — ایلوز، رٹنیا
مقعد میں آگ کی طرح جلن جسے وقتی طور پر ٹھنڈے پانی سے آرام آجائے — نکس وامیکا
گرم پانی سے استنجا کرنے سے بواسیری تکالیف میں افاقہ محسوس ہوتا ہے — رٹنیا، میوریٹک ایسڈ

**رنگ** مسّوں کا رنگ سُرخی مائل نیلا — ایسکولس ہپ
نیلے سوجے ہوئے شدید پر درد، پرحس مسّے۔ کپڑا ساتھ لگنا بھی ناقابل برداشت ہو۔ — میوریٹک ایسڈ
نیلے رنگ کے بواسیری مسّے شدید خارش۔ — ایلوز

**وقت** بواسیری تکالیف میں صبح کے وقت اضافہ — نکس وامیکا
بواسیری تکالیف رات کے وقت بڑھ جائیں — سلفر

**بداثرات** بواسیر کی تکلیف جو کہ رہنے سہنے اور کھانے پینے کی بے اعتدالیوں اور عیش کوشیوں کی وجہ سے ہو۔ مریض اکثر بدہضمی کا شکار رہتا ہو۔ — نکس وامیکا
بواسیری مسے جن کا علاج مرہموں کے بیرونی استعمال سے کیا گیا ہو — سلفر
بواسیری خون کے دب جانے سے دل میں درد پیدا ہو جائے۔ — کالنسونیا

**مسے باہر آجائیں** پیشاب کرنے پر مسے باہر آجائیں (براناکارب) — میوریٹک ایسڈ
پاخانہ کرتے وقت مسے باہر آجائیں۔ دوبارہ اندر کرنے پڑیں۔ — اگنیشیا
مسے باہر آجائیں جس کے بعد دیر تک مقعد میں درد اور جلن رہے (سلفر) — رٹنسا
مقعد پھٹی ہوئی ہو بواسیری مسے باہر نکل آئیں۔ — نائٹرک ایسڈ

**حاملہ کی بواسیر** حاملہ عورتوں کی بواسیری علامات۔ شدید قبض بھی موجود ہو — کالنسونیا



# بوجھ بوجھ

## مستورات میں بوجھ

ایسے محسوس ہو جیسے تمام اعضا نیچے نکل پڑیں گے۔ مستورات میں نیچے کی طرف بوجھ پیٹ اور رحم میں بوجھ پڑنے کا احساس۔ لیلیم ٹگ۔ بیلاڈونا۔ سیپیا — مورکیس۔ لیک کناٹم

پیڑو میں نیچے کی طرف دباؤ جیسے کہ اندرونی اعضاء باہر نکل پڑیں گے۔ ایسے محسوس ہوتا ہو کہ تمام اعضاء رحم کے رستے باہر نکل پڑیں گے۔ ہاتھ سے اعضائے تناسلی کو دبانے سے بوجھ میں افاقہ ہو۔ پیٹ اور رحم میں بوجھ پڑنے کا احساس۔ — لیلیم ٹگ

نیچے کی طرف اعضائے تناسلی کا بوجھ، ایسے محسوس ہو کہ پیڑو کے تمام اعضاء باہر نکل پڑیں گے۔ مریضہ ٹانگیں ایک دوسرے پر رکھ کر دباتی ہے جس سے افاقہ ہوتا ہے۔ انقلاب رحم۔ — سیپیا

عورتوں میں نیچے کی طرف دباؤ، بوجھ جبکہ شہوت تیز ہو اور خون حیض زیادہ آتے۔ — میورکیس

**سر** بوجھ سر کی چوٹی پر (کیکٹس۔ گلونائین) یہ احساس عورتوں میں عموماً بس میں ہوتا ہے۔ — لیکیس

**چھاتی** بوجھ کا احساس چھاتی پر ہو۔ — فاسفورس
چھاتی میں بوجھ اور دباؤ کا احساس۔ ایسے محسوس ہو کہ باقی اعضاء کا خون بھی چھاتی میں بھر گیا ہے۔ لگاتار چلنے سے افاقہ محسوس ہو۔ — لوپیلا انفلیٹا

**بوجھ اُٹھانا** بوجھ اُٹھانے پر زور لگانے کے بُرے اثرات — رسٹاکس
بوجھ اٹھانے سے جلد ہی موچ آجائے خواہ بوجھ ہلکا ہی کیوں نہ ہو — کلکیریا۔ کاربو انیملس

# بھوک

بھوک

## شدید ترین بھوک

۱۱ بجے دن کو شدید بھوک جو کہ برداشت سے باہر ہو۔ سلفر
شدید بھوک، کھانے سے آرام آئے۔ بھوک اور جلن۔ آرسنک آئیوڈائیڈ
شدید بھوک کھانے سے تمام تکالیف کو آرام، اچھا بھلا کھانے کے باوجود
جسم سوکھتا چلا جائے۔ عذرہ وسوائے پستانوں کے بڑھتے چلے جائیں۔ آئیوڈیم
شدید بھوک کھانے کے بعد بھی بھوکا رہے۔ کبھی کبھی بھوک ختم ہو جاتی ہے۔ سانگا
شدید بھوک بار بار کھاتا ہے۔ رات کو اٹھ اٹھ کر کھانا کھاتا ہے۔ ایسا
نہ کرے تو آنکھ پر نقاہت طاری ہو جاتی ہے۔ فاسفورس
بار بار کھانا پڑے ورنہ غشی طاری ہو جاتی ہو۔ لائیکوپوڈیم چیلیڈونیم آئیوڈیم
مریض بے حد بھوکا ہو خواہ معدہ غذا سے بھرا ہی کیوں نہ ہو۔ اناکارڈیم
شدید بھوک ہر چند گھنٹوں کے بعد کھانا پڑے ورنہ بے چینی اور بے آرامی سٹفی سائیکریا
رہے۔ سانگا۔ آئیوڈیم۔ سلفر
شدید ترین بھوک، خوب کھانا کھانے کے فوراً بعد بھوکا ہو جاتے۔ لائیکوپوڈیم سانگا سورینم۔ سلفر
بہت بھوک اتنا کھانا کھا ہی نہ سکے جس سے بھوک ختم ہو جاتے۔ کھانا کھانے کے
بعد بھی اتنی ہی بھوک جتنی کھانا کھانے سے پہلے تھی۔ لائیکوپوڈیم۔ سانگا ٹیک کانٹم۔ کلکیریا کارب

## رات کی بھوک

اتنی بھوک کہ رات کو اٹھ اٹھ کر کھانا پڑے (فاسفورس) اچھا بھلا کھانے کے
باوجود سوکھتا جائے۔ سخت بھوک۔ رات کو بھوک لگنے سے جاگ کر کچھ کھانا
پڑے۔ سانگا۔ لائیکوپوڈیم۔ سورینم۔ سلفر سیلینیم
رات کو بھوک لگ جاتے۔ مزور ہی کچھ کھانا پڑے۔ کھانے سے آرام آجائے
لیکن فوراً ہی پھر بھوک لگ جائے۔ فاسفورس۔ لائیکوپوڈیم چیلیڈونیم پٹرولیم اور اناکارڈیم

## سخت بھوک، کمزوری، سوکھا پن

سخت بھوک، اچھا بھلا کھانے کے باوجود کمزور ہوتا چلا جائے۔
آئیوڈیم۔ ابراٹینم۔ نیٹرم میور۔ سینی کیولا ٹیوبر کلینم



## کھانے کے بعد بہتر محسوس کرے

کھانے سے تکالیف کو آرام آئے آرسنک آئیوڈائیڈ
کھانے کے بعد بہتر محسوس کرے ہر وقت کھاتے رہنا چاہے۔ سکون تب ہی
محسوس کرے جب معدہ غذا سے بھرا جا رہا ہو۔ آئیوڈیم
بھوک میں کھانا کھانے سے افاقہ محسوس کرے
لائیکوپوڈیم۔ چائنا۔ نیٹرم میور آئیوڈیم۔ پٹرولیم۔ چیلی ڈونیم اناکارڈیم

## کھانے کے بعد تکلیف

کھانے کے بعد تھکا ہوا، نیند میں مبتلا حواس باختہ محسوس کرے۔ جس کے ساتھ
ہی معدے اور جگر میں بھاری اور بے چینی کا احساس ہو۔ جیسے ہی خوراک ہضم
ہوتی جائے۔ افاقہ محسوس کرے۔ نیٹرم میور۔ چائنا

## بھوک اور سیری

بھوک لیکن جلد ہی سیر ہو جائے کھانے کے بعد معدے میں تکلیف اور نفخ ہو لائیکوپوڈیم۔ چائنا۔ نیٹرم میور
بھوک اور سیری اول بدل کر ہوں۔ سانگا، لائیکو۔ چائنا۔
شدید بھوک اور سیری باری باری ہوں، ہر قسم کے کھانے کو ناپسند کرے فیرم میٹ

## متفرق

بھوک ختم ہو جائے نکس وامیکا۔ سلفر۔ پلساٹیلا۔ نیٹرم میور لائیکوپوڈیم
بھوک ختم ہو جائے اور منہ کا ذائقہ مرک سال۔ تھوجا کوس
بھوک ختم ہو جائے کھانا دیکھتے ہی یا کھانا شروع کرنے سے پہلے سلفر

بھوک کے ساتھ جگر کی علامات چیلیڈونیم

بھوک میں اگر نہ کھائے تو سر درد ہو جائے لائیکوپوڈیم سورینم۔ فاسفورس

بھوک لیکن یہ نہیں جانتا کہ کیا کھائے۔ کھانے کو جب چیزیں دی جائیں تو
لینے سے انکار کرے۔ برائی اونیا چائنا۔ سانگا

بھوک اور جلن۔ آئیوڈیم

# بے چینی بے چینی

| | |
|---|---|
| بے چینی کی رہنما ادویات | ایکونائٹ۔ آرسنک رسٹاکس |
| شدید بے چینی، کروٹیں، سکون سے نہ لیٹا جائے۔ شدید گھبراہٹ۔ ڈر | ایکونائٹ، سلفر |
| شدید بے چینی جسمانی اور ذہنی شدید کمزوری ایک جگہ سے دوسری جگہ اور ایک بستر سے دوسرے بستر میں تبدیل ہونا چاہے | آرسنک البم |
| شدید بے چینی کروٹ پر کروٹ بدلے۔ حرکت کرنے سے اور چلنے پھرنے سے افاقہ ہو زبان کی نوک سرخ۔ | رسٹاکس |
| مریض بے چین (نکس وامیکا) ایک ہی پہلو پر آرام سے لیٹ نہیں سکتا۔ بستر سخت محسوس ہو۔ | آرنیکا |
| بے چینی ہڈیوں میں درد۔ | یوپیٹوریم پرف |
| شدید بے چینی کروٹیں بدتا رہے۔ تمام جسم میں درد اور بستر سخت محسوس ہو | پائیروجینم |
| بے چینی اور تشویش بہت زیادہ ہو۔ مریض ایک ہی حالت میں زیادہ دیر تک نہیں لیٹ سکتا۔ تنہائی ناقابل برداشت ہو۔ | بسٹھ |
| انتہائی بے چینی اور بے آرامی جس کی وجہ سے مریض ہر وقت حرکت میں رہتا ہے۔ ہر وقت کوئی نہ کوئی کام کرتا رہتا ہے تاکہ حرکت میں رہ سکے۔ | ٹیرنٹولا ہسپانیہ |
| مریض نہایت بے آرام۔ نہ کھڑا رہنے میں آرام نہ بیٹھنے میں۔ ہر وقت طبیعت میں بے آرامی رہتی ہے۔ | فاسفورس |
| بے چینی اپنی بیماری کے متعلق | ملیم نگ |
| بے چینی زبردست لگاتار حرکت کرتا رہے تاکہ دکھتے اعضا کو سکون حاصل ہو | ایکونائٹ۔ آرنیکا۔ پائروجینم یوپیٹوریم پرف۔ |



# برا بھلا برا بھلا

| | |
|---|---|
| برا بھلا کہنے اور قسمیں کھانے کی عادت (ایک کنائینم۔ ملیم نگ۔ نائٹرک ایسڈ) برا بھلا کہنے جنون میں | اناکارڈیم وریٹرم البم |

# بھونکنا بھونکنا

| | |
|---|---|
| بھونکنے کی طرح | بیلاڈونا |

# بھوت پریت بھوت پریت

| | |
|---|---|
| بھوت پریت اور مختلف خیالی چیزیں مثلاً جانور، کیڑے وغیرہ دیکھے | بیلاڈونا۔ سٹرامونیم |

# بے رحم بے رحم

| | |
|---|---|
| بے رحم مریض، لومڑی کی طرح بے رحم اور چالاک | ٹرنٹولا ہسپانیہ |

# پاخانہ

پاخانہ

## بناوٹ

نوٹ : پتلے ، آبی پاخانہ کے لیے دیکھئے اسہال

پاخانہ سخت ، سیاہ ، خشک جیسے جلا ہوا ہو۔ — برائی اونیا ، سلفر

پاخانہ سخت مینگنیوں کی شکل میں ، گانٹھ دار شکل سے خارج ہوا نیٹرم میور ایمونیا میور ، میگ میور

پاخانہ سخت کالی گولیوں کی شکل میں ، ایلومینا ، ایوم ، بلمبم ، چیلڈونیم ، پاخانہ یا تو سخت اور گانٹھ دار ہو یا نرم اور لیس دار ۔ مقعد کی خارجی حالت ۔ پاخانہ کتے کے پاخانے کی مانند ہو۔ — ایلومن ، سلفر ، تھوجا ، ایلومینا ، فاسفورس ، ایمونیا میور ، پلاٹینا

بھربھرے پاخانے

نرم مٹی کی طرح پاخانہ جو مقعد اور امعائے مستقیم کے ساتھ چپک جائے (ایلومینا) — اپی کاک ۔ کاپچیکم ، گریفائٹس

بلغم کی مانند سفید پاخانہ

پاخانہ بلغمی دھاگوں سے جڑا ہوا ہو۔

پیچش کے نمونے کا پاخانہ ، جس میں کچ چمکیلا خون بھی ہو ۔ — اپی کاک

چربی کی شکل کے بڑے بڑے سفید بلغمی ٹکڑے پاخانے میں شامل ہوں — فاسفورس

خون آمیز پاخانہ ۔

**رنگ** سبز گھاس کی طرح پاخانہ ، خیرہ الا جس میں آؤں بھی خارج ہو ، پیٹ میں درد ، متلی ۔ — اپی کاک

سبز رنگ کے پاخانے منہ میں چھالے — بوریکس

سبز رنگ کے کھٹی بو والے پاخانے — میگ کارب

سبز رنگ کے آبی بودار ، کثیر مقدار — پوڈوفائلم ، کلکیریا کارب

سبز رنگ کے آبی پاخانے جو سلفر کی طرح مقعد میں خراش پیدا کریں ۔ سخت درد ۔ — کیموملا

سیاہ ، تارکول کی طرح یا بعض اوقات سیاہ اور سفید پاخانے باری باری ہوتے ہیں ۔ — ایمونیا میور



سیاہی مائل بھورے رنگ کے پاخانے — ہیوم

سیاہی مائل بھورے دستوں کی شکل میں زور سے اخراج شدید بدبودار — سورائنم

سیاہ رنگ کے پتلے پاخانے شدید بدبودار ، خون زہر ملا ہونے کی وجہ سے — کروٹیلس

سیاہ گول گول مینگنیوں کی شکل میں پاخانے کے ٹکڑے ایک دوسرے میں دھنسے ہوئے ۔ — پلمبم ، ڈبی ٹیلس

سفید پاخانے بالکل بے رنگ سے ۔ خاکستری سفید — کاربوٹج ۔ چائنا ، اپی کاک ۔ کاپچیکم

سفید چاک کی مانند پاخانے ، ڈبی ٹیلس ، چیلڈونیم ، پوڈوفائلم

سفید بلغم کی مانند پاخانہ

سفید پاخانے کی مشہور ادویات ۔ کلکیریا کارب ، کیلکیریا فاس ، ڈبی ٹیلس ، نکس موشکاٹا ، پوڈوفائلم ۔ — سیپیا ، کیموملا ، چیلڈونیم ، پوڈوفائلم ، سورنیم ۔ چائنا ، پائیروجینیم ، نیٹرم سلف ۔ تھوجا ، اپی کاک ، پلساٹیلا

مٹی کے رنگ کے یا سونے کے رنگ کے پاخانے

مٹیالا پاخانہ — ہیپر سلفر ۔ کلکیریا کارب اور گریفائٹس

بھورا ، نرم ، بدبودار

سیاہ اور بدبودار

زرد آبی — ایپس ۔ چائنا ۔ کلکیریا

انڈے کی زردی کی مانند جھاگ دار ، کبھی کبھی سفید بلغم ملا ہوا پاخانہ ۔ اپی کاک ، کاپچیکم

رنگ برنگ کے پاخانے

**بُو** شدید بدبودار ، مردار کی طرح بدبو ۔ سیاہی مائل بھورے پاخانے — سورائنم ، کروٹیلس

شدید بدبودار اور سیاہ رنگ کے پتلے پاخانے — پائروجینیم

بدبودار اور سیاہ — سیپیا ، کارب ۔ کلکیریا ، کیموملا

کھٹی بو والے پاخانے — ہیپر ، ہیپر

پاخانہ سبز آبی جس میں گندے انڈے کی مانند بُو پائی جائے

## اخراج وحاجت

بار بار ناکام ، ناتمام ، نامکمل حاجت ۔ پاخانہ تھوڑی مقدار میں خارج ہو جس کے بعد مختصر وقت کے لیے سکون ہو (مرگی حال میں سکون نہیں ہوتا) — نکس وامیکا ، تھوجا ، سیلیشیا ، سیپیا ، کیموملا ، کروٹن ٹگ

پاخانہ تھوڑا سا باہر آنے کے بعد پھر واپس چلا جائے ۔

پاخانہ جو گولی کی طرح تندی سے خارج ہو ۔

پاخانہ ایسے خارج ہو جیسے نل میں سے پانی نکلتا ہے ۔ غیر اختیاری طور پر مروڑ کے

ساتھ پاخانہ خارج ہوتا ہے گویا مقعد کھلی ہے — فاسفورس
دوسرے شخص یا تیمار دار کی موجودگی میں پیشاب اور پاخانہ خارج نہ کرسکے۔ — امبرا گریسیا
پاخانہ خارج کرتے وقت حالت خراب ہوجائے کیونکہ پاخانے کے وقت اُسے تکلیف ہوتی ہے (انکس، لائیکو) اکثر اوقات پاخانہ نہایت بدبودار ہوتا ہے۔ — لیکیس
پاخانہ خارج نہ کرسکے۔ ایسے محسوس ہو کہ مقعد فالج زدہ ہے۔ نیز اس میں ڈاٹ لگا ہے۔ — انا کارڈیم
پاخانہ کسی چیز سے خارج کرنا پڑے۔ کلکیریا۔ ایلوز۔ سینی کیولا — سیپیا۔ سلیشیا
نرم پاخانے کو خارج کرنے کے لیے بھی زور لگانا پڑے۔ — ایلومینا
غیر اختیاری پاخانہ خصوصاً ڈر کے بعد۔ اوپیم۔ جیلسیمیم۔ آرنیکا — ہائیوسائمس
بے خبری کی حالت میں پاخانہ نکل جائے۔ — ایلوز

## ہوا کے ساتھ خارج ہو

پاخانہ بکثرت ہوا کے ساتھ خارج ہو۔ نیٹرم سلف۔ چائنا۔ ایلوز۔ اگنم کاسٹ — کلکیریا فاس۔ اگریکس
بچہ نہ سکے کہ ہوا خارج ہوگی یا پاخانہ۔
نیٹرم میور۔ ایلوز۔ آئیوڈیم۔ ولیئنز اور میوریٹیکس ایسڈ — پوڈوفائیلم
پیشاب کرتے وقت یا ریح خارج کرتے وقت پاخانہ نکل جائے۔
بڑی مقدار میں پاخانہ بغیر احساس کے نکل جائے۔ — ایلوز

## متفرق

رفع حاجت اور پاخانے کے خواب نظر آئیں — ایلوز
پاخانہ اور پیشاب بند — اوپیم
اپنا پاخانہ خود نگلے — دریزم البو
تیماردار کی موجودگی میں پاخانہ نہ کرسکے (ایلومینا) — امبرا گریسیا



# پاگل — پاگل

پاگل ہوجانے کا ڈر — یک کانٹم۔ للیم ٹگ
خیال کرے کہ وہ پاگل ہوجائے گا۔ — سم سی فیوگا۔ سٹیفیسم
خیال کرے کہ وہ پاگل ہوجائے گا کبھی ہنستا ہے۔ کبھی روتا ہے اور سنجیدہ باتوں پر ہنستا ہے۔ متواتر قہقہے لگاتا ہے۔ — کنابس انڈیکا

# پٹیاں — پیٹیاں

سر اور ہڈیوں کے گرد گویا پٹیاں بندھی ہیں (کاربالک ایسڈ) — سلفر
ایسے معلوم ہو جیسے سر کے گرد پٹی بندھی ہے۔ — سیپیا۔ تھیلیا
سر اور آنکھوں کے گرد پٹی بندھے ہونے کا احساس (کاربالک۔ سلفر) — نائٹرک ایسڈ۔ جیلسیمیم
سر اور ہڈیوں کے اردگرد پٹیوں کا احساس (کاربالک۔ سلفر) — نائٹرک ایسڈ
یہ احساس کہ جسم کے کسی حصہ کے اردگرد چمڑا چڑھا ہے یا پٹی بندھی ہے یا کسی ہتھیار کا دباؤ ہے۔ — انا کارڈیم

# پٹھے — پٹھے

پٹھوں کے سکڑنے کا احساس۔ — ایلوز یا میور
پٹھوں کے افعال میں تسلسل اور رابطہ نہ رہے۔ پٹھے خواہش کے مطابق کام نہ کریں۔ — جیلسیمیم
درد اور یہ احساس کہ پٹھے سکڑ کر چھوٹے ہوگئے ہیں — ایلوز یا میور
پٹھوں کی زبردست دُکھن۔ پٹھوں کا زیادہ استعمال کرنے سے تھکاوٹ اور دُکھن۔ — نیٹرم میور۔ سیکیل
سینے پڑنے کے کام سے۔ ٹھنڈ کرنے یا پسینا سوجانے سے پٹھوں میں درد۔ — سم سی فیوگا
پٹھوں میں چڑچڑاہٹ اور جھٹکے — رینن کولس بلب۔ اگریکس
کسی واحد یا زیادہ پٹھوں میں چڑچڑاہٹ اور جھٹکے۔ — ٹرنٹولا کیوبنس
زنکم۔ ایگریکس۔ اگنیشیا

# پاؤں پاؤں

## جلن پاؤں کی

جلتے ہیں پاؤں رات کو بستر میں۔ مریض پاؤں بستر سے باہر نکال دیتا ہے۔ میزو ریم
جلتے ہیں پاؤں کے تلوے ساتھ ساتھ ٹھنڈی بھی ہوتی ہے۔
جلن پاؤں کی سلفر کی مانند تمام جسم میں آگ لگی ہوئی ہو گویا آگ کی چنگاریاں پڑ رہی ہوں۔
جلن پاؤں کے تلوؤں اور ہاتھوں کی ہتھیلیوں میں
پاؤں کے تلوؤں کی جلن انہیں ہر صورت میں ننگا یا ٹھنڈی جگہ پر رکھے لیکیسس میزو ریم

کیومیلا سلفر۔ پلساٹیلا
کلکیریا سلف
سیکیل کار
سلفر۔ سنگونیریا۔ پیٹرولیم
سنگونیریا۔ سلفر۔ سیپیا

## گرمی پاؤں کی

ایک پاؤں گرم، دوسرا ٹھنڈا
دایاں پاؤں برف کی مانند یخ، بایاں پاؤں عام حالت میں۔
پاؤں اور ہاتھ باری باری سے گرم ہوتے ہیں

ایپی کاک۔ چائنا۔ ڈیجی ٹیلس
چیلیڈونیم۔ لائیکوپوڈیم
سیپیا

## سردی

پاؤں اور ٹانگیں برف کی مانند سرد
پاؤں ٹھنڈے اور گیلے گویا نم آلود ہوں۔
پاؤں بہت ٹھنڈے
پاؤں کو سخت سرد پانی میں رکھنے سے آرام آتا ہے حالانکہ مریض خود سردی محسوس کرتا ہے۔
پاؤں اور انگلیاں اتنی ٹھنڈی جتنی کہ لوہے کی چھینی۔ تاہم ان کا ڈھانپنا برداشت نہیں کر سکتا (کیمفر)

ورینٹرم البم
کلکیریا کارب
کارلوویکس
لیڈم پال
سیکیل کار

## پسینہ پاؤں پر

پسینہ پاؤں پر زیادہ آئے وہ دکھنے لگیں۔ پسینہ بدبودار نیز ادویات جو پاؤں کے دبے ہوئے پسینے کو واپس لاتی ہیں۔
پسینہ پاؤں پر بدبودار۔ پاؤں کی انگلیوں کے درمیان کچی جگہ۔
پسینہ پاؤں پر بدبودار۔ سیپیا کی طرح جس سے پاؤں کے تلوے دکھنے لگیں۔

میورینم۔ گریفائٹس
سیپیا سینی کیولا
سیپیا
برائٹا کارب



پسینے سے پاؤں کے تلوے کچے ہو جائیں اگر یفائٹس۔ سینی کیولا۔ پھوڑے اور بدبودار پسینہ۔

کلکیریا کارب

## حرکت

حرکت میں رکھے پاؤں کو ہر وقت۔ بستر میں بھی پاؤں گھنٹوں تک حرکت میں رکھے جب کر سویا ہوا ہو۔
حرکت میں رکھے پاؤں اور ہاتھ کو ہر وقت۔

زنکم میٹ
ٹرنٹولا ہسپانیہ

## خارش

پاؤں اور ٹخنوں کی شدید خارش۔ کھجلانے سے اور بستر کی گرمی سے (پلساٹیلا۔ رسٹاکس) کھجلی بڑھ جاتے

لیڈم پال

## سو جائیں

سو جائیں ہاتھ پاؤں اکثر۔

کاکولس

## چھونا

پاؤں کا چھوا جانا پسند نہ کرے۔ ایسا کرنے سے یک لخت چونک پڑے خصوصاً اگر پاؤں کو چھوا جائے

کالی کارب

## سوجن

پاؤں سوجے ہوتے اور پُر درد۔
سوجن ہاتھ پاؤں اور بائیں ٹانگ کی۔
سوجن پاؤں کی گھٹنوں تک۔ ٹخنے بھی سوج جائیں جن میں چلتے وقت ناقابل برداشت درد ہو۔
سوجن جسم کے مختلف حصوں کی خصوصاً ٹانگ کی اور پاؤں کے اندرونی کناروں کی

لائیکوپوڈیم
کیکٹس
لیڈم پال
سمبوکس

## ٹخنے، موچ

ٹخنوں کے آس پاس نقاہت شدت سے محسوس کرے۔
بچپن میں ٹخنے کمزور، آسانی سے مڑ جائیں۔ پاؤں باہر کی طرف نکال کر چلنا پڑے جسم کے بوجھ کو سنبھال نہ سکے، خصوصاً جب تھک جائے۔ پاؤں کمزور ہوں اور جلدی سے مڑ جائیں۔ بچے جو آسانی سے چلنا نہیں سیکھ سکتے
موچ خصوصاً ٹخنے کی موچ (اگر آرنیکا۔ رسٹاکس فیل ہو جائیں تو (مونیا کاٹ دیتا)
ٹخنے کمزور، موچ کھا جائیں آسانی سے چلتے وقت۔ سیپیا۔ لیڈم پال۔ کارلوانیس۔
ٹخنے اور کلائی کے جوڑوں میں درد اور اکثر اوقات پاؤں کے تلوؤں اور ٹخنوں میں باقی کے درد

لیڈم کارب
آرنیکا۔ رسٹاکس
میزو ریم۔ میورینم
روٹا
لیڈم پال۔ سیپیا

## پاؤں کی انگلیاں، انگوٹھا

| | |
|---|---|
| پاؤں کی انگلیاں اور انگوٹھے کی سوزش اور کثرت حیض۔ | سانٹا |
| پاؤں کی انگلیوں کے درمیان کی جگہ، پاؤں پر بدبودار پسینہ۔ | سیلیشیا |
| پاؤں کے انگوٹھے کی سوجن۔ | لیڈم |
| پاؤں کی انگلیوں کے درمیان پھٹی ہوئی جگہ (پٹرولیم) | گریفائٹس |
| پاؤں کی انگلیوں کی اطراف پر پھٹی ہوئی جگہ۔ آتشکی زخم۔ | سارسپریرا |
| پاؤں کی انگلیوں کا پھڑکن دھڑکن | آئیوڈیم |

**ایڑیاں** ایڑیوں میں درد۔ لیڈم پال۔ کاسٹیکم۔ فائٹولیکا۔ ایلونیا میور — ساینکلین

ایڑیاں سن ہو جائیں۔ — ایلومینا۔ لیڈم پال

پاؤں خصوصاً ایڑی کی دکھن اور کھچاؤ۔ رگڑ کی وجہ سے تکالیف پیدا ہو جائیں۔ — ایلیم سیپا

**تلوے** پاؤں کے تلوے درد کریں۔ چلنے سے پڑ جس۔ لیڈم پال۔ انتھم کروڈ۔ لائیکوپوڈیم — سیلیشیا۔ پلساٹیلا

تلوے سوجے ہوں اور درد کریں۔ — لائیکوپوڈیم

پاؤں کے تلوے بہت دکھتے ہیں۔ جن کی وجہ سے مریض کو گھٹنوں کے بل چلنا پڑے۔ — میڈورینم

پاؤں کے تلوے پُر درد۔ اُن پر اس قدر گئے کہ چلا نہیں جا سکتا خصوصاً پتھریلے رستوں پر۔ — انتھم کروڈ

پاؤں کے تلوؤں پر چنڈیاں۔ — انتھم کروڈ۔ رینن کولس بلب

پاؤں کے تلوے ننگے کرنے پڑیں انہیں ٹھنڈی جگہ رکھنا پڑے

سلفر۔ لیکیسس۔ کیموملیا۔ نیفانیلم۔ پٹرولیم۔ سنگونیریا — سینی کیولا

**متفرق** پاؤں کو ننگا رکھنے سے زکام ہو جاتے۔ بیلاڈونا۔ کونیم۔ کیوپرم۔ — سیلیشیا

پاؤں یا ہاتھوں کی انگلیوں سے تشنج شروع ہو کر پھیل جائے — کیوپرم

پاؤں گیلا ہو جانے سے بائی کی دردیں ہو جائیں — نکس موشکاٹا



# پستان

پستان

## بھاری پن۔ درد، سوزش

پستان اتنے پُر درد کہ ان کا وزن سہارنا بھی مشکل ہو۔ اُوپر اٹھانا چاہیے — ایکونائٹ، بیلاڈونا۔ فائٹولیکا — ایپس

پستانوں میں چبھن دار دردیں۔ درد کپکپی سے شروع ہوں۔ پستان سخت اور بھاری ہوں۔ دودھ یا حیض رک جانے یا خمرہ دب جانے سے پستانوں کی تکالیف شروع ہو جائیں۔ سر درد، قبض۔ پیاس پستانوں کی تکالیف میں برائی اونیا اور فائٹولیکا ایک دوسرے کی مددگار ہیں۔ — برائی اونیا

پستان اتنے بھاری ہوں کہ چھاتی کو تھامنا پڑے۔ — لیک کناتم

پستانوں کی سوزش۔ بہت دُکھن۔ پستان نہایت پُر حس۔ — برائی اونیا۔ فائٹولیکا

درد پستانوں میں۔ ایسا احساس جیسے کوئی دھاگے سے انہیں اندر کی طرف کھینچ رہا ہے۔ درد گُدنی سے پشت تک جاتا ہے پستان کا ورم جس طرف سے بچہ دُودھ پیئے۔ — لیک کناتم

کروٹن ٹگ

## سختی سوجن

پستان پتھر کی طرح سخت۔ بے رنگ، پُر درد۔ حرکت کرنے سے درد بڑھ جائے — برائی اونیا

پستان پتھر کی طرح سخت۔ بھرے ہوئے، سُوجے ہوئے۔ گرم اور پُر درد، پستانوں کی تکلیف کی وجہ سے کمر اور سر میں زبردست درد۔ پہلی دفعہ پستان میں دودھ آنے سے ورم آجائے۔ — فائٹولیکا

پتھر کی طرح سختی اور سوجن۔ — کلکیریا فلور۔ کونیم۔ سیلیشیا — کاربو اینیملس

پتھر کی طرح سختی زیادہ تر دائیں پستان میں۔ — کونیم

پتھر کی طرح سختی زیادہ تر بائیں پستان میں۔ — سیلیشیا

پستانوں کے غدود سخت ہوں اور درد کریں۔ — بیوفو

## حیض اور پستان

حیض کے دوران پستان سخت اور پُر درد۔ اُن کا حجم بڑھ جائے۔ — کونیم

حیض کے دوران پستان سوج جائیں اور گلٹیاں بھی دُکھنے لگے۔ — لیک کناتم

حیض کے دوران پستانوں میں درد۔ گویا زخم بن گیا ہے۔ حیض نلنے کی بجائے پستانوں میں دُودھ آجائے۔ — مرک سال۔ کالی کارب

## زخم چوٹ

پستان پر چوٹ آجائے۔ ضرب لگ جائے۔ دباؤ پڑے، بازو کے زیادہ استعمال سے پستان دُکھنے لگیں۔ — کونیم

چوٹ لگ جانے سے گرہ بن جائیں جس جگہ چوٹ لگے اس کا رنگ خراب ہو جائے اور چوٹ والی جگہ بہت ہی پُرحس ہو جائے۔ — آرنیکا

## جھٹکے، حرکت

خفیف سے جھٹکے سے بھی ڈرے۔ پستانوں کو اُوپر اُٹھائے رکھے، انہیں تھام کر چلے — ایکونائٹ، بیلاڈونا

حرکت کرنے سے دردیں بڑھیں۔ پستانوں کو تھامے تاکہ جھٹکا نہ لگے — برائی اونیا

پستان سخت اور پُر درد۔ — کونیم

ذرا سا جھٹکا لگنے سے بہت درد محسوس ہو۔ پستان میں بڑھ جائیں پُرحس۔ کپڑا لگنے سے درد کریں۔ — کونیم

ذرا سا جھٹکا بھی ناقابلِ برداشت ہو۔ بہت دُکھن اور نہایت پُرحس پستان۔ مریضہ پستانوں کو تھام کر چلتی یا بڑھیاں چڑھتی ہے۔ — لیک کنائم

## پستان کی جھٹنی، منہ

پستانوں کی جھٹنیاں دکھیں۔ چھونے سے درد کریں۔ فائٹولیکا، کیموملا، جیلونائس — گریفائٹس

دودھ پلانے والی عورتوں کی جھٹنیاں پھٹ جائیں — سیپیا، رُوٹا

پستانوں کے مُنہ اندر کی طرف پھر جائیں اور دُودھ قیف نما ہو جائیں — گریفائٹس، سیلیشیا، سارسپریلا

## دودھ، دودھ پلانے پر درد

(نوٹ بہ "دودھ کا ہونا یا نہ ہونا" کے لیے دیکھئے "دودھ")

بچہ جب دودھ پیئے تو دردیں پیٹھ تک جائیں — پلساٹیلا، کروٹن تگ، سلیشیا، فائٹولیکا

بچہ جب دودھ پیئے تو دردیں تمام جسم میں پھیلیں۔ — پلساٹیلا، سلیشیا

بچہ جب دودھ پیئے تو دردیں رحم تک جائیں۔ — فائٹولیکا، برائی اونیا

سن سٹروک یا ایسی ہی علامات خواہ کسی وجہ سے پیدا ہو جائیں۔
سن سٹروک جبکہ اثرات پرانے ہوں۔ دھوپ برداشت نہ کر سکے۔

گلونائین
لیکیسس

گرم سرد ہونے کے برے اثرات۔

ڈلکامارا

# گلا

گلا

## احساسات

جلن شدید جیسے آگ سی لگی ہو گلے میں۔ گویا انگارا رکھا ہوا ہے۔ — فائٹولیکا، کینتھرس
جلن خشکی اور درد حلق میں۔ — بیلاڈونا، سباڈیلا
جلن گلے میں جسے گرمی سے آرام آئے۔ — آرسنک البم
گلے میں گویا بادگولہ پھنستا ہے۔ — اگنیشیا
کانٹا مچھلی کا لگنے کا احساس (نائٹرک ایسڈ، کالی کارب، ڈیلی کوس، ارجنٹم نائٹ) — ہیپر سلفر
تیز اٹکنے کا احساس گلے میں، مریض اس کو نگلنے کی کوشش کرتا ہے۔ — سباڈیلا
حلق میں گویا کوئی چیز نیچے سے چل کر آ پہنچی ہے۔ — سائنا
گلے میں دھاگہ لٹکنے کا احساس۔ — ولیریانہ
پر کا احساس سانس کی نالی میں جس کی وجہ سے کھانسی اٹھے۔ — ڈروسرا

**درد**

گلا سرخ اور متورم، دھڑکتا ہوا درد۔ کوئی شے نگلنے سے تکلیف، لوز تین سوجے ہوئے۔ منہ خشک۔ دائیں طرف زیادتی۔ — بیلاڈونا
درد اور جلن گلے میں زیادہ تر دائیں طرف۔ — سلفر
درد شدید حلق اور منہ میں بدبودار سانس۔ منہ میں رال۔ — مرک سال، مرک کار

درد گلے میں جب دردیں کانوں تک جائیں۔ — فائٹولیکا، لیکیس
درد گلے میں چبھتا ہوا جیسے کانٹا چبھا ہو۔
ہیپر سلفر۔ نائٹرک ایسڈ۔ کالی کارب۔ ڈیلی کوس — ارجنٹم نائٹ۔ ایلومینا
درد اور جلن گلے میں دونوں طرف ایسے محسوس ہو کر درد چھاتی سے اٹھ رہا ہے کھانسی۔ گدگدی، خشک کھانسی۔ — کاسٹیکم
گلے کے مزمن درد میں نہایت سودمند ہے۔ درد، کھانسی، گلا بیٹھا ہوا اور خشکی بلغم صاف کرنے کی تحریک پیدا کرتی ہے۔ زیادہ کوشش کے باوجود معمولی سا بلغم خارج ہو جو گاڑھا اور سخت ہو۔ — ایلومینا

**درد بڑھ جائے**

گلے کا درد جس میں گرم اشیاء کے پینے سے اضافہ ہو جائے۔ — لیکیس



درد جس میں ہر اشیا نگلنا دشوار ہو کیونکہ ان سے درد بڑھ جائے۔ — سباڈیلا

**درد میں افاقہ**

گرم اشیاء پینے سے افاقہ ہو۔ — سباڈیلا
ٹھوس اشیاء کے نگلنے سے گلے کی دکھن میں افاقہ۔ — اگنیشیا

**نگلنا اور گلا**

پیٹ سے چل کر مواد اوپر گلے تک آتے ایسے معلوم ہو کہ سانس گھٹ جائے گا۔ اسے نیچے کی طرف نگلے، پھر دوبارہ اوپر آجائے اور نہایت ہی تکلیف دہ ہو خصوصاً جب مریض غمزدہ ہو۔ — اگنیشیا

نگلنے کا عمل سوتے جاگتے جاری رہے ایسے محسوس ہو کہ کوئی چیز گلے کی طرف آرہی ہے جس کی وجہ سے گلے میں سخت کھنچن یا کھانسی ہو جائے۔ — سائنا

نگلنے سے گلے کو آرام آئے یا نگلنا بند کرے تو گلے کی تکلیف بڑھ جائے۔ — اگنیشیا، کیپسیکم

مائع چیزوں کے نگلنے سے تکلیف بڑھ جائے۔ ٹھوس چیزیں نگلنے سے گلے کی تکلیف کو آرام ہو۔ — اگنیشیا

صرف مائع چیزوں کو نگل سکے۔ ٹھوس چیزیں نگلنے سے گلا گھٹے، گھگھیائے۔ — بپٹیشیا

## خناق۔ گلا بند ہونے لگے

خشک کھانسی۔ یکدم گلا بند ہونے لگے۔ بے چینی شدید۔ — ایکونائٹ
گلا آہستہ آہستہ بند ہونا شروع ہو۔ خناق آدھی رات سے پہلے ہو جائے۔ — سپنجیا
گلا بند چھاتی میں مستقل خرخراہٹ جیسے بلغم سے بھری ہو۔ سردی کا احساس۔ خناق عموماً صبح کے وقت۔ — ہیپر سلفر
گرمی کے موسم میں گرمی لگ جانے سے رات کو خناق ہو جائے۔ — برومیم
چھاتی میں خرخراہٹ مریض کا چہرہ سرد پسینے سے تر اور غنودگی ہر مرتبہ کھانسی کے ساتھ یہ احساس کہ بلغم خارج ہو گا۔ لیکن خارج نہ ہو۔ — انٹم ٹارٹ
خناق کے شروع ہی میں انتہائی کمزوری اور نقاہت ہو جائے۔ — مرک سائنائٹس
خناق میں سوجن بائیں طرف شروع ہوتی ہے اور دائیں طرف کو جاتی ہے۔ (سباڈیلا کے الٹ) — لیکیس

خناق جس کے ساتھ لیسدار زرد رنگ بلغم موجود ہو۔ — کالی بائی

## گلا بیٹھ جائے (آواز کے تحت بھی دیکھئے)

گلا بیٹھ جائے۔ صبح کے وقت حالت خراب۔ اچانک آواز خراب ہو جائے۔ ایک لفظ بھی اونچا نہ بول سکے۔ مزمن گلے کی خرابی۔ گہری بھری آواز ہو۔ (دوروا) یہ بڑی ہی قابل اعتماد علامت ہے۔ — کاسٹیکم

بغیر درد کے آواز بیٹھ جائے تکلیف صبح کے وقت بڑھ جائے۔ — کلکیریا کارب

گلا بیٹھ جائے خصوصاً فالو موسم میں اور شام کو تکلیف زیادہ ہو۔ اگر صبح کے وقت ہی موسم نم آلود ہو اور آواز بیٹھ جائے تو یہ دوا مفید ہو سکتی ہے حالانکہ صبح کے وقت گلا بیٹھنا کاسٹیکم میں پایا جاتا ہے۔ — کاربو ویج

گلا بیٹھ جائے صبح کے وقت کاسٹیکم کی طرح لیکن کاسٹیکم میں جلن اور کچا پن زیادہ ہے اس میں چھاتی کا درد نمایاں ہے اگر یہ دوا فیل ہو جائے تو سلفر دیں۔ — یوپیٹوریم پرف

گلا بیٹھ جائے۔ گانا گانے سے پہلے مزمن گلے سے بلغم صاف کرنا پڑے۔ — سیلیشیم

## خشکی

خشک حلق منہ خشک۔ — سٹرامونیم

خشک بہت منہ اور گلا۔ زبان خشکی کی وجہ سے تالو سے جا لگتی ہے اور تھوک روئی کے گالے کی طرح اور لیسدار ہوتی ہے۔ — نکس موشکاٹا

خشک گلا، زبان، ہونٹ لیکن پیاس نہ ہو۔ — پلساٹیلا، نکس موشکاٹا۔

خشکی جلن اور درد۔ — لیکیسس، بیپس بیلاڈونا، سباڈیلا

## اطراف

گلے کی تکالیف بائیں طرف سے شروع ہو کر دائیں طرف جائیں۔ — لیکیسس

دایاں گلا پہلے سوجے پھر بایاں۔ — لائیکوپوڈیم

درد اور جلن گلے میں زیادہ تر دائیں طرف۔ — سلفر، بیلاڈونا

بایاں گلا پہلے سوجے اور مرک سال کی علامات۔ — مرک آئیوڈ ائیڈ ریوبرم

## لوزتین بڑھ جائیں

گلے بڑھے ہوئے۔ قوت سماعت پر اثر پڑے۔ جب سوجن میں پیپ کا میلان ہو جائے۔ — ہیپر سلفر



سوجے ہوئے لوزتین دردوں کی ٹیس کانوں تک جائے۔ تمام جسم میں درد ہیں۔ — فائٹولیکا

غدود سوجنا گلے کا جبکہ مزمن کی علامات خصوصاً رال بہنا پایا جائے۔ — مرک سال، مرک کار

گلے کا بڑھنا۔ دماغی اور جسمانی کمزوری۔ — برٹانا کارب

سوجن گلے کی مزمن جس سے قوت شنوائی میں گرانی ہو۔ ہیپر سلفر بلیم سوج جائیں گلے اور ان میں پیپ پڑ جائے۔ — لائیکوپوڈیم

گلا بائیں طرف کا پہلے سوجے اور مرک سال کی علامات۔ — برٹانا کارب، لائیکوپوڈیم، برٹانا کارب، لیکیسس، فائٹولیکا، مرک آئیوڈ ائیڈ ریوبرم

گلے بڑھنے کے رجحان کو درست کرتی ہے۔ — سورینم

## متفرق (گانے سے گلا خراب دیکھئے گانا)

کوا پھولا ہوا (ایپس) — ٹیبیکم، ایلومن

گلے میں سوجن کوا ایسے لگے جیسے کہ پانی کی تھیلی ہو۔ کوا کے ڈھیلا ہو جانے کے لیے بہترین دوا ہے۔ — ایپس

حیض کے دوران گلا اور پستان دکھتے ہیں۔ — کالی بائی، رسٹاکس، ایلومن

گلا اور گردن چھونے سے یا باہر سے دبانے سے زبردست پرچس (سیپیا) اس سے دم گھٹنے کسی بھی تکلیف میں یہ دوائی قابل غور ہو گی جب کسی مرض کا زیادہ تر زور گلے پر ہو۔ — لیکیسس

سرد مرطوب موسم میں گلے کی تکالیف ہو جائیں۔ — ڈلکامارا

خشک سرد موسم میں گلے کی تکالیف ہو جائیں۔ — ایکونائیٹ

گلھڑ کی عمدہ دوا ہے جبکہ سوتے وقت گلا گھٹنے لگے۔ — سپنجیا

گلھڑ کے لیے مفید ہے۔ سی ایم کی چار خوراکیں ایک خوراک روزانہ رات کے وقت اس وقت دی جائیں جب کہ چاند زوال پر ہو۔ — آئیوڈیم

گلے کے دائیں طرف کی جلن (سلفر فیل ہو جائے تو کاسٹیکم دیں) — سلفر

گھر **گھر** گھر جانا چاہے۔ اس لیے بستر سے نکل کھڑا ہو۔ برائی اونیا — ہائیوسائیمس ہم سی فیگا
خیال کرتا ہے کہ وہ گھر میں نہیں ہے (برائی اونیا) اور یہی خیال مسلسل اس کے ذہن میں رہتا ہے۔ — برائی اونیا۔ اوپیم
گھر سے باہر رہنے پر بیمار ہو جائے یعنی گھر کی جدائی بیمار کر دیتی ہو — کیپسیکم

گلیاں **گلیاں** دیکھی بھالی گلیوں میں اپنا رستہ بھول جائے۔ — گلونائین

گناہ **گناہ** خیال کرے کہ زندگی کو گناہوں میں غرق کر دیا ہے۔ — سلفر

گندھک **گندھک** گندھک کی بو آنے پسینے سے۔ — فاسفورس

گوشت **گوشت** بچہ گوشت کھانے کا خواہشمند ہو۔ — کلکیریا کارب

گیت **گیت** خوشگوار خواب سے اٹھ کر گانے لگتا ہے۔ — سلفر
گیت یا اس قسم کے گانے — ہائیوسائیمس
گاتے ہنستے سیٹیاں بجاتے چیختا ہے۔ — سٹرامونیم
دعائیں دیتا ہے۔

گیند **گیند** پشانی میں گیند موجود ہونے کا احساس پایا جاتا ہے جو رگڑنے پر بھی نہیں ہلتی۔ — سٹفی سائیگریا
مقام میں گیند کے لڑھکنے کا احساس ہو۔ — لیکیس
اندرونی اعضاء میں گیند ہونے کا احساس۔ — سیپیا

اعضائے مستقیم (مقعد میں سوجن کا احساس ایسے محسوس کرے کہ گیند پر بیٹھا ہے۔ — کنابس انڈیکا



# گردن گردن

گردن پتلی، چلہ جھری دار، اور تہ بہ تہ لٹکی ہوئی، بچوں میں سوکھا پن۔ — سارسپریلا
(ٹائیوڈیم۔ نیٹرم میور۔ سینی کیولا)

گردن بہت پتلی، بچوں میں سوکھا پن، اچھا خاصہ کھاتے مگر پھر بھی سوکھتا چلا جائے۔ — نیٹرم میور

گردن کے پٹھے کمزور لہٰذا سر کو نہیں سنبھال سکتا۔ — کاکوس

گردن اکڑ جاتی ہے، سر پیچھے کی طرف کھنچ جاتا ہے اور حرکت ناممکن ہو جاتی ہے۔ گردن کے پچھلے حصے میں درد۔ درد نیچے ریڑھ کی ہڈی اور آنکھ میں جاتا ہے۔ — اکنیا رسی موسا

گردن، چہرے کے کیل۔ — کالی بڑومیٹم

پچھلی گردن اور گدی میں درد۔ — پکرک ایسڈ

گردن کے ارد گرد کسی چیز کا پٹہ برداشت نہ کر سکے۔ — لیکیس سیپیا

# گوز گوز

گوز بہت زیادہ تعداد میں آئیں۔ — انٹم کروڈ
گوز کے بعد متعدد میں جلن ہو۔ — ایلوز

# گردے گردے

مثانہ میں پتھری بنتی ہے اور گردوں سے ریت آتی ہے۔ ریت سفید رنگ کی ہوتی ہے گردے کا قولنجی درد۔ — سارسپریلا

گردوں کے مقام پر درد کمر۔ طلن دار درد۔ اکڑاؤ، سُن ہونا۔
گردوں کے مقام پر بلبلے اُٹھنے کا احساس امیٹہ وریم، بائیں گردے کا قولنجی درد۔ دردیں مثانہ اور آلہ تناسل کی طرف جاتی ہیں۔ — بربرس ولگرس

پتھری کے آپریشن کے بعد استعمال کریں۔ — ٹی فولیم

گردوں میں نیز مثانے اور پیشاب کی نالی میں شدید دردیں (بربرس کینتھس کا بس نہ چلے تو) پیشاب رک جائے۔ — ٹیرنتھینا

# لرزہ لرزہ بخار بھی دیکھئے

بغیر سردی کے جسم کا لرزہ۔ شدید نقاہت کی وجہ سے تمام جسم اور اعضا کانپیں۔ شرتھرابسٹ۔
اندرونی طور پر لرزنے کا احساس جو دوسروں کو نظر نہیں آتا۔ پرانے شکایتوں میں ہوتا ہے۔
زبان باہر نکالنے پر لرزتی ہے اور اعضاء کانپتے ہیں۔
لرزے تمام جسم زور زور سے حتیٰ کہ چارپائی ہلنے لگے اور مریض کو تھامنا پڑے۔ — جیلسیمیم
لرزہ دار بخار۔ چائنا۔ یوپیٹوریم پرف۔ اگنیشیا — سلفیورک ایسڈ۔ کالوفائیلم کروٹیلس
سردی رانوں سے شروع ہو۔ — زنکم میٹ
سردی پشت میں شروع ہو۔ — کیپسیکم
سردی پشت میں دونوں کندھوں کے درمیان شروع ہو۔ کیپسیکم — تھوجا
سردی پشت میں کمر کے ارد گرد شروع ہو۔ — یوپیٹوریم پرف لیکیسس
سیپیا۔ پائیروجینم
یوپیٹوریم پرف۔ نیٹرم میور



سردی کے درجے میں چہرہ آگ کی طرح سُرخ اور پیاس۔ — فیرم میٹ
سردی کے درجے میں چہرہ آگ کی طرح اور پیاس گرمی کے درجے میں پیاس غائب۔ — اگنیشیا

## لرزہ کا وقت

۷ بجے صبح۔ — یوپیٹوریم پرف
۱۰ سے ۱۱ بجے صبح۔ — نیٹرم میور
۱ سے ۲ بجے دوپہر یا بعد دوپہر۔ — آرسنک البم
۳ بجے بعد دوپہر۔ — ایپس
۴ بجے شام۔ — لائیکوپوڈیم

# لاعلاج لاعلاج

لاعلاج سمجھے اپنے مرض کو۔ — آرسنک البم۔ کیکٹس

خیال کرے کہ کوئی ٹھیک نہ ہو سکنے والی بیماری اُسے لگی ہے۔ — سیپیا

# لالچی کنجوس لالچی کنجوس

لالچی کنجوس۔ — سیپیا۔ لائیکوپوڈیم

# لیٹنا لیٹنا

چپ چاپ لیٹے رہنے سے تمام تکالیف کو آرام اور حرکت کرنے سے تکالیف بڑھ جائیں۔ برائی اونیا

**دائیں طرف** دائیں جانب بہت پُرحس ہوتی ہے جس کی وجہ سے دائیں جانب نہیں لیٹ سکتا۔ کروٹیلس
دائیں جانب لیٹنے سے تکلیف بڑھ جاتی ہے۔ میگ میور
دائیں جانب لیٹنے سے دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے لہٰذا مریض دوسری طرف بدل لیتا ہے۔ ایجنم نائٹ

**بائیں طرف** بائیں طرف لیٹنے سے خشک کھانسی بڑھ جاتی ہے۔ دائیں طرف لیٹنے سے آرام رہتا ہے۔ فاسفورس
مریض بائیں جانب نہیں لیٹ سکتا۔ ناجا
بائیں طرف لیٹنے سے جگر کا درد بڑھ جاتا ہے۔ نیٹرم سلف

**لیٹنا اور چکر** لیٹتے وقت چکر نہیں۔ کونیم
چکر جس کی وجہ سے خواہ مخواہ لیٹنا پڑے۔ برائی اونیا۔ کاکولس۔ فاسفورس۔ پلساٹیلا

**لیٹنا اور سر** لیٹتا ہے سر بہت اونچا رکھ کر۔ سپائجیلیا
لیٹنے سے سر درد کو آرام۔ سلیشیا

**درد والے عضو** جسم کے جس حصے پر لیٹتا ہے وہ حصہ دکھتا ہے۔
آرنیکا۔ بپٹیشیا۔ پائروجینم۔ لیکیس۔ روٹا۔ رسٹاکس کا سٹیکم

درد والے عضو کے بل لیٹنے سے آرام۔ برائی اونیا پلساٹیلا۔ ایمونیا کارب

**لیٹنے کے نرالے انداز**
پیٹ کے بل لیٹنے سے افاقہ ہو۔ ایمونیا کارب ایسٹک ایسڈ
لیٹنے کے انداز نرالے ہیں کبھی الٹا کبھی سیدھا۔ کبھی گیند کی طرح گول مول۔
اپنے سرہانے سے جھٹکے سے سر اٹھاتا ہے۔ سٹرامونیم
بستر پر لیٹنے کے عجیب و غریب انداز و حالتیں اختیار کرے۔ پلمبم



# لیکوریا لیکوریا

لیکوریا۔ رحم کا انتہائی ڈھیلا پن۔ بڑی مقدار میں گاڑھا مستقل طور پر خارج ہونے والا لیکوریا۔ تیزابی کھجلی اور جلن پیدا کرتا ہے۔ گاڑھا اور زرد یا دودھیا۔ مریضہ موٹی پتلی سرد مزاج۔ کلکیریا کارب

گاڑھا زرد مائل بہ سبز اور غیر تیزابی۔ مریضہ گرم مزاج۔ رونے والی نرم مزاج۔ پلساٹیلا
لیکوریا میں گاؤں پر بھورے رنگ کے نشان۔ قے معدہ میں خلا کا احساس نیچے کی طرف مستقل بوجھ (ہیلا ڈونا)۔ سیپیا
لیکوریا انڈے کی سفیدی کی مانند۔ لیکوریا کے تمام کیسوں میں اس کا استعمال طاقت کو قائم رکھتا ہے۔ کلکیریا فاس
اگر دیگر علامات صاف نہ ہوں تو یہ دوا 3x طاقت میں مفید ہے۔ اوواسٹا

**لیکوریا تیزابی** تیزابی لیکوریا کی جوتی کی دوا ہے۔ لیکوریا پھیلنے والا زخم ڈالنے والا۔ جہاں سے گزرتا ہے شدید جلن اور کھجلی پیدا کرتا ہے۔ کھجلانے سے آرام نہیں آتا بلکہ جلن بڑھتی ہے۔ مواد کپڑے پر زرد رنگ کا داغ ڈالتا ہے۔ لیکوریا دو حیض کے درمیانی عرصے میں ہو۔ 200 کریازوٹ
طاقت میں دیں۔
لیکوریا شروع میں پتلا اور تیزابی لیکن بعد میں یہی مواد گاڑھا اور پلساٹیلا کی طرح غیر تیزابی ہو جاتا ہے۔ رات کو بستر کی گرمی سے تکلیف زیادہ ہوتی ہے۔ مرک سال
لیکوریا تیزابی جلن پیدا کرے۔ امونیا کارب۔ کارباکلیسٹ۔ کالوفائیلم کلکیریا کارب

لیکوریا تیزابی دن رات اُبل کر بہتا ہے۔ حیض سے پہلے اور بعد میں ہو جاتا ہے۔ گریفائٹس
لیکوریا تیزابی صرف حیض سے پہلے ہو۔ سیپیا
لیکوریا تیزابی صرف حیض کے بعد ہو۔ کریازوٹ
مزمن لیکوریا بکثرت۔ پھیلنے والا۔ کپڑے میں سوراخ ڈال دے۔ آئیوڈیم
لیکوریا تیزابی۔ زرد۔ لیسدار اور بکثرت اگر کپڑا نہ باندھا ہو تو ایڑیوں تک بہ جائے۔ ایلومینا۔ سفلیئر

### سادہ، غیر تیزابی

لیکوریا میں سفید رنگ کا مادہ خارج ہو۔ بورکس، گریفائٹس
لیکوریا گاز ھا سادہ، غیر تیزابی، زرد مائل پیلے رنگ کا مواد خارج ہو۔ سیپیا، نیٹرم میور
سفید، البومن والا، لئی کی طرح، گرم، بہت زیادہ مقدار یہ احساس کہ پلساٹیلا
رانوں پر گرم پانی بہ رہا ہے۔
سفید گاڑھا غیر تیزابی، سفید مائل بہ نیلاہٹ بلغم جیسا مادہ خارج ہو۔ بورکس
ابر اگریسیا کاسٹیکم
سفید لیسدار، جیلی کی مانند، دھاگے جیسا مواد خارج ہو۔ مرک سال نائٹ ایسڈ
سفید رنگ کا لیکوریا جو کپڑے پر زرد رنگ کا داغ ڈال دے۔ کالی بائی۔ بائیڈ اسٹس
چیلیڈونیم

### کمزوری، لیکوریا

کمزور اور ناتواں عورتوں کا لیکوریا، شدید بے آرامی اور تشویش بھی موجود ہو۔
لیکوریا بہت زیادہ جس کی وجہ سے شدید کمزوری ہو جائے۔ آرسنک البم
عورت کی نبض اور لیکوریا، زرد، لیسدار، تیزابی بہت تقاہت پیدا کرے۔ چائنا
لیکوریا کے ساتھ بہت تقاہت، کمزوری کا احساس چھاتی میں ہو۔ ایلومینا
لیکوریا کے دوران لگاتار کمر درد جو چوتڑوں اور پھوٹوں تک جائے۔ سٹیفم
ایسکولس ہپ

### حیض اور لیکوریا

لیکوریا جو دو حیض کے درمیان زیادہ ہو۔ کریازوٹ
لیکوریا حیض سے پہلے اور بعد۔ بوسٹا، بورکس
لیکوریا صرف حیض سے پہلے۔ گریفائٹس
لیکوریا صرف حیض کے بعد۔ سیپیا
حیض کے دو ہفتے بعد لیکوریا جو تین یا چار دن تک رہے۔ میگ میور کریازوٹ
حیض کے دس دن بعد تک لیکوریا۔ برٹا کارب، بوسٹا
حیض کی بجائے لیکوریا شروع ہو جائے۔ کونیم بورکس، بوسٹا
گاکوس نجس مؤثر کٹا



# متلی، قے

متلی ، قے

### متلی شدید

متلی شدید تکلیف دہ جو ہر قسم کی تکلیف کے ساتھ مسلسل موجود رہتی ہے۔ معدے سے اٹھتی ہوئی خالی ابکائیاں، لگاتار ختم نہ ہونے والی متلی بہترین علامت ہے۔ اپی کاک
شدید متلی۔ قے کرنے کے بعد افاقہ ہو متلی، قے، اسہال نقاہت غنودگی ٹھنڈے پسینے۔ مرقے کے بعد ایک ایک کر کے اس دوا کی 2 یا 3 خوراکیں کثیر ہیں۔ انٹم آرٹ
شدید قے اور کثیر اسہال۔ قے بہت زیادہ دوا کے بعد بھی متلی بھی قائم رہے اور زبردست نقاہت ہو جائے۔ پانی پینے سے آرسنک البم / اور ذرا سی حرکت سے تکلیف بڑھ جائے (جیکم) پیشانی پر ٹھنڈا پسینہ۔ وریٹرم البم
مسلسل متلی ایسے محسوس ہو جیسے سمندری بیماری ہو۔ ذرا سی حرکت سے قے شروع ہو جائے جس کے ساتھ غشی بھی ہو۔ کھلی ہوا سے تکلیف بڑھ جائے۔ شدید قے کے ساتھ ٹھنڈا پسینہ۔ ٹیبکم
شدید قسم کی ابکائیاں اور ناقابل بیان درد۔ پانی جونہی معدے میں پہنچے اس کی قے ہو جائے۔ لیکن خوراک کچھ وقت کے لیے معدے میں پڑی رہے۔ قے جس کا مواد زور سے خارج ہو۔ بسٹھ
مزمن قے جب کہ بھوک بھی لگے۔ متلی پسینہ اور نمایاں نقاہت منہ سے رال کا بہنا۔ سانس بند ہونے کے۔ لوبیلا انفلیٹا
بچوں کی قے میں بڑی بڑی ترش پھنکیاں خارج ہوتی ہیں۔ ایتھوزا
بچوں کی قے میں بڑی بڑی ترش پھنکیاں خارج ہوتی ہیں۔ کھٹی بو والے اسہال۔ سر پر پسینہ اور تالو کھلا ہوا۔ کلکیریا کا مزاج، پھولا ہوا، پتلا سا بچہ۔ کلکیریا کارب
لگاتار قے درپے ابکائیاں تاہم اپی کاک سے نمایاں نہ ہوں۔ سیکیل کار۔ پوڈوفائلم

### کھانا پینا اور متلی قے

کھانا کھانے کے فوراً ہی بعد قے جس میں سب کھایا پیا بغیر ہضم ہونے

کے یک لخت خارج ہو جائے۔ خوراک دن بھر معدے میں رہے اور رات کو قے ہو جائے۔ مگر غیر مخصوص شدہ غذا کی۔

پانی اور خوراک دونوں معدے میں پہنچنے کے بعد قے ہو جائیں۔ کھانے کے فوراً بعد قے دست کی طرح کا مواد۔

کھانے کے تقریباً ایک گھنٹہ بعد خوراک قے کر دیتا ہے اور مواد کا رنگ سبز ہوتا ہے۔

کھانے کے فوراً ہی بعد قے ہو جائے کہ لگے کہ ابھی معدے تک پہنچا ہی نہیں۔

کھاتے وقت یا پیتے وقت ہی قے ہو جائے۔

متلی قے کی طرف طبیعت مائل ہو جبکہ معدے کی خرابی زیادہ کھا لینے سے خصوصاً مرغن غذاؤں سے ہو۔

فیرم میٹ

آرسنک البم

ایتھوزا

فاسفورس

چائنا۔ کروسیلس

فیرم میٹ

انٹم کروڈ

**پانی** سرد پانی پینے کی خواہش پانی جونہی معدے میں گرم ہو جائے قے ہو جائے۔

پانی جونہی معدے میں پہنچے فوراً قے ہو جائے۔ لیکن خوراک کچھ وقت تک اٹک جائے۔ قے سخت بدبودار شدید قسم کی ابکائیاں۔

گرم پانی میں ہاتھ ڈالنے سے متلی ہو۔ حمل کے دوران پانی نہ پی سکے۔

پانی کو دیکھتے ہی قے شروع ہو جائے۔ غسل کرتے وقت آنکھوں کو بند رکھے تاکہ پانی نظر نہ آئے۔ (لیسین)

پانی پینے سے قے کی تکلیف بڑھ جائے۔

فاسفورس

بسمتھ

فاسفورس

آرسنک البم۔ وریٹرم البم

## کھانے کی خوشبو

کھانے کا خیال آئے یا اس کے پکنے کی خوشبو سے ہی متلی یا قے ہونے لگے۔

کھانا پکنے کی خوشبو سے اتنی شدید متلی ہو کہ غشی تک نوبت پہنچ جائے۔ خصوصاً انڈے اور گوشت پکنے کی خوشبو انتہائی تکلیف دہ ہو۔

آرسنک البم

سیپیا۔ کاربیکم

کاربیکم

**بھوک۔ سر درد۔ آواز**

معدے کے خالی ہونے پر شدید درد پیٹ میں اور ساتھ ہی قے شروع



ہو جائے۔ مریض کو رات کے وقت اٹھ کر کچھ نہ کچھ کھانا پڑتا ہے۔

متلی اور قے جس کے ساتھ ایسا سر درد جو دائیں آنکھ کے اوپر اگر رک جائے ذرا سی آواز سے متلی ہو جائے۔

انا کارڈیم

سنگینیریا

تھریڈین

**وقت** صبح کے وقت متلی اور قے کی تکالیف۔

متلی شام کے وقت خصوصاً شام کا کھانا کھانے کے بعد افاقہ جب خوراک معدے میں ہو۔

نکس وامیکا

پلساٹیلا

**سفر اور متلی** متلی قے اور چکر اٹھنے پر موٹر کشتی جہاز میں قے متلی اور چکر۔

کسی سواری ریل گاڑی، بس یا کشتی پر سفر کرنے سے متلی اور قے کا عارضہ۔

سمندری بیماری حرکت کرنے کے ساتھ متلی اور قے جیسے کہ کشتی اور گاڑی پر سوار ہونے سے ہو جایا کرتی ہے۔

کاکولس

آرنیکا۔ نکس موشکاٹا

پیٹرولیم

## حمل میں متلی قے

حمل کے دوران قے جبکہ مریضہ میں یہ احساس بھی موجود ہو کہ جسمانی قوت جواب دے بیٹھی ہے۔

حمل کے دوران پانی نہ پی سکے پانی کو دیکھتے ہی قے شروع ہو جائے

حمل کے دوران شدید نہ ختم ہونے والی قے۔ بچہ پیٹ میں نہایت تیزی سے حرکت کرے۔ بڑی احتیاط سے انتخاب کی ہوئی دوائیں جب کام نہ کریں تو اس دوا کی ضرورت پڑتی ہے۔

حمل کے دوران مریضہ بہت تھوکتی ہے اس کے ساتھ مستقل متلی قے پسینے چکر۔

حمل کے دوران قے منہ سے رال بہتی ہو جو ہر وقت منہ میں میٹھی ہوتی ہو۔

سیپیا

سمفوری کارپس

فاسفورس

سوڈنیم

ٹیبیکم

کریازوٹ

**حرکت** اٹھ کر بیٹھنے پر متلی اور نقاہت۔

ذرا سی حرکت سے شدید متلی اور قے۔

سمندری بیماری۔ حرکت سے متلی اور قے۔

برائی اونیا

جنجیکم۔ وریٹرم البم

پیٹرولیم

## قے کا مواد

انڈے کی زردی کی طرح قے۔ — کلکیریا سیپیا — نیٹرم سلف۔ کالی خاس
قے کا مواد ترش اور تیزابی ہو۔ — فیرم میٹ۔ — لائیکوپوڈیم سلفیورک ایسڈ
ترش۔ کھٹی بُو والی قے — ایتھوزا۔ کلکیریا کارب
قے لیسدار ہو لمبے دھاگوں میں نیچے لٹکتی ہو۔ کھٹی قے۔ — آرس ورس
سیاہ یا بھورے رنگ کا مواد قے میں خارج ہو جیسے کافی کی تلچھٹ ہو۔ — انا کارڈیم۔ آرسنک البم
سیاہ رنگ کی قے۔ — کارباٹک ایسڈ — کیڈمیم سلف

## متفرق

یہ محسوس کرے کہ اگر وہ قے کر سکے تو اس کے لیے بہتر ہو صبح کے وقت — بکس وامیکا
متلی اور قے۔ — تھریڈین — ٹیکیسس۔ تھوجا
آنکھیں بند کرنے سے متلی اور چکر آتے ہیں۔ — پلمبم
یا خانے کی قے۔

# محبت — محبت

محبت کا احساس مٹ جانے۔ شوہر بچوں اور دوسرے عزیزوں سے، اپنے کاروبار سے۔ — سیپیا
محبت میں ناکامی کی وجہ سے جو مایوسی ہو اس کے بُرے اثرات۔ — کلکیریا فاس۔ اٹھم کروٹ
محبت میں ناکامی اور غم کے بُرے اثرات۔ — ایم میٹ۔ اگنیشیا — فاسفورک ایسڈ۔ کلکیریا فاس

# مرگی — مرگی

مرگی — ایگریکس۔ میگ فاس
مرگی کے دوران مریض مردہ ہوتا ہے اور کانپتا ہے۔ سردی کا بہ احساس مقامی اور جنرل ہر دو طرح سے پایا جاتا ہے۔ — ماسکس
نئے چاند پر علامات تیز ہو جاتی ہیں۔ مثلاً مرگی کے دورے نئے چاند پر پڑتے ہیں۔ — سیلیشیا
مرگی اکثر ڈر، مشت زنی اور کثرت مباشرت سے پیدا ہوتی ہے مرگی کا دورہ پیٹ سے یا اعضائے تناسلی سے شروع ہوتا ہے بجائے کرنے کے مرگی کا دورہ بڑھ جاتا ہے۔ دورے سے پہلے مریض انتہائی چڑچڑا ہو جاتا ہے عورتوں میں دورہ رحم سے شروع ہوتا ہے اور ماہواری کے درمیان دورہ پڑتا ہے۔ دوران حیض مرگی کے دورے ہوتے ہیں۔ — بیوفو

# مدہوشی — مدہوشی

مدہوشی سی، دلچسپی کھو دے ہر بات میں — سنا کس — بینیشیا — نکس وامیکا — ٹیکیسس۔ ایسٹافاس
مدہوشی کی کیفیت بہت زیادہ۔ — ایموسایمس۔ اوپیم
مکمل مدہوشی، دلچسپی کھو دے ہر چیز میں۔ — فاسفورک ایسڈ
بے ہوش ہو جانے کا رجحان۔ — نکس موشکاٹا۔ سفر

# مذہبی — مذہبی

مذہبی مالیخولیا۔ مذہبی اور ایسی باتوں کے مطالعہ کا شوق جو فہم سے بالا ہوں۔ خدا کو کس نے بنایا؟۔ — سلفر
مذہبی یا شہوانی باتیں کرے۔ — وریٹرم البم۔ سٹرامونیم



# مزاج

مزاج

## چڑچڑا، حساس

**مزاج چڑچڑا۔** نکس وامیکا۔ سانگا۔ کالوسنتھ۔ سٹفی سائیکریا۔
**حساس جھگڑالو۔** نکس وامیکا۔ اگنیشیا۔
**مزاج چڑچڑا۔ جھگڑالو۔** بات بات پر گلے پڑ جانے والا معمولی سی بات اور شور و غل ناقابل برداشت۔ غصیل۔ کینہ پرور۔ غصے کی حالت میں پسینہ آجائے۔ غیر معتدل زندگی بسر کرنے والا۔ دماغی تھکن کے بعد علامات خراب ہو جائیں۔ — کیموملیا۔ ایسکولس ہپ۔ پٹرولیم۔ پلاٹینا۔ نکس وامیکا

حساس معمولی معمولی باتوں کو شدت سے محسوس کرے۔ اگنیشیا ایسے الفاظ سے زبردست جھٹکا لگے جو اسے ذرا بھی غلط محسوس ہوں۔
حساس جسمانی اور ذہنی طور پر ذرا سی بات سے جھٹک اٹھے۔ جلد جلدی باتیں کرے۔ — سٹفی سائیکریا

مریض چڑچڑا۔ اچھوا جانا یا دیکھا جانا برداشت نہیں کرتا۔ — ہیپر سلفر سانگا

مریض چڑچڑا۔ مایوس۔ تاریک پہلو دیکھنے والا۔ معمولی کام بہت بڑی مہم معلوم ہو۔ — کالی فاس

چڑچڑا پن بے آرام مریضہ۔ سیپیا کی طرح ہر وقت کام کاج میں لگی رہے۔ — سیپیا۔ سلیونائس

**بدخو** بدخو انتہائی — کیموملیا۔ ایسکولس ہپ

مریض چڑچڑا۔ معمولی سے درد کو برداشت نہیں کرتا۔ مکان سر پر اٹھا لیتا ہے۔ بڑی عمر کا مریض کسی سے باتوں کی طرح بات ہی نہیں کر سکتا۔ یہ سب سے بڑی غصے اور درد والی دوا ہے۔ خاموش اور ضبط کرنے والا مریض کیموملیا نہیں ہو سکتا۔ معمولی علامات شدت سے سامنے آئیں۔ — کیموملیا

**نرم مزاج** مریض کا مزاج نرم۔ ملیع طبع۔ بات بات پر رو پڑتا ہے۔ مریض ابھی ابھی خوش ہے اور ابھی ابھی رو رہا ہے اور پھر تھوڑی دیر بعد راضی خوشی ہے۔



رونے کی وجہ سے علامات نہ بتا سکے۔ غمگین۔ مایوس۔ — پلساٹیلا

## بُرا بھلا کہے، قسمیں کھائے

بُرا بھلا کہے اور معمولی معمولی باتوں پر قسمیں کھائے۔ اناکارڈیم۔ لیک کینائم — لیم گک۔ تانرک ایسڈ۔ وریسٹرم البم
بُرا بھلا کہنے جنون میں۔
بُرا بھلا کہنے اور قسمیں کھانے کی عادت۔ ہر ایک کو شک و شبہ کی نظر سے دیکھے۔ عجیب مزاج سنجیدہ معاملات پر ہنس دے۔ اور ہنسی والی باتوں پر سنجیدہ ہو جائے۔ اپنے آپ کو شیطان سمجھے — اناکارڈیم

## مایوسی

مایوس — پلساٹیلا۔ ایپس۔ فاسفورک ایسڈ۔ لیک کینائم
مایوسی انتہائی اور دماغی بے حسی۔ لاپرواہی۔
مایوس اور ناامید خیال کرے کہ بیماری لاعلاج ہے۔ — سم سی فیوگا۔ ایم میٹ
مایوس کسی وقت بھی رونے لگے۔ — لیک کینائم
مریض غمگین اور مایوس۔ رونے کی طرف مائل۔ ہر وقت اپنی موت کے متعلق سوچتا رہے۔ — گریفائٹس
مایوسی و افسردگی حد سے زیادہ اردگرد کے لوگوں کو بھی مایوس کر ڈالے۔ آنے والی مصیبتوں کے متعلق ہر وقت سوچتا رہے۔ — سوئینم

## بدلتا ہوا مزاج

مزاج بدلتا رہے کبھی خوش کبھی ناخوش۔ ہنستے ہنستے رو پڑے۔
ایکونائٹ۔ پلساٹیلا۔ اگنیشیا۔ پلاٹینا۔ کرو کس۔ — نکس موشکاٹا۔ کافیا
بدلتا ہوا مزاج ابھی ابھی قہقہے پھر رونا اور غمگینی اور لمبے لمبے سانس رنج و غم سے ذہنی اور جسمانی طور پر نڈھال ہو جائے۔ — اگنیشیا
بدلتا ہوا مزاج مریض ایک وقت خوش۔ بے تحاشا ہنسے۔ کودے۔ گائے ناچے سیٹیاں بجائے ہر شخص سے محبت کرے۔ چومنا چاہے دوسرے وقت میں غمگین ہو چیخنے چلانے۔ دیوانہ بن جائے۔ گالیاں دے۔ دوستوں کو بھی گالیاں دے پھر اپنی حرکات پر پچھتائے۔ — کروکس سنائیوا

## غشی

مریضہ آسانی سے بات بات پر غش کھا جائے۔ ایسی عورتیں اور لڑکیاں جو خود سر ہوں اطاعت و فرمانبرداری کے قریب بھی نہ گئی ہوں۔ درشت مزاج اور خود غرض ہوں۔ — ماسکس

# معدہ

معدہ

(ابیٹ ، قولنج ، متلی ۔ قے اور نفخ بھی دیکھئے)

**احساس** ڈوبنے کا احساس پیٹ میں۔ ایسٹک ایسڈ۔ ڈانسکوریا میوریکس ڈوبی ٹیلس

ڈوبنے اور غشی کا احساس پیٹ میں گویا کہ دم مر رہا ہے۔

ڈوبنے اور خالی پن کا احساس پیٹ میں۔ سیٹم ۔ چیلیڈونیم فاسفورس سیپیا

جیسے ڈھانچے تک رہے ہیں گویا پیٹ اور معدہ اپنی کاک سنفی سائیکوسا اگر کیس ٹیسکم گینشیا سلفیورک ایسڈ

خالی پن احساس معدے میں فاسفورس میں یہ علامت نمایاں ترین ہے۔

فاسفورس ۔ اگنیشیا ۔ ہائیڈراسٹس

خلا کا احساس معدے میں جو غذا کھانے سے بھی کم نہیں ہوتا۔ سیپیا میوریکس اگنیشیا

خلا اور کمزوری کا احساس مگر غذا سے نفرت معدے کی کمزوری دراس میں زنم۔

خلا کا احساس معدے میں صبح ۱۱ بجے صبح کے کھانے کے لیے انتظار نہ کر سکنے ہائیڈراسٹس سلفر

خلا کا احساس معدے میں صبح ۱۰ یا ۱۱ بجے جسے کھانے سے آرام آتا ہے۔ نیٹرم کارب

معدے میں برف کی سی ٹھنڈک یا جلن کا احساس۔ کاپسیکم کاسٹیکم

چونا جلایا جا رہا ہے جیسے معدے میں۔

احساس کہ پیٹ کو کسی نے ہاتھ سے مضبوطی سے پکڑا ہوا ہے۔ نچوڑا جا رہا ہے۔ ہر ایک انگلی آنتوں کو جا رہی ہے کاٹنے والا درد بائیں سے دائیں (لیکیسس ۔ دائیں سے بائیں۔ لائیکوپوڈیم) اپی کاک

**باری باری**

معدے کی علامات۔ باقی کی دردوں کے ساتھ باری باری ہوں۔ اُن میں سے ایک تکلیف خواں میں ہو اور دوسری بیمار میں۔ کالی بائی

**بدہضمی** بدہضمی مستقل۔ کاربو ویج

بدہضمی اور ترش ڈکاریں کمی خون والے افراد میں۔ فیرم فاس



بدہضمی معدہ خشک غذا سے بھرا ہوا معلوم ہوتا ہے جس کی وجہ سے چھوٹی چھوٹی ڈکاریں بار بار آتی ہیں۔ کیلیڈیم

بدہضمی کو ثقیل اور واہیات قسم کی غذاؤں سے آرام نرم غذا سے بدہضمی بڑھ جاتے۔ اگنیشیا

**بوجھ** بوجھ معدے میں کھانا کھانے کے ۱، ۲ یا ۳ گھنٹے کے بعد درد میں اُس وقت افاقہ ہوتا ہے۔ جبکہ کھانا ہضم ہو جاتا ہے۔ نکس وامیکا کالی بائی نکس موشکاٹا

بوجھ معدے میں کھانا کھانے کے فوراً بعد۔

بوجھ معدے میں کھانا کھانے کے ۱، ۲ یا ۳ گھنٹے بعد۔ کھانا کھاتے سے درد میں افاقہ ہوتا ہے (چیلیڈونیم۔ پٹرولیم) درد میں افاقہ کے لیے رات کو وقت اُٹھ کر کھانا پڑتا ہے۔ ڈاکٹر نیش نے ۲۰۰ کی طاقت میں دیا ہے۔ انا کارڈیم

**پتھر** ایسے محسوس ہو کہ معدے میں پتھر رکھا ہے۔ نکس وامیکا برائی اونیا ۔ پلساٹیلا

**ٹھنڈک** ٹھنڈک کا احساس پیٹ میں۔ وریٹرم البم کالچیکم ٹیسکم وریٹرم البم

ٹھنڈک کا احساس اور کاٹنے والا درد۔ گویا کہ چاقو لگ رہے ہوں۔

**جلن** جلن معدے میں جیسے چونا جلایا جا رہا ہے۔ کاسٹیکم

جلن شدید پیدا ہوشدید ہچکاس جو معدے سے منہ تک تمام جلد کو چھیل دیتی ہے۔ اسہال کی صورت میں مقعد کو چھیل دیتی اور آگ کی سی جلن ہوتی ہے۔ آئرس ورس

جلن غذا کی نالی میں۔ معدہ میں جلن اور سیاہ رنگ کی قے، معدے کا سرطان، نامکمل ہاضمہ کی وجہ سے بوڑھے اشخاص کے پیٹ میں نفخ۔ تیزابیت اور جلن۔ کاربالک ایسڈ کالچیکم نیٹرم فاس

جلن یا برف کی سی ٹھنڈک کا احساس معدے میں۔

جلن معدے میں تیزابیت کی وجہ سے۔

معدہ 267 جوہر ہومیو پیتھی

**حمل** حمل کے دوران معدے کی تکلیف۔ درد جب بھی معدہ خالی ہو لگاتار کھاتے رہنے سے درد میں افاقہ — پیٹرولیم

**درد**

(قولنج کا عنوان بھی دیکھئے)

درد معدے میں جس سے زبردست کمزوری ہو جائے غشی ہو اور پیٹ کے جوف میں ڈوبنے کا احساس ہو۔ — ہائیڈراسٹس کینیڈینسس، اگنیشیا

درد شدید پیٹ میں، مریض درد کی شدت سے دوہرا ہو جاتا ہے اور پیٹ کو ہاتھ سے دباتا ہے۔ آگے جھکنے سے درد کو آرام آتا ہے۔ کھانے پینے سے درد بڑھے۔ — کالوسنتھ

درد قولنجی پیٹ میں مریض ڈائسکوریا کی مانند پیچھے کی طرف اکڑتا ہے۔ — بسمتھ

درد شدید قولنجی پیٹ میں جو جسم کے دوسرے اعضا تک پھیلے پیٹ میں درد کا احساس رات کو بڑھ جاتا ہے جس سے مریض جسم کو نیچے پھیلاتا اکڑاتا ہے۔ ایسا احساس کہ پیٹ کی ناف میں دھاگہ بندھا ہے اور کھینچ کر ریڑھ کی ہڈی سے لگا دی گئی ہے۔ — پلمبم

درد قولنجی پلمبم کی مانند درد ناف سے شروع ہو کر تمام جسم میں جیسی کہ ہاتھوں پاؤں کی انگلیوں کے سروں تک پھیلتا ہے۔ پیچھے اکڑنے سے درد کو آرام آگے جھکنے اور لیٹنے سے قولنجی درد بڑھ جاتا ہے۔ معدہ میں ڈوبنے کا احساس۔ — ڈائسکوریا

**دباؤ** دباؤ سے درد میں کمی آرام۔ — کالوسنتھ، ڈائسکوریا

**ڈکار** دیکھئے ڈکار کا عنوان

**ذہن** کھانے کے بعد دو تین گھنٹے تک ذہن کام نہ کر سکے۔ — نکس وامیکا

**قولنج یا قے متلی** ان کے اپنے عنوانات کے تحت دیکھئے۔

**کھٹاس** کھٹاس شدید جو معدے سے منہ تک تمام جگہ کو گھیر لیتی ہے اور



شدید جلن پیدا کرتی ہے۔ اسہال کی صورت میں مقعد کو چھیل دیتی ہے اور آگ کی سی جلن ہوتی ہے۔ — آئرس ورس

کھٹاس معدے کی، پرانی بدہضمی کے مریض جو ہر وقت ڈکاریں لیتے ہیں جو عموماً کھٹی ہوں۔ — نیٹرم کارب

کھٹاس معدے میں کھٹی قے۔ دانت کھٹے ہو جاتے ہیں، وسلی پینے والوں کے معدہ کی خرابی۔ — سلفیورک ایسڈ

کھٹاس معدے کی علامات نمایاں ہوں۔ بہت نفخ اور قبض۔ — لائیکوپوڈیم

ترش ڈکاریں اور بدہضمی کی خون والے افراد میں۔ — فیرم فاس

## کھانے پینے سے تکالیف

کھانے کے بعد معدے کی خرابی۔ — نکس موشاٹا، کالی فاس، سلفر سائیگر

کھانا کھاتے ہی مریض پر مائیوپیا کی سی کیفیت طاری ہو جاتی ہے طبیعت بالکل بجھ جاتی ہے۔ جوں جوں کھانا ہضم ہوتا ہے طبیعت بحال ہو جاتی ہے۔ رباح بادار، باضمہ بہت کمزور اور تکلیف اس قسم کی کہ ابھی کھانے کی میز پر ہی ہوتا ہے کہ تکلیف شروع ہو جاتی ہے۔ — نیٹرم کارب، ہائیڈراسٹس کینیڈینسس

کھانا کھانے کے بعد معدہ ہوا سے پھول جائے۔ فاسفورس، اگنیشیا کھانا کھانے کے بعد کمر کے اوپر کسی حصہ میں کرے، معدہ کی [illegible] کو ڈھیلا کرنا پڑے۔ — لیکیسس، کلکیریا کارب، فیرم میٹ، کلکیریا فاس

کھانے پینے سے تکالیف میں اضافہ۔ — سلفر سائیگر، چائنا

جونہی کچھ کھانے کی کوشش کرے پیٹ میں درد ہو۔

ذرا بھر کھانے پینے سے تکالیف کا بڑھ جانا خاص علامت ہے

کھانا کھانے کے فوراً بعد پاخانے کی حاجت پاخانے عموماً رات کو آتے ہیں۔ بلا درد، ریح کے ساتھ ہوتے ہیں۔ — آرسنک البم

کھانے پینے کے بعد بیک وقت قے اور دست جس کے بعد شدید کمزوری ہو جائے۔ ٹھنڈے مشروبات۔ پھل، آئس کریم سے معدے کی تکالیف۔ — انٹم کروڈ

کھانا زیادہ کھا لینے سے خصوصاً مرغن غذائیں معدے میں خرابی، طبیعت متلی، قے کی طرف مائل ہو۔ منہ میں کھائی ہوئی غذا کا ذائقہ اور متلی۔ کھانے کے فوراً بعد قے ہو جائے گویا کھانا ابھی تک معدے میں پہنچا ہی نہیں۔ معدے میں بھوک اور کمزوری کا شدید احساس۔ — فاسفورس

### کھانے پینے کے دو تین گھنٹے بعد تکالیف

کھانا کھانے کے دو تین گھنٹے بعد معدے میں خرابی۔ نکس وامیکا، لائیکوپوڈیم کالوسنتھ نکس وامیکا
کھانا کھانے کے گھنٹہ دو گھنٹے بعد معدے میں درد، بدہضمی اور
بوجھ کا احساس شام کے کھانے کے بعد نیند آجانے۔ نکس وامیکا

### کھانے پینے سے اتفاق

معدے میں درد جس میں کھانا کھانے کے بعد افاقہ ہو۔ انا کارڈیم، ہیڈرولیم جیلیڈونیم
کھاتے وقت بہتر محسوس کرے۔ آنیسوڈیم، ایلومینا۔ سورینم
کھاتے وقت علامات غائب ہو جائیں۔ انا کارڈیم، کالی فاس۔ سورینم

### کھانے پینے کا مثل

کھانے پینے چیزوں سے بے رغبتی ہے۔ میلا ٹوما
کھانا پینا سے میں رکاوٹ کی حد کرے۔ انا کارڈیم
چیزیں کھاتے وقت رکاوٹ سی محسوس ہو چیزیں حلق سے نیچے کے اندر چلی جاتی ہیں۔ انا کارڈیم
پینے کی چیزیں جب گلے سے نیچے اتریں تو غرغرے کی آواز پیدا کریں۔ لیوبرم

سلفر کاسٹیکم، نائٹرک ایسڈ
کالی بی، سلیشیا
آرسنک البم تھوجا

### متعلقہ قصے
دیکھئے قصے کا عنوان۔

### نفخ
دیکھئے نفخ کا عنوان۔

### متفرق
غصے سے شدید نفرت۔
ہاضمے کی خرابی۔ پلساٹیلا، نکس وامیکا

کالی بچم، نکس وامیکا، برائی اویا

## ماضی

ایسے دوائیوں کی دوا ہے جو کسی گذشتہ بیماری سے مکمل طور پر شفایاب نہ ہوئے ہوں۔ وہ بیان کریں کہ جسے انہیں تپ محرقہ، ملیریا بخار یا کوئی اور بیماری ہوئی ہے وہ کسی نہ کسی تکلیف میں مبتلا رہے ہیں۔ کارلوویجی

دیرینہ شکایات جن میں مریض کئی برسوں سے مبتلا ہو کوئی دل ہوئی بیماری یا جو وقتی طور پر دست شدہ بیماری کے باقی ماندہ اثرات ہوں کہ موجود ہوں۔ کارلوویجی، سورینم



## مقعد

مقعد

### احساسات مقعد

مقعد میں لکڑی کی چھوٹی چھوٹی چپٹیوں کے پھنسے ہوئے ہونے کا احساس۔ بواسیر شدید قبض کے ساتھ۔ مقعد میں کھجلی۔ کالنسونیا
مقعد میں چیونٹیوں کا احساس۔ جلاؤ، خشکی اور گرمی۔ ایسکولس ہپ
یہ احساس کہ مقعد میں شیشے کے ٹکڑے پیس کر ڈال دیئے گئے ہیں۔ رٹنیا
دے پر بیٹھے ہونے کا احساس۔ سیون کے مقام پر مقعد کے قریب جن مقعد کی طرف دباؤ جیسے کوئی گولہ موجود ہو۔ کنابس انڈیکا
سکڑنے کا احساس اور چبھن دار درد میں (نائٹرک ایسڈ) سیپیا
یہ احساس کہ مقعد کھلی ہے۔ اسہال میں۔ فاسفورس۔ نیٹرم میور
مقعد میں کسی ڈھیلا یا کارک (ڈاٹ) لگا ہونے کا احساس۔ ایمبرا۔ سیکیل کار
انا کارڈیم

### کانچ، مقعد باہر نکلنے

باہر نکل آئے مقعد آگے جھکنے، بوجھ اٹھانے، پاخانہ کرتے وقت یا وضع حمل کے بعد۔ روٹا
باہر نکل آئے پیشاب کرتے وقت بھی، بلکہ ریح خارج کرتے وقت بھی مقعد باہر نکل آئے۔ مقعد بہت حساس ہو۔ میوریٹک ایسڈ
باہر نکلنے کے بعد۔ مقعد میں اوپر کی طرف جاتا ہوا تیز درد جو کافی عرصے تک جاری رہے اور بار بار پاخانہ کی حاجت ہو۔ اگنیشیا
کانچ نکلنے کی دیگر رہنما ادویات۔ پوڈوفائیلم، نائٹرک ایسڈ سٹیفم میوریکس

### مقعد میں جلن خارش

مقعد میں جلن سلفر، رٹنیا
خارش اور جلن مقعد میں جس کی وجہ سے نیند اڑ جائے۔ ایلوز، انڈیگو
مقعد میں خارش رات کے وقت۔ ذیم میٹ
پاخانے کے بعد مقعد میں جلن۔ آرسنک البم، کیپسیکم کمبھ جیا۔ آئرس ورس
مقعد میں کھجلی بواسیر کے ساتھ۔ کالنسونیا

مقعد میں جلن اور کھجلی مقعد دکھے۔ بھاؤ کا احساس۔ ایسکولس ہیپ سلفر ایلوز، اگنیشیا میوریکس

## کٹی پھٹی مقعد

مقعد کٹی پھٹی۔ پاخانہ کے بعد شدید درد ہیں جو کئی گھنٹے تک رہتی ہیں۔ نرم پاخانے سے بھی درد ہوتا ہے۔ مریض شدت درد سے ایک دو گھنٹے تک چلتا پھرتا ہے۔ پاخانہ کے بعد درد ہونا اس دوا کی خاص علامت ہے۔ نائٹرک ایسڈ

مقعد کٹی پھٹی پاخانہ کے بعد بہت درد ہوتا ہے۔ گریفائٹس

مقعد کے ارد گرد کی جگہ سُرخ، چھیلی ہوئی اور دُکھے۔ سلفر۔ سیپیا۔ کیولا

درد گویا کہ مقعد اور امعائے مستقیم پھٹے ہوئے ہیں ان میں دُکھن بعض اوقات خون بھی آتا ہے۔ چبھن دار دردیں۔ نائٹرک ایسڈ۔ نیٹرم میور

مقعد پھٹ جائے۔ میز درد ہوں۔ خواہ پاخانہ نرم ہی کیوں نہ ہو۔ نائٹرک ایسڈ۔ ایلومن

مقعد پھٹی ہوئی اور اس کے ارد گرد گوشت مسّے۔ تھوجا۔ انٹم کروڈ نیٹرم میور۔ رٹہنیا گریفائٹس سلیشیا

## درد مقعد میں

مقعد میں چبھن دار دردیں۔ نیٹرم میور۔ نائٹرک ایسڈ

شدید دردیں جو مقعد سے اوپر امعائے مستقیم تک جائیں۔ نائٹرک ایسڈ۔ سلفر

ڈاکٹر نیش کے مطابق یہ اگنیشیا کی نہایت قابل اعتماد علامت ہے۔ اگنیشیا

درد مقعد میں۔ جگہ بہت حساس، چھونا یا کپڑا لگنا بھی برداشت نہ کر سکے۔ میوریٹک ایسڈ

درد جیسے کہ شیشے کے ٹکڑے پیس کر مقعد میں ڈالے گئے ہیں (تھوجا) زبردست حساس۔ رٹہنیا

نیچے کی طرف دباؤ والی دردیں ہو کر مقعد یا مثانہ تک پہنچتی ہیں جس کی وجہ سے بار بار پاخانے کی حاجت ہوتی ہے۔ نکس وامیکا

## درد پاخانے کے بعد

پاخانے کے بعد شدید درد ہونا اس دوا کی خاص علامت ہے۔ مریض شدت درد سے ایک دو گھنٹے چلتا پھرتا ہے۔ نرم پاخانے سے بھی درد ہوتا ہے۔ نائٹرک ایسڈ

مقعد میں درد جو پاخانہ کرنے کے بعد ہوا اور اوپر کی طرف جاتے تیز درد جو کافی عرصے تک جاری رہتا ہے اور بار بار پاخانے کی حاجت ہوتی ہے اگنیشیا



پاخانہ کے بعد بہت درد، مقعد کٹی پھٹی اور اس پر گزیما۔ گریفائٹس

مقعد میں درد پاخانہ کرتے وقت جو پاخانہ کر لینے کے بعد بھی کافی عرصہ جاری رہے۔ سلفر۔ سیپیا۔ نیٹرم میور رٹہنیا۔ ایلومن

## اگزیما، گومڑ، مسّے

اگزیما مقعد کا مقعد کٹی پھٹی۔ پاخانہ کے بعد بہت درد ہوتا ہے۔ گریفائٹس

گومڑ نرم مقعد میں۔ موکے کی بھی کے پھول کی مانند۔ اعضائے تناسل پر موکے۔ تھوجا

مقعد میں مسّے اور مقعد پھٹی ہوئی۔ تھوجا۔ انٹم کروڈ گریفائٹس سلیشیا

## مقعد کی فالجی کیفیت، کمزوری

فالج گویا مقعد کو ہو گیا ہو۔ نرم پاخانے کے لیے بھی زور لگانا پڑے۔ ایلومینا۔ انا کارڈیم۔ پلاٹینا سلیشیا۔ نیٹرم میور

کمزوری شدید مقعد کی ذرا توجہ ہٹے تو پاخانہ نکل جائے۔ ایلوز

مقعد کی فالجی کیفیت پاخانہ کچھ باہر آنے کے بعد پھر واپس اندر چلا جائے۔ سلیشیا

## نمی، رطوبت مقعد سے

مقعد سے ہر وقت نمی خارج ہوتی رہے۔ میڈورینم کاسٹیکم ہیپر سلفر۔ سیپیا

مقعد سے زرد رنگ کی رطوبت خارج ہوتی رہے۔ انٹم کروڈ

## فیچولا۔ حیض

فیچولا مقعد کا جو ہجاتی کی علامات سے بھرے۔ ناسور مقعد کے آپریشن کے بعد اگر کھانسی یا چھاتی کی تکالیف ظاہر ہوتی جائیں۔ سلیشیا۔ بر برس ولگرس کلکیریا فاس

حیض کے دوران مقعد میں درد، مقعد زبردست حساس۔ میوریٹک ایسڈ

## مستقبل

مستقبل

مستقبل کے متعلق لگاتار فکر و تردد کرنے والے لوگ۔ سٹفی سائیکریا

## مکانات

یہ احساس کہ دونوں طرف کے مکانات آگے بڑھ کر اسے کچل دیں گے
مکانات کی دیواروں کے کنارے بڑھے ہوتے معلوم ہوں اور اسے
یوں محسوس ہو کہ جونہی وہ پاس سے گزرے گا، ان سے ٹکرا جائے گا۔
اونچے مکانات دیکھنے سے وہ چکرا آ اور لڑکھڑا تا ہے۔ ارجنٹم نائٹ

## مطالعہ

عجیب، غیر مجسم، مذہبی اور ایسی چیزوں کے مطالعہ کا شوق جو کہ
سوجھ بوجھ سے بالاتر ہوں۔ مختلف نوعیت کی باتوں کا مطالعہ کرے۔
عجیب و غریب قسم کی باتوں پر اپنی توجہ مرکوز رکھے۔ مذہبی مالیخولیا۔ سلفر

## موہکے

آتشکی موہکے اعضائے تناسلی پر زخموں کا آگ کی مانند سرخ ہونا۔ سنابرس



## ملیریا

(بخار کا عنوان بھی دیکھئے)

بہت سی علامات خصوصاً ملیریا بخار کا دورہ ۱۰ سے ۱۱ بجے صبح
تک ہوتا ہے۔ بخار کے ساتھ سر درد، پیاس، ہونٹوں کے کناروں
پر آبلے، پسینے سے تمام تکالیف میں آرام (بخار کے دوران دوا
نہ دیں)۔ نیٹرم میور

ملیریا بخار میں ۷ بجے سے ۹ بجے صبح سردی لگتی ہے مریض
کو سردی لگنے سے پہلے شدت کی پیاس لگتی ہے اور وہ سمجھ لیتا ہے
کہ سردی لگنے والی ہے۔ سردی کے بعد مریض کروٹیں کرتا ہے اور
حرارت میں بھی بہت پانی پیتا ہے نیز ہڈیوں کی دردیں ہوتی ہیں۔ یوپیٹوریم پرف

ملیریا بخار میں پیاس سردی کے درجے سے پہلے اس کے بعد اور
پسینہ کے درجے میں لگتی ہے۔ سردی اور گرمی کے درجے میں نہیں
ہوتی اور تینوں درجے مکمل ہوتے ہیں۔ چائنا

ملیریا کے پرانے کیسوں میں پیاس صرف سردی کے درجے میں لگتی
ہے۔ سردی کے درجے میں چہرہ سرخ ہو جاتا ہے۔ اگنیشیا

سردی کے فوراً بعد پسینہ اور پسینے کے فوراً بعد شدید پیاس۔ بڑی
کے بخاروں میں نفع۔ ترش ذائقہ، ترش قے۔ لائیکوپوڈیم

ملیریا بخار جس میں جگر کی خرابی پائی جائے۔ صفراوی دست۔ یرقان۔
کڑوا ذائقہ۔ نیٹرم سلف

بخار میں سردی کے درجے میں خشک کھانسی اور گرمی کے درجے
میں چھپاکی اس دوا کی خاص الخاص علامات ہیں۔ رسٹاکس

# منہ

منہ

## منہ میں آبلے

منہ میں آبلے — انٹم کروڈ — ارجنٹم نائٹ۔ سلفر

منہ میں آبلے، سوتے وقت مریض کے منہ سے رال بہتی ہے۔ مسوڑھے سوجے ہوتے، ان سے خون بہے۔ — مرک سال

منہ میں آبلے۔ رال بہنا۔ منہ سے بدبو آنے باچھیں کٹی پھٹی — نائٹرک ایسڈ

منہ میں آبلے اور بدبو۔ — سلفیورک ایسڈ

منہ میں آبلے، نیلے رنگ کا زخم جس سے بدبو آتی ہے۔ — میورٹیک ایسڈ

منہ میں آبلے، منہ سے بدبو۔ صرف مائعات پی سکتا ہے۔ بھوس غذا سے گھگیانے لگتا ہے۔ — پیٹیشیا

آبلے منہ میں، ساتھ سبز رنگ کے پاخانے، منہ بہت گرم۔ بچہ دودھ نہیں پی سکتا۔ — بورکس

## کونے منہ کے (باچھیں)

کونے منہ کے پھٹے ہوئے۔ بخاری آبلے منہ اور ہونٹوں کے ارد گرد۔ — رسٹاکس

باچھیں اور نتھنے کٹے پھٹے۔ — نیٹرم میور۔ نائٹرک ایسڈ

منہ کے کونے کٹے پھٹے۔ — انٹم کروڈ

باچھیں کٹی پھٹی خون آسانی سے نکل آتا ہے۔ منہ میں آبلے۔ رال بہنا، منہ سے بدبو آنے۔ — ہیلی بورس

منہ اور آنکھوں کے کونے کٹے پھٹے، خون آئے اور ان میں سے شہد کی سی رطوبت خارج ہو۔ — نائٹرک ایسڈ

منہ کے کونے دکھتے ہوں۔ پھٹے ہوں اور خون آئے۔ — گریفائٹس

— آرم ٹریفائیلم

## منہ خشک

منہ بہت ہی خشک۔ — نکس موشکاٹا۔ ایپس — یکیسس۔ پلساٹیلا

منہ خشک۔ حلق خشک۔ — سٹرامونیم۔ پلساٹیلا۔ — بیلاڈونا

منہ اور گلا خشک، زیادہ خشکی کی وجہ سے زبان تالو سے جا لگتی ہے۔



تھوک روئی کے گالے جیسی اور لیسدار ہوتی ہے۔ — نکس موشکاٹا

حیض کے موقعے پر منہ، گلا اور زبان شدید خشک، خصوصاً جب کہ مریضہ سوتی ہوئی ہو۔ — ٹرنٹولا کیوبنس

## رال

منہ سے مسلسل رال بہے۔ — لوبیلا انفلیٹا

منہ سے بدبو، اور جھاگ جیسی لیسدار رال بکثرت، شدید پیاس، سفید رنگ کا جھاگ منہ سے لگاتار جاری رہے۔ — مرک سال

منہ سے بکثرت بدبودار رال بہے۔ — میگ میور

— برٹیا میور

## متفرق

منہ کو رگاتار حرکت میں، رکھے گویا کوئی چیز چبا رہا ہو۔ — بڑی اونیا ہیلی بورس

بات چیت کرتے وقت یا چباتے وقت گالوں کے اندر والا حصہ دانتوں کے نیچے آجائے۔ — اگنیشیا

منہ اور ناک گرد سفیدی اور نیلاپن۔ — سانگا

منہ اور ناک کے گرد پیلاپن — کاربالک ایسڈ

# موسم

موسم

(سرد۔ سردی۔ گرم، گرمی کے علیحدہ عنوانات قائم ہیں)

## موسم گرما

موسم گرما میں نقاہت کا شکار ہو جاتے۔ — جیلسیمیم
موسم گرما میں علامات بڑھ جائیں۔ — نیٹرم میور
سرد موسم گزر جانے کے بعد جب گرم موسم شروع ہو تو تکالیف شروع ہو جائیں۔ — برائی اونیا
خناق اور دیگر تکالیف موسم گرما میں واقع ہوتی ہیں۔ حالانکہ تمام دواؤں میں خناق سردیوں میں واقع ہوتا ہے۔ — بڑمیم

## موسم سرما

خشک سرد موسم کی مشہور ادویات۔ ایکونائٹ۔ برائی اونیا۔ کاسٹیکم — ہیپر سلفر۔ نکس وامیکا
سرد موسم ناقابل برداشت ہو۔ — کالی کارب
سرد موسم میں جلدی امراض میں اضافہ ہو جائے۔ ایلوز۔ پٹرولیم۔ سورائنم۔ ایوسینا — ہیپر سلفر

## موسم بہار

موسم بہار میں علامات شدید ہو جاتی ہیں۔ — کروٹیلس
موسم بہار میں جلدی علامات پھر سے پیدا ہو جائیں۔ — نیٹرم سلف

## طوفانی گرج چمک کا موسم

بادل، طوفان آنے سے پہلے تمام علامات بڑھ جائیں۔ طوفان کے بعد آرام محسوس ہو۔ — روڈوڈینڈران۔ فاسفورس۔ نیٹرم کارب — سیلیشیا۔ پٹرولیم۔ سوئینم

گرج چمک کے دوران بے چینی محسوس کرے۔ — فاسفورس۔ نیٹرم کارب
گیلے طوفانی موسم میں مزاج طبیعت بگڑ جائے۔ — ایوسینا کارب



## مرطوب موسم

مرطوب موسم کی مشہور ادویات تکالیف بڑھ جائیں۔
رسٹاکس۔ ڈلکامارا۔ نیٹرم سلف۔ نکس موشکاٹا۔ تھوجا۔ روڈوڈینڈران — اکٹیا ریسموسا۔ کلکیریا فاس

جہاں مرطوب موسم میں علامات کے بڑھنے کا پتہ چلے وہاں یہ یقیناً پہلی دوا ہوگی خصوصاً درد جوڑوں کی دردیں اور اسہال۔ مرطوب موسم میں تجربا تکس لینے کی خواہش۔ — نیٹرم سلف

## موسم کا تبدیل ہونا

موسم کی تبدیلی پر اکثر علامات خراب ہو جاتی ہیں۔ موسم کے تبدیل ہونے پر جوڑوں کی دردیں۔ — کلکیریا فاس

موسم کے تبدیل ہونے پر تکالیف شروع ہو جائیں۔ — مرک سال — چیلیڈونیم۔ سوئینم

## متفرق

خشک موسم میں تکالیف بڑھ جاتی ہیں مرطوب موسم میں آرام رہتا ہے۔ — میڈورینم۔ کاسٹیکم

نمدار موسم میں آرام۔ — ہیپر سلفر

# محتاط

محتاط

محتاط بہت زیادہ ۔ ڈرپوک ۔ قوت ارادی کی کمی ۔ پلساٹیلا گریفائٹس

# موت

موت

موت کا ڈر۔ اپنی موت کے دن کی پیشین گوئی کرے ۔ ایکونائٹ
موت کا ڈر۔ خیال کرے کہ اُسے ضرور مر جانا چاہیے ۔ خیال کرے کہ اس کا مرض لاعلاج ہے اور موت یقینی ہے ۔ موت کا خوف محسوس کرے جب اکیلا ہو۔ آرسنک البم

موت کا خوف۔ ایکونائٹ ۔ آرسنک البم لیک کائنم

موت کی خواہش کرے ۔ زندگی سے بے زاری کا اظہار کرے ۔ سلفر
موت کے علاوہ اور کسی بات کے متعلق نہ سوچے ۔ گریفائٹس

موت کے بلد واقع ہونے کے متعلق شدید قسم کی تشویش کا اظہار کرے ، خیال کرے کہ موت قریب آگئی ہے ۔ کتابس انڈیکا
خیال کرے کہ کوئی اُسے قتل کرنا چاہتا ہے اور خیالی دشمن سے بھاگ کھڑا ہو ہائیوسائیمس

# موسیقی

موسیقی

موسیقی سے تکالیف میں اضافہ ہو جائے ۔ خصوصاً حیض کے دوران ۔ نیٹرم کارب
موسیقی کو برداشت نہ کر سکے ۔ سبائنا۔ ایکونائٹ
دل کو لبھانے والی موسیقی کو سن کر غمگین ہو جائے ۔ نیٹرم سلف
موسیقی سے رونا آجائے ۔ تھوجا۔ گریفائٹس



# ناخن

ناخن

ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کے ناخن موٹے اور بدشکل ہو جائیں ۔ جب آپ ناخنوں کی یہ شکل دیکھیں تو اس دوا کو نہ بھولیں ۔ گریفائٹس

ناخن بدوضع اور بے قاعدہ اگتے ہیں ۔ جلد نہیں اُگتے کچلے ہوئے سے ناخن جو مسوں اور سینگ کی شکل میں پھٹ جائیں ۔ انٹم کروڈ

## مڑے تڑے ، جلد ٹوٹ جائیں

ناخن ہاتھوں پاؤں کی انگلیوں کے مڑے تڑے ۔ سلیشیا۔ انٹم کروڈ
ناخن جلد ٹوٹ جائیں ۔ گریفائٹس تھوجا۔ ڈائسکوریا

## درد ہو۔ اندر دھنس جائیں

ناخن کی جڑ کی پُر درد سوزش ۔ ڈائسکوریا
ناخن خورہ جب کہ درد دھاریوں کی شکل میں اُوپر تمام بازوؤں تک جائے ۔ بیوفو
پاؤں کی انگلیوں کے ناخن اندر دھنس جائیں جنہیں چھونا نہایت پر درد ہو۔ نائٹرک ایسڈ

## اردگرد کی جلد

ناخنوں کے اردگرد کی جلد خشک اور پھٹی ہوئی ۔ نیٹرم میور گریفائٹس۔ پٹرولیم

## ناخن دانتوں سے کاٹے

ناخنوں کو کاٹے حتیٰ کہ اُن سے خون نکل آئے ۔ آرم ٹریفائیلم

## رنگ یا داغ

انگلیوں کے ناخن نیلے ۔ کاربو ویج
ناخنوں پر سفید داغ ۔ پاؤں کے ناخن مڑے تڑے ۔ انٹم کروڈ۔ سلیشیا

# ناک

ناک

## ناک بند، کھلی

ناک بند ہو جائے۔ خشک زکام۔ رات کو تکلیف بڑھے۔ منہ سے سانس لینا پڑے۔ نکس وامیکا۔ امونیا کارب۔ سمبوکس۔ لائیکوپوڈیم

ناک رات کو بند۔ دن کو زکام چلے اور ناک کھلی ہو۔ ہیپر سلفر۔ سٹکٹا

ناک بند ہوتی ہے۔ بچہ منہ سے سانس لینے پر مجبور ہوتا ہے۔ دودھ پینا دشوار ہو جاتا ہے۔ نکس وامیکا

**نتھنے** کبھی ایک نتھنا بند اور دوسرا کھلا پھر دوسرا بند اور پہلا کھلا۔ سمبوکس

دن کو ایک نتھنا بند اور رات کو دونوں۔ لیک کنائم

نتھنے حرکت کرتے ہیں۔ امونیا میور

نتھنے پنکھے کی مانند چلیں۔ لائیکوپوڈیم

نتھنے اور باچھیں کٹی پھٹی۔ انٹم ٹارٹ۔ برومیم

انٹم کروڈ

## ناک مَلے، اُنگلی ڈالے، چھیلے

بچہ ہر وقت ناک کو ملتا اور اس میں انگلی پھیرتا ہے۔ سانگا

ناک کو زور سے ملے۔ نیٹرم میور

ناک اندر اور باہر سے چھیلی ہوئی سُرخ۔ بعض ناک کو بار بار نوچتا ہے۔ ناک کے اندر انگلی گھسیڑتا ہے حتیٰ کہ اس سے خون آ جاتا ہے۔ آرم ٹریفائیلم

## مسلسل ناک صاف کرے، لوتھڑے

مسلسل ناک صاف کرنے کی خواہش۔ سٹکٹا۔ ٹیوکرم

ناک میں بڑے بڑے لوتھڑے بنتے ہیں۔ پرانے نزلہ میں ناک کی جڑ میں وباؤ۔ اکثر اخراج کے بند ہونے پر پیدا ہوتا ہے۔ کالی بائی

ناک میں خشک لوتھڑے بنتے ہیں۔ نکالنے پر بھربھرے ہو جاتے ہیں۔ بوریکس



## ناک رنگ، چمک

ناک سرخ۔ فاسفورس

ناک کی نوک سُرخ۔ سلفر۔ چائنا

ناک پر بھوری چھائیاں۔ سلفر۔ لیکیس

ناک کے گرد سرخ لکیر پھر جاتی ہے۔ سیپیا

ناک اور منہ کے گرد پیلاپن۔ سونگھنے کی قوت بہت تیز۔ ایتھوزا

ناک چمکتی ہوئی۔ کاربالک ایسڈ

فاسفورس

## ناک کی نوک

ناک کی نوک نمایاں ہو جائے۔ کیمفر۔ وریٹرم البم

ناک کی نوک سُرخ۔ سلفر۔ لیکیس

ناک کی نوک پر خارش۔ کاسٹیکم

ناک کی نوک برف کی مانند سرد۔ وریٹرم البم

**نکسیر** نکسیر روزانہ آئے کئی ہفتوں تک جاری رہے ذرا سی مشقت سے بڑھ جاتے۔ کاربو ویج

صبح کے وقت منہ دھونے پر نکسیر شروع ہو جاتی ہے۔ ایمونیا کارب

نکسیر خصوصاً صبح کے وقت۔ بوو سٹا

نکسیر سیاہ چپکنے والی تارور، دھاگہ نما۔ کروکس سٹائیوا

نکسیر جو کہ حیض کے دوران ہو۔ نیٹرم سلف

عوضی حیض۔ یعنی حیض کی بجائے نکسیر بہنے لگے۔ برائی اونیا۔ پلساٹیلا

نکسیر سے تکالیف میں افاقہ ہو۔ (بیوفو۔ لی لوٹس) فیرم فاس

# نفخ

نفخ

## اوّلین ادویات

پیٹ میں زبردست ہوا۔ — چائنا۔ کاربو ویج — لائیکوپوڈیم۔ کاپیکم
جو کچھ بھی کھاتا ہے گیس میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ — کالی کارب — نکس موشکاٹا۔ آئیوڈم
کھانا کھانے کے بعد معدہ ہوا سے پھول جائے۔ — فاسفورس۔ اگنیشیا — ہائیڈراسٹس۔ سیپیا
پیٹ میں زبردست ہوا پیٹ تنا ہوا گویا پھٹ پڑے گا۔ — کاربو ویج۔ کالی کارب — ارجنٹم نائٹ۔ کاپیکم

تمام پیٹ ہوا سے بھرا ہوا۔ کھانا کھانے کے بعد ریح بڑھ جاتی ہے۔ پھول کھانے سے بھی تکلیف میں اضافہ ہوتا ہے (پلساٹیلا) ڈکار لینے کی خواہش تاہم ڈکار سے یا ریح کے اخراج سے آرام نہ آئے۔ — چائنا

ہوا بکثرت معدے اور آنتوں میں پیٹ کے اُوپر والے حصے میں ہوا کا بہت زور ہو۔ کھانے پینے کے بعد تکلیف بڑھ جائے۔ باضمہ کو دور، سادہ سے سادہ غذا بھی موافق نہ ہو۔ مستقل ریاحی بدہضمی۔ ریح بکثرت اور بدبودار۔ معدے میں جلن۔ احساس کو ناکہ پیٹ پھٹ پڑے گا۔ ڈکار لینے سے عارضی طور پر آرام آئے۔ خصوصاً کھانے سے تکلیف بڑھ جائے۔ پیٹ میں بکثرت ریاح خصوصاً پیٹ کے نچلے حصے میں جس سے پیٹ پھولا رہتا ہے۔ جگر کی علامات قبض اور نفخ۔ خوب بھوک لگن چند ہی لقموں سے پیٹ بھر جائے۔ ڈکار سے آرام نہ آئے۔ (چائنا) — کاربو ویج — لائیکوپوڈیم

## ڈکار اور نفخ

پورا پیٹ ہوا سے بھرا ہوا ہو۔ ڈکار سے افاقہ نہ ہو۔ — چائنا
پیٹ کے نچلے حصے میں ہوا۔ ڈکار سے افاقہ نہ ہو۔ — لائیکوپوڈیم
پیٹ کے اوپر والے حصے میں زبردست ہوا۔ ڈکار سے عارضی طور پر افاقہ ہو — کاربو ویج
ہر کھانے کے بعد ڈکار۔ بلند بانگ ڈکاریں۔ — ارجنٹم نائٹریکم
پیٹ میں بہت زیادہ نفخ اور ڈکاریں۔ نفخ سے دمہ۔ — ماسکس

ریاح بدبودار پیٹ میں نفخ ریاح بدبودار (کاربو ویج) آواز سے خارج ہو۔ — کالی فاس
پیٹ میں نفخ ہو جو صرف اُوپر کی طرف زور کرے نیچے کی طرف قطعاً



نہ جائے گلے میں ہوا کا گولا پھنستا معلوم ہو ریاح بدبودار — ایسافوئیڈا

## کھانا کھانے کے بعد

کھانا کھانے کے فوراً بعد پیٹ زبردست پھول جائے پیٹ میں کھانا کھاتے ہی یا کھانا کھانے کے فوراً ہی بعد تکلیف (کالی باتی) — نکس موشکاٹا
جو چیز بھی کھائی جائے فوراً گیس میں تبدیل ہو جائے۔ بہت نفخ۔ شدید بدہضمی۔ احساس کو یا کہ پیٹ پھٹ پڑے گا۔ پیٹ پھولا ہوا پُرحس کی سخن والے معمولوں کے لیے بہت مفید ہے۔ — کالی کارب
ہر کھانے کے بعد ڈکار۔ نفخ اور بدہضمی۔ پیٹ گویا ہوا سے پھٹ پڑے گا۔ ڈکار لینا مشکل ہو۔ بالآخر تندی سے ہوا باہر خارج ہو۔ — ارجنٹم نائٹ
کھانا کھانے کے فوراً بعد نفخ۔ خصوصاً چائے پینے والوں کے لیے جو زبردست قولنج کا شکار ہوں ریاحی قولنج۔ — ڈالسکوریا

## متفرق

پیٹ ہوا سے پھولا ہوا۔ غذا اور اُس کی بُو سے کاپیکم کی طرح نفرت، نفخ کی وجہ سے قولنج۔ احساس کہ پیٹ میں تیز لکڑیاں اور پتھر بھرے پڑے ہیں۔ نفخ اور حیض کی بندش۔ تکالیف عموماً نصف شب کے بعد ہو — کاکولس
پیٹ میں زبردست پھیلاؤ۔ تناؤ اور ہوا۔ چھونا ذرا سا بھی برداشت نہیں کر سکتا۔ پیٹ کا اُوپر والا حصہ متاثر ہو۔ چھونے دبانے سے زبردست پُرحس۔ — لیکیس
نفخ کی وجہ سے پیٹ میں بہت گڑگڑاہٹ ہوتی ہے (ایلوز) اسہال میں بڑے زور کے ساتھ پڑ پڑ کی آواز کے ساتھ اسہال ہوتے ہیں زیادہ تر پیٹ کا دایاں حصہ متاثر ہوتا ہے۔ — نیٹرم سلف
پیٹ میں بہت گڑگڑ۔ — کروٹن تگ

ڈھول کی طرح پھولا ہوا پیٹ۔ — ٹربنتھینا

بواسیر کے ساتھ پیٹ کا نفخ۔ — کالنسونیا

## نجات

اپنی نجات کے بارے میں شک کرے۔ سلفر، لائیکوپوڈیم — لیم ٹگ، ویریٹرم البم

خیال کرے کہ اُس نے اپنی زندگی کو گناہوں میں غرق کر دیا ہے۔ — سلفر

## نہانا دھونا

نہانے دھونے سے علامات بڑھ جائیں۔ — میوریا کارب

## نفرت

سوسائٹی سے، گھر والوں سے نفرت۔ — نیٹرم کارب

## ننگا

اپنے آپ کو ننگا کرے۔ بستر میں ننگا لیٹے۔ ڈھانپا جانا نہ چاہے بے شرمی کا اظہار کرے۔ — ہائیوسائمس

## نمک

نمک کھانے کی زیادہ خواہش ہو۔ (کلکیریا کارب۔ کاسٹیکم) نمک کے زیادہ استعمال کے بُرے اثرات۔ — نیٹرم میور



## ناف

بچوں کی ناف سے خون آمیز مواد نکلتا ہے۔ — کلکیریا فاس

## نبض

نبض بہت مدھم ہو وہ تک چلی جاتی ہے۔ کمزور بے قاعدہ، کبھی سست، کبھی تیز۔ سست نبض اور نیلاپن ہرتیسری، پانچویں یا ساتویں دھڑکن غائب۔ — ڈیجی ٹیلس

نبض اکثر ڈیجی ٹیلس کی طرح بہت سست اور کمزور ہوتی ہے۔ — کالیا

نبض سخت بھری ہوئی اور تیز۔ نبض رُک رُک کر چلتی ہے۔ — ایکونائٹ، سیلینیم

نبض سست ۴۰، سانس سُست 8 فی منٹ — ویریٹرم وائرائیڈ

بڑھاپے میں نبض سست ہے۔ — جیلسیمیم

نبض بہت تیز چلے جسمانی حرارت سے کوئی مناسبت نہ ہو۔ — پائروجینیم

# نیند

نیند

## نیند نہ آئے بے خوابی۔

ادیم — سم سی فیوگا، کافیا

بے خوابی تمام حسوں کی تیزی کی وجہ سے نیند نہ آئے۔ ایسی آوازیں سنے جو عام لوگ نہیں سن سکتے۔ سانس خراٹے دار، گھڑی کی ٹک ٹک، دور دراز کے پرندوں کی چہچہاہٹ سن کر سو نہیں سکتا۔ — ادیم

خیالات سے بھرا ہوا دماغ اور اسی وجہ سے نیند نہ آئے۔ — کافیا

اونچی پوٹینسیوں میں بے خوابی کو دور کرتی ہے۔ چھوٹی پوٹنسی میں اور رات کو دوا لینے سے بے خوابی کی شکایت ہو جاتی ہے۔ — فیرم فاس

## نیند آئے لیکن سو نہ سکے

بیلاڈونا، کیموملا — اوپیم۔ کاسٹیکم

## نیند بکثرت آئے

نیند بکثرت آئے۔ تمام تکالیف میں سونے کی زبردست رغبت — نکس موشکاٹا

اوپیم۔ انٹم آرٹ

مریض سونے پر مجبور رہتا ہے۔ سوتے ہوئے دماغ کی وجہ سے دماغ اکثر غیر حاضر رہتا ہے۔ غنودگی۔ مریض اکثر اونگھتا رہتا ہے۔ نیند کا زبردست غلبہ۔ تمام علامات کے ساتھ نیند مسلط رہے (انٹم آرٹ۔ اوپیم۔ نکس موشکاٹا ایپس) نیند کے دوران نمایاں ہوتی ہیں۔

سانس کی بیماری میں نیند یا مدہوشی کا زبردست غلبہ ہو (اوپیم۔ نکس موشکاٹا، انٹم آرٹ میں چہرہ بے رنگ ہوتا ہے اور سانس میں خراٹے نہیں پائے جاتے حالانکہ اوپیم میں چہرہ سیاہی مائل سرخ اور سانس خراٹے دار ہوتا ہے۔ — انٹم آرٹ

## وقت اور نیند

رات بھر جاگتا رہے۔ — سلفر



تمام دن سوئے تمام رات جاگے۔ تمام جسم میں دردیں ہوں۔ — سلفی سائیکر یا

تمام دن ٹھیک ٹھاک لیکن رات کو چیخے۔ بے آرام ہو اور تکلیف میں ہو مجرب ہے اور کثرت سے آزمائی جا چکی ہے۔ — جلاپا

شام کے وقت سونے سے باز نہ رہ سکے۔ بیٹھے ہوئے یا پڑھتے وقت کئی گھنٹے وقت سے پہلے سو جائے 3 یا 4 بجے صبح جاگ اٹھے۔ جب دن چڑھے سو جائے جس میں خواب نظر آئیں پھر مشکل سے جگایا جا سکے اپنے آپ کو تھکا ہوا اور کمزور محسوس کرے۔ — نکس وامیکا

شام کے وقت نیند بالکل نہ ہو۔ سونا نہ چاہے۔ شروع کی نیند بے آرام اٹھتے وقت تھکا ماندہ ہو۔ — پلساٹیلا

## نیند پر بد اثرات

کاروباری پریشانیوں کی وجہ سے نیند حرام ہو جائے۔ نیند سے خواہ مخواہ اٹھنا پڑے۔ (سم سی فیوگا۔ سیپیا) — امبرا گریسیا

کاروباری پریشانیوں یا غم یا جائیداد کے کھو جانے یا شہرت کو نقصان پہنچنے سے نیند اڑ جائے۔ — بائیو سائیمس کالی برومم

نیند کے ضائع ہو جانے یا رات بھر پہرہ دینے کی وجہ سے پیدا ہونے والے بد اثرات۔ کاکوس — اگنیشیا۔ کاسٹیکم

زیادہ عرصے تک جاگنے کے اثرات ایک یا دو گھنٹے کی نیند کھو جانے سے مجمل علامات پیدا ہو جائیں (نکس وامیکا) نیند کے ضائع ہو جانے سے چکر۔ — کاکوس

شدید جذبات کی وجہ سے نیند نہ آئے۔ حواس خمسہ بہت تیز۔ بجلی کی مانند جھٹکے لگیں۔ — ایجنٹم میٹ آرسنک البم کافیا

پٹھوں کی تھکاوٹ کی وجہ سے نیند اڑ جائے۔ خسرہ کے بعد بے خوابی اور کھانسی۔ — سورینم

شدید خارش کی وجہ سے نیند اڑ جائے یا نیند میں خوفناک ڈاکوؤں، پُرخطر واقعات کے خواب آئیں۔

## نیند سے تکالیف بڑھ جائیں

نیند کے دوران اور نیند کے بعد علامات میں اضافہ۔ اوپم۔ ایپس — لیکیسس۔ کروٹیلس

تمام علامات نیند سے اور نیند کے بعد بڑھ جاتی ہیں۔ یہ اس دوا کی خاص علامت ہے۔ مثلاً سونے پر سانس بند ہو جائے۔ سر درد جاگنے پر پہلے سے زیادہ ہو جائے سو کر اٹھنے کے بعد چکر۔ لیکیسس

سونے کے بعد تکلیف میں اضافہ (لیکیسس) خوف سے بیدار ہو اور محسوس کرے کہ اس کا دم گھٹ رہا ہے۔ گویا سفنج میں سے سانس لے رہا ہے۔ سپنجیا

## نیند تازگی نہ بخشے

نیند تازگی نہ بخشے یا لگاتار نیند نہ آئے 3 بجے صبح کی نیند تھکن پیدا کرنے والی، جلد ہی جاگ اٹھے۔ چائنا

نیند تازگی نہ بخشے بلکہ بیدار ہونے پر زیادہ تھکن محسوس ہو۔
میگ کارب۔ برائی اونیا۔ کونیم ہیپر سلفر۔ اوپیم سلفر

## نیند میں ڈرنا، چیخنا، چلانا

نیند شدید بے آرامی کے ساتھ یا دماغی تکالیف میں گہری غنودگی کی کیفیت ہو جس میں بعض اوقات زبردست چیخیں مارے ایسی علامات میں ایپس کو نہیں بھولنا چاہیے۔ ایپس ملیفیکا

نیند میں شدید بے آرامی کی حالت ہو۔ ڈرے اور چونک اٹھے۔ نیند میں باتیں کرے۔ جھٹکے لگیں۔ آنکھیں بند کرنے پر خوفناک تصویریں سامنے آئیں۔ جس کی وجہ سے مریض سونے سے دہشت محسوس کرے سرگرم آنکھیں سرخ۔ بیلاڈونا

نیند کے دوران چیخے۔ تمام جسم میں جھٹکے لگیں۔ وہ سر کو ایک طرف سے دوسری طرف لڑھکائے۔ چہرہ سرخ اور بے رنگ باری باری۔ زنکم میٹ

بچہ نیند میں چیخیں مارے اور اسے جھٹکے لگیں۔ دوم وقت کچھ نکلتا ہوا محسوس ہو اور دانتوں کو پیسے۔ سانگا

خوفزدہ سی صورت بنا کر جاگ کھڑا ہو۔ جس چیز کو بھی پہلے دیکھے اسی سے ڈرنا شروع کر دے۔ سٹرامونیم

خراٹے والی نیند۔ ساتھ ہی چیخے، چونکے۔ ہیسلی بورس



## نیند کی مختلف حالتیں، نیند میں چلنا

نیند میں اٹھ کر ادھر ادھر چلنے کے بعد پھر سو جاتا ہے۔ سیلیشیا۔ کال برومم
پیٹ کے بل سونے سے بہت سکون ملتا ہے۔ امونیا کارب۔ ایسٹک ایسڈ
مریض ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر ہی سو سکتا ہے۔ روڈوڈنڈران
پیٹھ کے بل لیٹ کر سو نہیں سکتا۔ ایسٹک ایسڈ
پیٹھ کے بل لیٹ کر بہتر سو سکتا ہے۔ آرسنک البم

پسینہ آجائے جونہی سوتا ہے۔ سیلیشیا۔ پلساٹیلا۔ کونیم

## سانس رک جانے

سونے پر سانس رک جائے اور سانس لینے کے لیے جاگنا پڑے۔ اوپیم۔ امونیا کارب
لیکیسس۔ ٹوبی کلیس۔ گرینٹیلیا۔ لیک کنینم

## متفرق

خراٹے والی نیند۔ اوپیم۔ انٹم ٹارٹ۔ ایپس۔ نکس موشکاٹا
نیند میں باتیں کرے۔ بیلاڈونا۔ کال کارب
ذرا سے شور سے مریض نیند سے چونک پڑتا ہے۔ کیلیڈم
بستر سخت محسوس ہو۔ آرنیکا۔ برائی اونیا۔ پائروجینم
نیند اڑ جائے درد کی وجہ سے اور شدید اعصابی حس سے۔ کیموملا
(اگر کیموملا کام نہ کرے تو بیلاڈونا دیں) پیٹیشیا
سوال کا جواب دیتے وقت گہری نیند میں چلا جاتا ہے۔

# وقت

وقت بہت آہستہ گزرتا محسوس ہو۔ ایک گھنٹہ آدھا دن معلوم ہو۔ ایلومینا۔ کناباس انڈیکا

# ہاتھ

ہاتھہ

## جلن، گرمی

جلن ہتھیلی اور تلوؤں کی۔ سلفر سنگوینریا۔ پٹرولیم
جلن ہاتھ پاؤں کی سلفر کی مانند۔ مریض ان کو بستر سے باہر نکال دیتا ہے، ان کے لیے ٹھنڈی جگہ تلاش کرتا ہے۔ میڈورینم
ہتھیلی گرم فاسفورس لیکیس
ہاتھ اور پاؤں باری باری گرم ہوں۔ اگر ہاتھ گرم ہوں تو پاؤں ٹھنڈے ہیں یا اس کے الٹ نیچے کی طرف بوجھ۔ سیپیا

## سرد

ایک ہاتھ برف کی طرح ٹھنڈا دوسرا گرم۔ چائنا۔ ڈیجی ٹیلس اپی کاک۔ پلساٹیلا
سرد برف کی مانند ہاتھ پاؤں اور دیگر اعضاء۔ ڈریسرم البم
بہت سرد ہاتھ کاربو ویج
ہاتھ برف کی مانند سرد جسم گرم۔ ٹیبکم

## سوجائیں، سوجن، درد

سوجائیں ہاتھ پاؤں اکثر اور احساس کر سوجے ہوتے ہیں۔ کاکوس
بایاں بازو سن ہو جائے لیکٹس
سوجن بائیں ہاتھ، پاؤں، ٹانگ میں۔ بایاں بازو سن ہو جائے (کونائم) لیکنس

ہاتھوں اور بازوؤں میں کھچاؤ والا درد۔ کاسٹیکم
دردبائیں ہاتھ تک جائیں۔ (رسٹاکس) کالمبا

## حرکت، کانپنا

حرکت میں مشغول رکھے ہر وقت ہاتھوں، پاؤں کو۔ ٹرنٹولا ہسپانیہ
حرکت میں مشغول رکھے ہاتھ ہر وقت بے آرام۔ کالی برومیٹم
کانپنے لگتے ہیں ہاتھ جب اٹھائے جائیں۔ جیلسیمیم
ہاتھوں اور سر کا اندرونی طور پر کانپنا۔ انتھم ٹارٹ
کپکپاہٹ اور کمزوری ہاتھوں کی لکھتے وقت۔ زنکم میٹ



## کلائی

کلائی کے جوڑوں میں درد اور اکڑاؤ۔ روٹا
کلائی کی سوزش۔ سبائنا

## ہاتھوں کی جلد، پشت

ہاتھوں کی پشت پر مسے۔ ڈسکامارا
ہاتھوں کی پشت پر اگزیما۔ بووسٹا
ہاتھوں کی جلد کھردری پھٹی ہوئی۔ سردیوں میں ہاتھ پھٹ جائیں انگلیوں کے سرے کھردرے۔ پٹرولیم
ہاتھوں پر آتشکی زخم۔ سارسپریلا

## ہتھیلی

ہتھیلی پر مسے۔ اناکارڈیم، نیٹرم میور روٹا، نیٹرم کارب
ہتھیلی پر مسے جو چھونے سے درد کریں۔ نیٹرم کارب
ہتھیلی پر مسے آبلہ دار اگزیما۔ آبلے نیلے رنگ کے اور موتیوں کی طرح دانے۔ ریمن کولس بلب
ہتھیلی کی مرجھائی ہوئی جلد۔ سیپیا، جیلسیڈونیم

## انگلیاں

(انگلیوں کے عنوان کے تحت بھی دیکھیے)
انگلیوں کے سرے کھردرے اور پھٹے ہوئے۔ پٹرولیم
ہاتھ پر آتشکی زخم خصوصاً ہاتھوں، پاؤں کی انگلیوں کے اطراف پر سارسپریلا

## چیزیں گر پڑیں

احتیاط کے باوجود خصوصاً بیوہ عورتوں، بچوں اور لڑکیوں کے ہاتھوں سے بے ساختہ چیزیں گر پڑیں۔ بووسٹا ایپس۔ اگریکس

## دھوتا رہے ہاتھ

ہاتھوں کو ہر وقت پانی سے دھوتا رہے۔ سفلینم

# ہڈی

ہڈی

ریڑھ کی ہڈی کے لیے دیکھئے "ریڑھ"

## ہڈیوں کا درد

| | |
|---|---|
| ہڈیوں کا درد۔ رات کے وقت درد۔ آرم میٹ۔ مرک سال۔ | کالی آیوڈ ایڈ ایسافوئیڈا |
| ہڈیوں کی درد میں۔ ہڈی توڑ بخار۔ لہذا اس کو ہڈی جوڑ کہتے ہیں۔ | یوپیٹوریم پرف |
| درد گویا کہ ہڈیاں ٹوٹ گئی ہوں۔ | یوپیٹوریم۔ |
| درد گویا کہ ہڈیاں ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی ہیں۔ | تھریڈین |
| نوجوان جنہیں ہڈیوں میں درد ہونے لگے۔ جسم اور قد کے لحاظ سے جلدی بڑھیں۔ | اپی کاک |
| ہڈیوں میں درد خصوصاً سر، ناک اور تالو کی ہڈی میں۔ ہڈیوں کا گلنا سڑنا | فاسفورک ایسڈ |
| آتشک (کالی بانی) اور پارہ کے کیس۔ | آرم میٹ |
| آتشک یا سوزاک کے دب جانے سے ہڈیوں کی سطح کا اور سر کا درد۔ | سارسپریلا |
| لمبی ہڈیوں میں رات کے وقت درد ہیں۔ خصوصاً پنڈلی کی ہڈی میں درد۔ درد رات کو اور گرمی سے بڑھے۔ | میزریم سٹگونیریا |
| ان ہڈیوں میں درد جن پر گوشت کم ہوتا ہے۔ | |

## ہڈی پر چوٹ۔ زخم۔ ٹوٹ جانا

| | |
|---|---|
| ہڈیوں کی چوٹ میں کامیاب دوا ہے۔ روٹا۔ | کلکیریا فاس کلکیریا فلور |
| ہڈیوں کی چوٹ کے بداثرات۔ | کلکیریا فاس |
| ہڈی پگھل جائے۔ | کاربالک ایسڈ |
| زخم ہڈیوں کے پرچھس۔ آتشکی زخم اور ہڈیوں کا گھلنا اور سڑنا۔ | ایسافوئیڈا |
| ٹوٹی ہوئی ہڈی کے جوڑنے کے لیے بہترین دوا ہے۔ | کلکیریا فاس۔ سمفائٹم |

## ہڈی بڑھ جائے

| | |
|---|---|
| ہڈی بڑھ جائے۔ | کلکیریا فلور |



## نشو ونما میں کمی

| | |
|---|---|
| ہڈیوں کی نشو ونما میں کمی۔ ہڈیوں کی تکالیف تمام ہڈیاں کمزور۔ | کلکیریا فاس |
| ہڈیوں کی سطح او، دانتوں کے نیچل کے لیے نہایت موثر ہے چنانچہ ہڈیوں کا بڑھ جانا۔ ہڈیوں پر ابھاریں۔ ہڈی کی چوٹ۔ دانتوں کے بننے اور بھر بھرے ہوجانے پر استعمال کریں۔ | کلکیریا فلور۔ |
| بچے کی ہڈیاں کمزور۔ لہذا وہ دیر سے چلنے پھرنے پر قادر ہوتا ہے کمزور ہڈیوں کی وجہ سے ٹانگیں ٹیڑھی ہوتی ہیں۔ | کلکیریا کاربونیکم |

## متفرق

| | |
|---|---|
| ٹخنے کی ہڈی کے سرے پر ناقابل برداشت خارش۔ | بووسٹا |
| کان کے پیچھے اٹھی ہوئی ہڈی کی سوزش۔ | کیپسیکم |
| بچے کا سوکھا پن۔ تمام ہڈیاں کمزور۔ ریڑھ کی ہڈی کمزور۔ بچہ سیدھا نہیں بیٹھ سکتا۔ ٹانگوں کی ہڈیاں کمزور۔ لہذا جلد چلنا پھرنا نہیں سیکھ سکتا۔ سر کی ہڈی کمزور اور پتلی سر لڑھکتا ہے۔ | کلکیریا فاس |

# ہرنیا

ہرنیا

| | |
|---|---|
| دائیں طرف کا ہرنیا۔ اس نے بہت سے مزمن ہرنیا کے کیس درست کیے ہیں۔ | لائیکوپوڈیم |

# ہذیان ہذیان

بذیان کا گنڈم۔ بیلا ڈونا بائیو سائیمس سٹرامونیم

ہذیان میں بھاگ جانے کی کوشش کرے۔

بیلاڈونا۔ برائی اونیا۔ ہیلی بورس۔ سٹرامونیم اوپیم۔ رسٹاکس
شدید ہذیان۔ دوسروں کو کاٹنے۔ اُن پر تھوکے۔ مارے اور چیزوں کو پھاڑے۔ قہقہے لگا کر ہنسے اور اپنے دانتوں کو پیسے۔ تیمار داروں کو کاٹنے اور مارنے کی خواہش کرے (سٹرامونیم) بھاگ جانے کی کوشش کرے۔ (ہیلی بورس)۔

بیلاڈونا

بلکا ہذیان مبعر بے چینی جس میں مریض کسی کسی وقت شدید ہذیان پر اُتر آتا ہے۔ بستر سے کود کر باہر نکل کھڑا ہو۔ بھاگ جانے کی کوشش کرے۔ مریض کمزور۔ چہرہ زرد۔ ہذیان کے بعد کمال غنودگی اور بے ہوشی طاری ہو جائے جو کہ اوپیم سے کم نہیں ہوتی۔ شہوانی دیوانگی اپنے آپ کو ننگا کرے۔ غیر متعلق جواب دے۔ خیال کرے کہ وہ غلط جگہ پر ہے۔ خیالی چیزوں کے متعلق باتیں کرے۔

بائیو سائیمس

وحشیانہ ہذیان۔ لگاتار بکواس کرتا چلا جائے۔ باتونی۔ یاوہ گو۔ دعائیں مانگے۔ چہرہ لال سُرخ۔ بار بار اور یکدم سر کو سرہانے سے جھٹکا دے کر اُٹھاتا ہے۔ بھاگ جانے کی کوشش کرے۔ گائے شعر بنائے۔

سٹرامونیم

ہذیان میں لگاتار اپنے کاروبار کے متعلق بات چیت کرے۔ بستر سے باہر نکل کر بھاگ جانے کی کوشش کرے۔ (انگیٹھی موسا۔ بائیو سائیمس)

برائی اونیا

ہذیان میں بڑبڑائے جملہ کوئی بات سمجھ میں نہ آئے۔ مدہوشی میں لیٹا ہو۔ ان باتوں سے بے خبر ہو جو اس کے اردگرد ہو رہی ہوں جب اُٹھایا جائے تو بالکل باخبر ہو جواب آہستہ سے لیکن درست دے۔

فاسفورک ایسڈ

ہذیان میں لگاتار باتیں کرے۔ آنکھیں کھلی ہوئی ہوں۔

اوپیم

ہذیان جو کہ قولنج کے ساتھ بدل کر ہو۔

پلمبم

شراب کے ہذیان میں مفید ہے۔

رینن کولس بلب



# ہنسی ہنسی

ہنستا ہے، کبھی رونا ہے۔ سنجیدہ باتوں پر ہنستا ہے۔ معمولی معمولی باتوں پر قہقہے لگا کر ہنسنا شروع کر دیتا ہے کبھی متواتر قہقہے لگاتا ہے کبھی قہقہے مار کر کبھی چیخنا شروع کر دے۔ ہنستا ہے۔ گاتا ہے۔ سیٹیاں بجاتا ہے چیختا ہے۔ عاجزانہ دعائیں مانگتا ہے۔ ہنستی ہے بے تکا چیختی چلاتی اور بکواس کرتی ہے۔ حتیٰ کہ ہونٹ ڈھیلے ہو جاتے ہیں اور بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے۔

کنابس انڈیکا
بیلاڈونا
سٹرامونیم

تشنجی ہنسی۔ مریضہ بے تکا ہنستی ہے۔

لیکیس

جلدی ہنس دینے والا یا رو دینے والا مریض۔

ماسکس

ہنستے ہنستے رو پڑے (کافیا۔ کروکس۔ نکس موشکاٹا) غم کی وجہ سے زوردار تشنجی ہنسی۔

پلساٹیلا

احمقانہ ہنسی یہ خیال کرے کہ اس کے دو سر ہیں۔

اگنیشیا

باری باری روئے اور ہنسے۔

نکس موشکاٹا

کافیا

# ہمدردی ہمدردی

دوسرے لوگوں کی تکالیف میں اُن سے زبردست ہمدردی ہو جائے۔

کاسٹیکم

# ہوا ہوا

## عجیب احساسات

خیال کرے کہ وہ روح کی مانند ہوا میں منڈلا رہا ہے۔ جب وہ چلتا ہے تو اسے محسوس ہوتا ہے کہ وہ ہوا میں چل رہا ہے۔ اسارم۔ لیک کنائم
ہوا میں اپنے آپ کو تیرتا ہوا محسوس کرتا ہے۔ ولیریانہ
اپنی ٹانگوں کو ہوا میں تیرتا محسوس کرتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو انتہائی ہلکا محسوس کرتا ہے گویا کہ وہ چارپائی پر نہیں بلکہ ہوا میں بیٹھا ہے۔ سٹکٹا

## نکالیف بڑھ جائیں، زیادہ حس

سرد ہوا میں تکالیف بڑھ جائیں۔ سورینم۔ کلکیریا کارب کالی کارب
ایکونائٹ۔ برائی اونیا۔ انکس وامیکا۔ میگ فاس کالی میور۔ ہیپر سلفر۔ اگریکس۔ کاسٹیکم

سرد ہوا سے بہت زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ خصوصاً کھانسی سرد ہوا میں بہت بڑھ جاتی ہے۔ ریومیکس
ذرا سی تازہ ہوا کے لگ جانے سے زکام کا رجحان۔ ہیپر سلفر۔ ٹیوبر کلینم۔ کالی بائی
کھلی ہوا سے بہت پرحس۔ بستر سے ہاتھ باہر نکالنے پر کھانسی شروع ہو جائے۔ رسٹاکس
ٹھنڈی ہوا کا بہت زیادہ احساس۔ ہیپر سلفر۔ رسٹاکس۔ برائٹا کارب ہیپر۔ برٹیا کارب
سرد ہوا بالکل برداشت نہیں ہوتی۔ بہت سی تکالیف پیدا ہو جاتی ہیں۔ سیپیا۔ لیڈم پال
کسی دوسرے کمرے کو اگر کھولا جائے تو اسے زیادہ ہوا کا احساس ہونے لگتا ہے۔ ہیپر سلفر

## افاقہ ہو

کھلی ہوا کی زبردست خواہش۔ مریض دروازے اور کھڑکیاں کھلی رکھنا چاہے۔ پلسٹیلا۔ ٹیوبر کلینم۔ سلفر۔ کلکیریا۔ کالی آیوڈائیڈ۔ اسپنج ٹانٹ ایملی ٹانٹ کیمیسکم میگ میور۔ کالی آیوڈائیڈ
تمام علامات کو کھلی ہوا میں جو زیادہ سرد نہ ہو۔ چلنے پھرنے سے آرام رہتا ہے۔ کاربو ویج
جسم کی انتہائی سردی، سرد پسینہ اس کے باوجود مریض کھلی ہوا چاہے اور کہے "مجھے جھلایئے"۔



# ہونٹ ہونٹ

ہونٹ خشک کی وجہ سے درمیان سے پھٹے ہوں۔ دکھتے ہوں۔ (نائٹرک ایسڈ)
ہونٹوں کے اردگرد موتیوں جیسے دانے ہوں۔ یہ اس کی نمایاں علامت ہے۔ نیٹرم میور

نچلے ہونٹ کا وسطی حصہ پھٹا ہوا ہو۔ ہیپر سلفر۔ نیٹرم میور۔ ایمونیا کارب

ہونٹ اور زبان خشک۔ ہونٹ پپڑی والے اور پھٹے ہوئے۔ نیٹرم میور

ہونٹ خشک پپڑی والے۔ پھٹے ہوئے ان کو تر کرنے کے لیے چاٹتا ہے۔ آرسنک البم
ہونٹ زبان گلا خشک لیکن پیاس نہ ہو۔ پلسٹیلا۔ نکس موشکاٹا لیکیسس۔ اینیپس

اُوپر والا ہونٹ (بغیر جلدی مرض کے) موٹا ہو جائے۔ نیٹرم میور بیلاڈونا کلکیریا کارب

ہونٹ اور ناک کو چھیلتا رہے۔ حتیٰ کہ اُن میں سے خون بہ نکلے۔ آرم ٹریفائیلم

ہونٹ اور گال نیلے رنگ کے دکھائی دیں۔ کاربو انیمالس

# ہچکی

ہچکی

| | |
|---|---|
| ہچکی۔ | میگ فاس |
| حمل کے دوران ہچکی۔ | سانگینیریا |
| تشنجی اعصابی ہچکی۔ | ماسکس |
| قبا کو چبانے سے شدید ہچکی۔ | اگنیشیا |
| شراب کے بذیان اور ہچکی میں مفید ہے۔ | رینن کولس بلب |

# ہسٹریا

ہسٹریا

| | |
|---|---|
| ہسٹریا۔ | کالی فاس |
| ہسٹریائی مزاج۔ | کروکس سٹانیوم |



# ہیضہ

ہیضہ

| | | |
|---|---|---|
| ہائمن کا ہیضہ کا تگدم۔ | وریٹرم البم۔ کیمفر۔ | کیوپرم میٹ |
| بچوں کا ہیضہ۔ | بسمتھ۔ وریٹرم البم | کریازوٹ |
| ہیضہ کی پہلی دوا ہے۔ ہر ہیضہ کے کیس کے شروع میں بلور جوب استعمال کریں۔ یہ گم ہیضہ کی دوا ہے جب کہ جسم یکدم سرد ہو جائے۔ | | کیمفر |
| ہیضہ قے اور اسہال بڑی مقدار میں پانی جیسے، جو شدید نقاہت پیدا کریں۔ | | وریٹرم البم |
| وبائی یا ایشیائی ہیضہ جب شدید تشنج ہو۔ جسم مردار نیلا ہو جائے پیٹ پنڈلیوں اور ران کے پٹھوں میں انتھن پیٹ میں شدید مروڑ۔ | | کیوپرم میٹ |
| وبائی اور موسم گرما میں ہیضہ کی تکلیف جس میں قے نمایاں۔ پانی کی طرح پاخانہ، بدبودار۔ | | بسمتھ |
| بلاور، ہیضہ بچوں کا (فائتولیکا) شدید تشنج پاؤں پنڈلیوں اور رانوں میں پانی کی طرح بلاور اور اسہال۔ | | پوڈوفائیلم |
| ہیضہ کی سی علامات حیض کے شروع میں ہوں۔ | | ایمونیا کارب |

ڈاکٹر ڈنہم کا مشاہدہ ہے کہ کیمفر میں شدید نقاہت نمایاں ہے، وریٹرم البم میں قے اور اسہال، جبکہ کیوپرم میں تشنج۔

# یادداشت

یاددایشت

یادداشت ختم ہوجاتے۔ دماغی طاقت کمزور نکس موشکاٹا۔ انا کارڈیم۔ برائی اونیا
سلفر۔ نیٹرم میور۔ برانٹا کارب۔ اوپیم کالی برووم۔ لائیکوپوڈیم لیک کانائم نکس کاسٹس۔ کاسٹیکم
فاسفورس۔ پکرک ایسڈ۔ کنابس انڈیکا۔
ایک فقرہ سمجھنے کے لیے دوبار پڑھنا پڑتا ہے۔ نکس کاسٹس۔
لائیکوپوڈیم۔
مباشرت کی کثرت کی وجہ سے یادداشت کمزور پڑجاتے۔ سٹفی سائینگا فاسفورک ایسڈ سیپیا
انا کارڈیم۔ فاسفورک ایسڈ۔ نیٹرم میور۔ ایونیا میور
فاسفورس۔ آرم میٹ
اچھی طرح دیکھی بھالی چیزوں کو نہیں پہچان سکتا بات چیت کرتے وقت، پڑھتے یا کیمفر۔ گلونائین
لکھتے وقت خیالات غائب۔ نکس موشکاٹا۔ کنابس انڈیکا۔ لیکیسس۔
دماغی طور پر غیر حاضر۔ نکس موشکاٹا۔ کریازوٹ۔ لیکیسس۔ نیٹرم میور۔ مرکری

پڑھتے، بولتے یا لکھتے وقت خیالات غائب ہوجائیں اور غلط الفاظ
استعمال کرے یادداشت کمزور۔ دماغ غیر حاضر۔ عام سادہ سوالات
کا جواب دینے کے لیے بھی دماغ پر زور دینا پڑتا ہے نکس موشکاٹا۔ لیکیسس
(کیمفر۔ کنابس انڈیکا)

یادداشت ختم۔ اپنے مقصد کے اظہار کے لیے غلط الفاظ استعمال
کرے تحریر میں باتوں کو گڈمڈ کردے معمولی سا بھی ذہنی کام
نہ کرسکے۔ لائیکوپوڈیم
اچانک ہی یادداشت ختم ہوجائے جس کی وجہ سے زبردست کوفت
میں مبتلا ہو۔ ایسے معلوم ہو جیسے سب کچھ خواب میں ہو۔
کاروبار کے لیے ناکارہ۔ بوڑھوں اور جسمانی طور پر نحیف لوگوں میں
یادداشت ختم ہوجانے کی علامت اس دوا میں نمایاں طور پر پائی
جاتی ہے۔ انا کارڈیم
کاروبار میں بہت زیادہ بھولنے والا لیکن تمام بھولی ہوئی باتیں اُسے
خواب میں سامنے آجاتی ہیں 200 طاقت میں اس سے اوپر استعمال
کی جائے۔ سیلینم



یادداشت کمزور۔ دماغی ایتھیا۔ دماغی طاقت کمزور۔ کالی فاس

بہت جی بھولنے والا اپنے آخری الفاظ اور خیالات کو بھول جائے۔ ایک
فقرہ شروع کرتا ہے اور بھول جاتا ہے کہ وہ کیا بولنے کا ارادہ رکھتا ہے
مریض خیالات کی کثرت کی وجہ سے (انا کارڈیم)۔ (لیک کانائم)
وہ اپنی توجہ مرکوز نہیں کرسکتا۔ کنابس انڈیکا

یادداشت کمزور۔ بھولنے والا توجہ مرکوز نہ کرسکے۔ بچہ یاد نہ رکھ
سکے اس لیے اُسے پڑھایا نہ جاسکے۔ دماغی طاقت کے فیل ہوجانے کا
خدشہ۔ بوڑھے لوگ دماغی طاقت کھو بیٹھتے ہیں۔ کسی بات پر دھیان
نہیں دیا جاسکتا حافظہ کمزور ہوجاتا ہے چلتے وقت لڑکھڑاتے
ہیں۔ برانٹا کارب۔
بہت بھولنے والا۔ غیر حاضر دماغ چیزیں خریدے اور اُن کو اٹھائے
بغیر گھر کو چل دے۔ (انگلس۔ انا کارڈیم۔ کاسٹیکم۔ نیٹرم میور)
لکھائی میں بہت الفاظ استعمال کرے۔ جن میں اکثر غلط لیک کانائم
ہوں۔ الفاظ کا آخری حرف یا حروف چھوڑ جائے۔

یادداشت ختم۔ کتابوں۔ لوگوں اور مقامات کا نام یاد نہ رکھ سکے حساب
کے سوالات حل کرنا مشکل ہو۔ سلینم

مریض میں بھول چوک بہت ہوتی ہے۔ ایک کام کرلینے کے باوجود
اُسے یقین نہیں آتا کہ اُس نے یہ کام کیا بھی ہے یا نہیں۔ کیلیڈیم

# یرقان

یرقان

مکمل یرقان۔ آنکھیں زرد۔ چہرہ زرد۔ جلد و ناخن زرد۔ پاخانہ یا تو ہونے کے رنگ سا زرد یا مٹی کے رنگ کا پیشاب زرد۔ چیلیڈونیم

یرقانی حالت۔ جگر کی علامات نمایاں ہوتی ہیں۔ جگر میں درد۔ جگر بڑھا ہوا۔ صفراوی کڑوی قے۔ صفراوی قے بائیں جانب لیٹنے سے جگر کا درد بڑھ جائے۔ نیٹرم سلف

یرقان اور تیزابیت۔ نیٹرم فاس

یرقان جس میں سب اعضا زرد ہو جائیں۔ پلمبم

یرقان اور معمولی حرارت رہنا جگر پر اس دوا کا نمایاں اثر ہے۔ ہائیڈراسٹس

شدید یرقان۔ آنکھیں زرد۔ تمام جلد زرد۔ سیاہ رنگ کی قے معمولی بدبودار جسم کے سوراخوں سے سیاہ پتلے رنگ کا خون رستا ہے۔ کروٹیلس

# یاس

یاس

سخت یاس کی تکالیف۔ لیکیسس۔ کروٹیلس

سن یاس میں گرم لہریں۔ سیپیا

سن یاس میں گرم لہریں جب کہ گالوں پر گول سُرخی پائی جائے۔ پتلی اور تلوے گرم ہوں۔ کریازوٹ سلفیورک ایسڈ

سن یاس میں گرم لہریں۔ گرم پسینے۔ سنگونیریا

سن یاس 49 اور 50 سال کے درمیان خون بہت خارج ہو۔ لیکیسس

سن یاس میں باہیں پستان کے نیچے مستقل درد۔ الٹرس فری نوسا

سر کی چوٹی پر بوجھ (کنکشس۔ گلونائین) یہ احساس عموماً سن یاس میں پایا جاتا ہے۔ اکیناسی موسا

گرمی کی لہریں، پسینہ اور غشی۔ یہ لہریں رحم سے اٹھتی ہیں اور تمام جسم میں پھیل جاتی ہیں۔ لیکیسس

سیپیا



# صحت کا بنیادی اصول

آپ نے اکثر مریضوں کو یہ کہتے ہوئے سنا ہوگا کہ مجھے عموماً قبض رہتی ہے۔ میں زندگی بھر نزلہ و زکام سے پیچھا نہیں چھڑا سکا۔ مجھے مدتوں سے اسہال کا عارضہ ہے میں کئی سالوں سے ذیابیطس، دمہ، داد، چنبل یا تشنج و باؤ وغیرہ میں مبتلا ہوں۔ طرح طرح کے علاج معالجہ اور پرہیز کے باوجود بیماری جوں کی توں موجود ہے چند دن ٹھیک گزرتے ہیں لیکن بیماری کی وہی حالت جلد لوٹ آتی ہے۔ یہ سلسلہ برسوں سے جاری ہے۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسے مریض اپنے مرض سے نجات حاصل کیوں نہیں کر سکتے؟ کیا علم طب ابھی اتنا ترقی یافتہ نہیں ہے کہ وہ ایسی بیماریوں پر قابو پا سکے یا ایسے امراض کا علاج طب کے دائرہ علم سے باہر ہے یا ان مریضوں میں بعض ذاتی کمزوریاں موجود ہیں جن کی وجہ سے وہ مختلف قسم کے علاج و پرہیز سے خاطر خواہ فائدہ حاصل نہیں کر سکتے۔

تجربات شاہد ہیں کہ ادویات کی مدد سے ایسی بیماریوں کا علاج تو بڑی کامیابی سے ہو سکتا ہے جن کا لگ جانا کسی شخص کے اختیار سے باہر ہوتا ہے یا ایسی بیماریاں جو اس کی اپنی لاپروائی کا نتیجہ ہوتی ہیں، مثلاً

## ا۔ حادثاتی بیماریاں

بس اور سائیکل وغیرہ کا حادثہ ہو گیا۔ چھت سے گر پڑا۔ پتھر آن لگا۔ چھری چاقو سے ہاتھ کٹ گیا۔ سانپ یا کتے نے کاٹ لیا۔

## ب۔ وبائی بیماریاں

ہیضہ پھیل گیا۔ چیچک، خسرہ کی وبا پھوٹ پڑی۔

## ج۔ ہنگامی بیماریاں

ٹھنڈی ہوا لگی نزلہ زکام ہو گیا۔ تیز دھوپ سے بخار ہو گیا۔

## د۔ بدپرہیزی کی بیماریاں

زیادہ کھا لیا یا بدہضمی ہو گئی۔ جنسی میلانات کی زیادتی سے بیماری پیدا ہو گئی کثرت چائے یا سگرٹ نوشی سے تکالیف پیدا ہو گئیں۔

مذکورہ بالا نوعیت کی بیماریوں کے علاج میں طبی سائنس کی خدمات قابل قدر ہیں اور نسل انسانی کو ادویات سے کثیر فائدے پہنچ رہے ہیں۔ لیکن دیرینہ نوعیت کے امراض کے علاج میں ابھی تک ادویات کے استعمال سے جو کامیابی ہوئی ہے وہ وقتی سکون یا مرض کی نوعیت میں تبدیلی یا اعضاء کی قطع و برید تک محدود ہے۔ اپنے گرد و پیش ایسے مریض آپ کو ضرور ملیں گے۔ آپ ان سے بیماری کے متعلق دریافت کریں۔ وہ مندرجہ ذیل نوعیت کے بیان دے کر اس حقیقت کی تصدیق کریں گے۔

۱۔ دس بارہ سال پہلے مجھے فلاں چیز کھانے سے تپ محرقہ ہو گیا یا کسی اور وجہ سے جسم پر سخت خارش نمودار ہوئی جو بڑھتے بڑھتے داد یا چنبل کی صورت اختیار کر گئی۔ ہسپتال سے علاج کرایا تو تندرستی حاصل ہو گئی دو تین ماہ ٹھیک رہا پھر کوئی بدپرہیزی ہو جانے سے وہی حالت ہو گئی۔ اس کے بعد ایک حکیم سے مرہم لے کر استعمال کیا جس سے تندرست ہو گیا مگر اس کے بعد سر میں شدید درد رہنے لگا۔

۲۔ فلاں خانقاہ اور درگاہ پر حاضری دی۔ تعویذ لیا تو حالت سدھر گئی۔ لیکن چند ماہ بعد وہی تکلیف دوبارہ لوٹ آئی۔

مذکورہ بالا حقائق سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ڈاکٹر اپنی جگہ کوشش میں مصروف ہیں اور مریض خود سر توڑ جد و جہد کر رہے ہیں لیکن بیماری اپنی جگہ پر مضبوطی سے ڈٹی ہوئی معلوم ہوتی ہے ایسی بیماریوں کو ہم دیرینہ بیماریاں کہیں گے۔

یہ بات تجربہ میں آئی ہے کہ عموماً مریض نہ تو یہ سمجھتا ہے کہ دیرینہ بیماری کیا ہوتی ہے اور نہ ہی اس قوت کو پہچانتا ہے جو یہ بیماری پیدا کرتی ہے۔ وہ بیان کرتا ہے کہ چند سال پہلے گاجریں کھائی تھیں اور ٹریا ہیلس ہو گیا یا مچھلی اور دودھ اکٹھا استعمال کرنے سے برص ہو گیا یا بارش میں بھیگ جانے کی وجہ سے بائی کی دردیں شروع ہو گئیں۔ ایسے سب بیانات قیاس پر مبنی ہوتے ہیں کیونکہ ایسے امور صرف ہنگامی یا سطحی بیماریاں پیدا کرتے ہیں جو یا تو ادویات سے دور ہو جاتی ہیں یا مریض کے لیے مہلک ثابت ہوتی ہیں ان معمولی بدپرہیزیوں سے انسان پر دیرینہ بیماریوں کی مہیب سزا مسلط نہیں کی جاتی جس کی یہ دولت و ثروت کی بھرمار یموت ولا یحیٰے کا مصداق بنا رہے۔ ان حالات میں دیرینہ بیماریوں اور اس کو پیدا کرنے والی قوت کا مختصر بیان لازمی ہو جاتا ہے تاکہ اس کی واضح شکل سامنے آجائے اور بعد میں بنیادی اصول کا اطلاق عمدگی سے کیا جا سکے۔

## دیرینہ بیماری میں پائی جانے والی خاص باتیں

دیرینہ بیماری جسم میں ناگہانی طور پر پیدا نہیں ہوتی۔ کوئی بھی مریض یہ نہیں کہے گا کہ وہ رات کو سویا اور صبح اٹھنے پر بواسیر کا شکار ہو گیا بلکہ وہ اپنی بیماری کی ارتقائی منازل کو بیان کرے گا۔ پہلے ایسے محسوس ہوا پھر یوں۔ پھر اس طرح اور بالآخر یہ ہو گیا اور یہ حالت جسم پر مستقل طور پر مسلط ہو گئی دیرینہ بیماری جس قوت کے بل بوتے پر جسم انسانی پر اثر انداز ہوتی ہے وہ قوت بھی ناگہانی



نہیں بلکہ رفتہ رفتہ پیدا ہوتی ہے اور بالآخر طاقت حاصل کر کے جسم پر مسلط ہو جاتی ہے اگر وہ قوت فوراً ہی مضبوط تر شکل میں پیدا ہوا کرتی تو بیماری بھی بتدریج نہ بڑھتی بلکہ فوراً ہی پوری قوت کے ساتھ جسم پر حاوی ہو جایا کرتی۔

دیرینہ بیماری سے مریض فی الفور شفا حاصل نہیں کر سکتا۔ اگر ایسا ہو سکتا تو کوئی بھی بیماری دیرینہ بیماری نہ کہلاتی۔ دیرینہ بیماری میں پھنسنے کے لیے جو عرصہ لگتا ہے وہ چند دن یا چند ہفتے نہیں ہوتا بلکہ کئی مہینے اور کئی سال لگتے ہیں۔ یہی حقیقت مریض کے بیان سے جھلکے گی۔ ظاہر ہے کہ جو سزا اتنے لمبے عرصے میں رفتہ رفتہ مریض کو اپنی گرفت میں لیتی ہے وہ کسی چھومنتر سے پلک جھپکتے ہی رفع نہیں ہو سکتی بلکہ اس کے دفعیہ کے لیے باقاعدہ منصوبہ بندی جد و جہد اور قربانی کی ضرورت ہے۔

دیرینہ بیماری کو جسم کے ایک حصے میں متمرکز نہیں مانا جا سکتا۔ فرض کیا کہ ٹانگ میں ایک رسولی ہے تو صرف ٹانگ کو بیمار سمجھ کر پورا زور اسی کے علاج پر صرف کر دینا غلط ہو گا۔ کیونکہ ٹانگ ایک خود کفیل عضو نہیں جو اپنے لیے خود آکسیجن مہیا کرتا ہو۔ خود خون پیدا کرتا ہو۔ چربی اور دیگر مطلوبہ کیمیات بناتا ہو۔ ٹانگ اپنی ان ضرورتوں کے لیے پورے جسم کی محتاج ہے۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ بیماری کسی چیز یعنی رسولی وغیرہ کا نام نہیں بلکہ یہ جسم کی ایک حالت کا نام ہے جس میں ذہن اور دیگر اعضاء مل کر کام کرتے ہیں تب رسولی بنتی ہے حقیقت یہ ہے کہ اگر بیماری مقامی چیز ہوتی تو ٹانگ کی خرابی سے سارا جسم متاثر نہ ہوا کرتا۔

## دیرینہ بیماریاں پیدا کرنے والی قوت (عادات)

دیرینہ بیماریوں کی خصوصیات کے مطالعہ سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ وہ ناگہانی طور پر پیدا نہیں ہوتیں اور نہ ہی فی الفور ختم ہوا کرتی ہیں۔ یہ دونوں خصوصیات انسانی عادات میں بھی پائی جاتی ہیں یعنی انسان کسی عادت کو رفتہ رفتہ اپناتا ہے اور پھر یک لخت اسے چھوڑ نہیں سکتا۔ لہٰذا دیرینہ بیماریاں لازماً انسان کی عادات ہی کے دیرپا اثر کا نتیجہ ہوتی ہیں۔

یہ حقیقت ہے کہ انسان جس عادت کو بھی اختیار کرتا ہے وہ اس کے ذہن اور جسم پر کچھ نہ کچھ اثر ضرور ڈالتی ہے یہ اثر مفید بھی ہو سکتا ہے اور مضر بھی یہی وجہ ہے کہ نسل انسانی میں اچھی عادات اپنانے اور بری عادات ترک کر دینے کے لیے مسلسل جد و جہد جاری ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ انسانی چہرے پر شرافت کا جھلکنا یا خباثت کا پایا جانا بھی عادات کے اچھا یا برا ہونے کی وجہ سے ہوا کرتا ہے۔

مندرجہ بالا حقائق کی روشنی میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اچھی عادات جسم میں اچھائی اور بری عادات برائی پیدا کرتی ہیں۔ بری عادات کا ظہور دیرینہ بیماری کی شکل میں ہوتا ہے۔ انسان اپنی انہی عادات کے سبب بیماری کے چنگل میں پھنس جاتا ہے۔ بعد ازاں وہ عادات کو بدلنے یا سنوارنے کی بجائے ادویات کے پیچھے بھاگتا پھرتا ہے۔ وہ یہ بھول جاتا ہے کہ جب تک سبب دور نہ ہو گا نتیجہ لازماً موجود رہے گا۔

## عادت کیا ہے؟

ہم کسی کام یا حرکت کو ایک ہی طریقے اور ایک ہی ترتیب سے بار بار دہراتے ہیں یا اسے اپنے ذہن میں گھماتے ہیں تو کچھ عرصہ کے بعد ہمیں اس میں تجربہ حاصل ہو جاتا ہے اس طرح وہ ایک مستقل چیز بن جاتی ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جس کام کو پہلے ہم محنت یا توجہ سے سرانجام دیتے تھے بعد میں کسی تردد یا کوفت کے بغیر کرنے لگتے ہیں اسی کو عادت کہتے ہیں۔ یاد رکھیے عادات کو اگرچہ پختگی حاصل ہوتی ہے لیکن انہیں بدلا، توڑا اور چھوڑا جا سکتا ہے۔ اگر عادات کا ردوبدل ممکن نہ ہوتا تو بُرے ہمیشہ بُرے اور اچھے ہمیشہ اچھے رہتے لیکن یہ بات مشاہدہ اور تجربے کے خلاف ہے عادات کی اہمیت کے پیش نظر نیز مزید وضاحت کے لیے ہم انسانی عادات کو دو حصوں میں بیان کریں گے۔ پہلا حصہ ذہنی عادات اور دوسرا حصہ جسمانی عادات ہو گا

## ذہنی عادات

ہر ایک شخص کی اپنی منفرد شخصیت ہوتی ہے۔ وہ سوچ بچار، شعور، جذبات، احساسات، رجحانات اور میلانات کا مالک ہوتا ہے۔ وہ اپنے اور دوسرے لوگوں کے معاملات کے بارے میں ایک مخصوص طریقے سے سوچتا ہے۔ دوستوں، دشمنوں سے میل ملاپ کا ایک خاص طریقہ رکھتا ہے وہ مختلف واقعات اور وارداتوں کو اپنے انداز سے محسوس کرتا ہے۔ اس کی پسند اور ناپسند کا اپنا معیار ہے۔ الغرض اس کی طبیعت کا ایک مخصوص عمل اور ردعمل ہے۔ یہ سب باتیں ذہنی عادات میں شامل ہیں۔ مثبت کو چھوڑتے ہوئے اگر ایک شخص اپنی منفی ذہنی عادات کی فہرست تیار کرنا چاہے تو وہ مندرجہ ذیل طرز کی ہو سکتی ہے۔

۱۔ بات بات پر غصہ ہوتا ہوں۔ معمولی بات پر بھڑک اُٹھتا ہوں۔
۲۔ غلیظ، پست ہمت اور ہر چیز کا تاریک پہلو دیکھنے والا ہوں۔
۳۔ شکی اور وہمی ہوں۔ احساس کمتری کا شکار ہوں۔
۴۔ لالچی اور خود غرض ہوں۔
۵۔ دوسرے لوگوں سے حسد، بغض اور نفرت رکھتا ہوں۔
۶۔ کسی بات کا خوف دل میں موجود ہے۔
۷۔ قوتِ فیصلہ کمزور ہے۔

## جسمانی عادات

کھانے پینے، اُٹھنے، بیٹھنے، نہانے دھونے، پڑھنے لکھنے، کام کاج اور کھیل کود کے مخصوص طریقوں کو جسمانی عادات کہیں گے۔ اہم منفی جسمانی عادات یہ ہیں۔



۱۔ پرخور ہوں مسالہ دار اشیاء کا زیادہ استعمال کرتا ہوں۔
۲۔ زیادہ چائے، سگریٹ، شکر یا نمک کا استعمال کرتا ہوں۔
۳۔ ہر وقت بیٹھے بیٹھے کام کرتا ہوں۔ ورزش سے اجتناب کرتا ہوں۔
۴۔ کئی کاموں کو بیک وقت انجام دیتا ہوں۔
۵۔ بدن لباس، بستر اور گھر کی صفائی سے غفلت برتتا ہوں۔
۶۔ روپے پیسے کو بے جا خرچ کرتا ہوں۔
۷۔ جنسی بداعتدالیوں کا شکار ہوں۔

اوپر والی فہرستوں سے ظاہر ہے کہ مریض ذہنی عادات کا ایک سیٹ رکھتا ہے اور دوسرا جسمانی عادات کا ہے ان دونوں سیٹوں کو ملا کر ایک گروپ بنتا ہے جب یہ گروپ کسی لحاظ سے متوازن گروپ نہیں رہتا تو اس کی غیر متوازن قوت ہی دیرینہ بیماری کا سبب بنتی ہے۔ اگر یہ گروپ متوازن ہوتا تو نتیجہ بیماری کی صورت میں نہ ہوتا۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ کوئی شخص بھی محض منفی عادات کا مالک نہیں ہوتا۔ دونوں قسم کی عادات ملی جلی ہوتی ہیں ایک شخص میں اگر منفی عادات کے مقابلے میں مثبت عادات زیادہ ہوں گی تو اس کی عام صحت پر منفی عادات کا اثر مدھم پڑے گا۔ لیکن مثبت عادات کی برتر قوت منفی عادات کی کمتر قوت کے اثرات کو پنپنے نہیں دے گی۔ اس لحاظ سے اس کی بیماری محض ایک ناگواری کی سی کیفیت تک محدود رہے گی۔ اس کے برعکس اگر منفی عادات، مثبت عادات پر حاوی ہو جائیں تو نتیجہ لازماً دیرینہ بیماری کی شکل میں ہو گا۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ صحت کے حصول کے لیے عادات میں اعتدال کا ہونا لازمی ہے جب عادات افراط و تفریط کا شکار ہو جائیں تو نتیجہ دیرینہ بیماری کی صورت میں نکلتا ہے۔

## دیرینہ بیماریوں کا علاج۔ بنیادی اصول

دیرینہ بیماریوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کا واحد حل صحت کے بنیادی اصول میں پنہاں ہے اس پر دیانت داری سے عمل کرنے والا ہر مریض اور ہر عامل اس اصول کے حقیقی فوائد کو سراہے گا اور اس کے فائدہ مند ہونے کا ثبوت بہم پہنچائے گا۔ ہر چند کہ واضح حقیقتیں ثبوت کی محتاج نہیں ہوتیں

## بنیادی اصول کے نمایاں ترین مقاصد

بنیادی اصول کے نمایاں ترین مقاصد چھ ہیں:۔

۱ اس قوت کی دریافت جو جسم انسانی میں دیرینہ بیماریاں پیدا کرتی ہے اس کی تفصیل پہلے بیان کی جا چکی ہے یعنی یہ قوت انسان کی منفی عادات کی پیدا کردہ ہے۔

۲۔ بیماری پیدا کرنے والی قوت کا سدباب کرنا اور آئندہ کے لیے ایسے لائحہ عمل کا تعین کرنا جس کی مدد سے بیماری پیدا کرنے والی قوت کو توڑا جا سکے، موزوں ترین طریقے سے جسم پر بیماری کے نقصان دہ اثرات کو بتدریج کم کیا جائے اور بالآخر ان کو بالکل ختم کر دیا جائے تاکہ بعد میں وہ کبھی بھی ظاہر نہ ہو سکیں۔

۳۔ ایسا موثر، قابل عمل، مستقل طریقہ تلاش کرنا جس کے ذریعے سے دیرینہ بیماریوں پر بہتر طریقے سے قابو پایا جا سکے۔ ان کی تعداد کو گھٹایا جا سکے اور ایسے طریقے کے کوئی متبادل برے اثرات بھی نہ ہوں اور نہ ہی ادویات سے پیدا شدہ بیماریوں کے خدشات باقی رہیں۔ غیر ضروری جسمانی چیر پھاڑ کو روکا جا سکے۔ نیز بیماری کو دبانے یا اس کا حلیہ تبدیل کرنے کی بجائے اس سے مستقل طور پر چھٹکارا حاصل کیا جا سکے۔

۴۔ ایسے قاعدے، کلیے اور اصول کی نشاندہی جس کے تحت صحت کے حصول کے لیے کم سے کم محنت اور قربانی پیش کرنی پڑے۔ مریض اپنے فہم و ادراک سے اس پر عمل پیرا ہو سکتا ہو اور اسے کسی دوسرے سے مشورے کی بھی ضرورت نہ ہو۔

۵۔ ایسے طریقے کا تجویز کرنا جس میں نہ تو زیادہ مالی وسائل درکار ہوں۔ نہ ہی لمبی چوڑی پرہیز کا تقاضا ہو۔ یہ مفید ہے وہ ضرر رساں ہے کے سارے جھگڑے ختم ہو جائیں۔

۶۔ مریض میں ایسی سوجھ بوجھ پیدا کرنا جس کی مدد سے آئندہ دیرینہ بیماری اس پر مسلط نہ ہو سکے

## بنیادی اصول پر عمل سے پہلے

بنیادی اصول پر عمل پیرا ہونے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ سب دواؤں کا استعمال ختم کر دیا جائے ہر قسم کی پرہیز کو چھوڑ دیا جائے۔ ان کی بجائے زندگی کو اعتدال کی طرف لانے کا خیال ہر وقت ذہن میں رہے۔

## بنیادی اصول کی دو اہم ضرورتیں

### ا۔ بیماری سے واقفیت

بیماری سے واقفیت اس اصول کی اولین ضرورت ہے۔ مریض سب سے پہلے اپنی بیماری کو جس نام سے پکارتا ہے لکھ لے۔ پھر اس بیماری کے جملہ کوائف درج کرے اس کے گھٹنے بڑھنے کا وقت۔ افاقہ و اضافہ کے محرکات، بھوک، پیاس، نیند، مختلف قسم کے علاج معالجے اور ان کے نتائج۔ غرضیکہ جسم میں موجود تمام وہ باتیں جو اعتدال سے کم یا زیادہ محسوس کرتا ہے انہیں لکھ لے ان کوائف کو بار بار پڑھ کر ذہن نشین کرے تاکہ وہ اپنی گزشتہ اور موجودہ کیفیت کا موازنہ آئندہ پیش آنے والی تبدیلیوں سے کرنے میں دقت محسوس نہ کرے۔



### ب۔ اپنے آپ سے واقفیت

بیماری سے واقفیت حاصل کر لینے کے بعد مریض اپنے متعلق پوری پوری واقفیت حاصل کرے۔ بنیادی اصول میں یہی ایک مشکل ترین مسئلہ ہے۔ کیونکہ مریض اپنے متعلق مکمل طور پر آگاہ نہیں ہوتا۔ فرض کیا کہ وہ زود رنج ہے تو وہ اس کا جواز اس طرح پیدا کر لیتا ہے کہ ناجائز باتوں پر غصہ آ جانا فطری بات ہوتی ہے وہ گندے کپڑے پہننے کا عادی ہے اور سمجھتا ہے کہ یہ گندے نہیں ہیں۔ ان حالات کی بنا پر مریض کے لیے ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ اپنی شخصیت کو جانچنے پرکھنے کے لیے اپنے والدین، بیوی بچوں، دوستوں اور رشتہ داروں سے مدد لے اور ان سے معلوم کرے کہ وہ کس قسم کی شخصیت کا مالک ہے جب مریض اپنے مکمل کوائف اکٹھے کر لے تو اسے چاہیے کہ وہ ان کو دو حصوں میں تقسیم کر دے۔

۱۔ ذہنی عادات
۲۔ جسمانی عادات

## بیماری کی قوت کا توڑ۔ عادات کا ردوبدل

بیماری کی قوت کو توڑنے کے عمل کو دو مثالوں سے واضح کیا جاتا ہے۔ صابن کے بڑے بڑے اجزاء سوڈا، تیل، رنگ، چربی اور خوشبو وغیرہ ہوتے ہیں۔ ان سے کئی قسم کے صابن بنتے ہیں۔ فرض کیا جس مسالہ سے لکس بنتا ہے اس میں سے کوئی سی چیز رائی کے دانے کے برابر کم کر دی جائے یا تبدیل کر دی جائے تو لکس ہو بہو اپنی پہلی سی خصوصیات کے مطابق نہیں رہے گا۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ فرق اتنا قلیل ہو کہ ہمیں اس تبدیلی کا شعور نہ ہو لیکن فرق اپنی جگہ پر ضرور قائم رہے گا۔ دوسری مثال کے لیے آپ فرض کریں کہ آپ کے پاس ایک لاکھ روپیہ ہے اس میں سے اگر ہم ایک پیسہ کم کر دیں یا ایک پیسہ نکال کر اس کی جگہ اخروٹ رکھ دیں تو پہلی صورت میں نقدی پوری نہیں رہے گی۔ اور دوسری صورت میں نقدی خالص نہیں رہے گی۔

مذکورہ بالا مثالوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم دیکھتے ہیں کہ نسل انسانی کے ہر فرد کی شخصیت جس مسالہ سے بنی ہے وہ اس کی عادات ہی ہیں اب اگر ان ذہنی اور جسمانی عادات کے ساتھ ہی ساتھ کوئی دیرینہ بیماری بھی جسم میں موجود ہے تو وہ بیماری انہی عادات ہی کی کارگزاری کا نتیجہ ہوگی۔ پس اگر ایک مریض اپنی ذہنی اور جسمانی عادات میں سے کوئی معمولی سے معمولی عادت کم کر ڈالے یا تبدیل کر ڈالے تو لازماً وہ ہو بہو اپنی پہلی حالت کے مطابق نہیں رہے گا۔ بلکہ اس کے پورے جسم میں تبدیل واقع ہو گی اور وہ تبدیلی اس کے دیرینہ مرض پر بھی اثر انداز ہوگی۔

دیرینہ بیماری سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے لازمی ہے کہ ہم اپنی پہلے سے ترتیب دی ہوئی منفی عادات میں سے کم سے کم ایک ذہنی اور ایک جسمانی عادت کا انتخاب کریں اور ان دونوں کی معیاری متبادل عادات یا متضاد عادات کو اپنا کر پرانی عادات کو قطعاً ختم کر ڈالیں۔ یاد رکھیے کہ محض

چند عادات کی تبدیلی سے ہی عادات کا سیٹ ٹوٹ جاتا ہے جس کے نتیجے میں اس کی قوت تتر بتر ہو جاتی ہے۔

بہترین نتائج کے حصول کے لیے لازمی ہے کہ جو ذہنی اور جسمانی عادات ترک کرنے کے لیے منتخب کی جائیں وہ اہم منفی عادات ہوں۔ ان کی جگہ نئی عادات کو اپنا کر انہیں شخصیت کا جزو بنایا جائے یہ حقیقت پھر بھی اپنی جگہ پر قائم ہے کہ حقیر ترعادت کو چھوڑ دینے یا تبدیل کر دینے سے بھی صرف اس دیرینہ بیماری پر اثر پڑے گا بلکہ شخصیت پر بھی نمایاں اثر محسوس ہوگا۔ فرض کیا ایک شخص صبح سویرے اُٹھ کر آسمان کی طرف دیکھ کر ڈکار لینے کا عادی ہے تو اس عادت کو بھی چھوڑ دینے سے بیماری پر اثر ہوگا لیکن ایسی صورت میں عرصہ ذرا زیادہ درکار ہوگا کیونکہ یہ عادت ایک تو ذہنی نہیں ہے۔ دوسرے اہم نہیں ہے۔

## متضاد عادات کا معیار

متضاد عادات کے انتخاب میں ہمیں یہ بات مدنظر رکھنی چاہیے کہ وہ کسی لحاظ سے مذموم نہ ہوں حتی الامکان وہ مذہبی اور اخلاقی قدروں کو فروغ بخشنے والی ہوں۔ لہٰذا یہ کہنا ایک مضحکہ خیز بات ہوگی کہ چونکہ میں سچ بولتا ہوں اب متضاد عادت کو اپنانے کے لیے جھوٹ بولنا شروع کر دوں۔ البتہ اگر وہ جھوٹ بولنے کا عادی ہے تو وہ ضرور سچ بولنے کی عادت کو بطور متضاد اپنائے کیونکہ اصل مقصد تو منفی عادات کو کم کرنا یا بالکل ختم کرنا ہے۔ مزید وضاحت کے لیے سمجھ لینا چاہیے کہ اگر ایک آدمی مسخرہ ہے تو سنجیدگی کو اپنانے سنجیدہ ہونے کی صورت میں وہ خوش مزاجی کو اپنائے نہ کہ مسخرہ پن کو جو کہ انسانی وقعت کو گھٹا دینے والی عادت ہے۔

صحت کے حصول کے لیے ہمیں اعتدال کی طرف جانا چاہیے۔ عموماً بالا عمل ہمیں متضاد عادات اپنانے کی دعوت دیتا ہے۔ یہ بات بھی اعتدال کے اصول کے خلاف ہے نیز اس پر عمل پیرا ہونا بھی مشکل ہے فرض کیا ذہنی لحاظ سے ایک شخص زود رنج ہے اس کے لیے فوراً ہی خوش مزاجی کو اپنا لینا واقعی مشکل ہے تاہم اس حقیقت سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جسم انسانی میں راسخ شدہ عادات کی ایک طاقت ہوتی ہے اس طاقت کے مقابلہ کے لیے ایک دوسری طاقت کو تیار کرنا ہے اور بعد میں اس کے مقابلہ پر لا کھڑا کرنا ہے۔ یہ طاقت صرف متضاد عادات کو اپنانے سے ہی حاصل ہو سکتی ہے۔

ہمیں عادات کے اس اصول کو بھی نہیں بھولنا چاہیے کہ انہیں توڑنے کے لیے ان کی مخالف عادات کو ہی اپنانا پڑتا ہے۔ ایسا کرنے سے آدمی اعتدال پر پہنچ کر رک سکتا ہے حالانکہ اعتدال بھی گوارا ہے مقصود نہیں۔ بالفرض وہ شخص اعتدال کی حد سے گزر ہی جاتا ہے تو وہ جس بیماری کے لیے یہ عمل کرے گا وہ تو اس کے جسم میں ہرگز باقی نہیں رہے گی۔ کیونکہ وہ تو اس کی گزشتہ عادات کے ساتھ ہی رہ سکتی ہے اعتدال کے بارے میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ مادی و جسمانی عادات و محرکات کے لیے تو اعتدال نہایت اہم ہے لیکن ذہنی عادات کو معیار کے لحاظ سے بہترین تک لے جانا مقصود ہے۔ مثلاً ایک آدمی پُرخور ہے تو اس کو اعتدال پر پہنچنا چاہیے۔ لیکن اگر ایک آدمی غمگین رہتا ہے تو اُسے بھرپور طور پر خوش مزاجی کو اپنانا چاہیے



اس صورت میں اعتدال پر رکنا نہیں چاہیے۔

## اپنے اپنے مرض کا اپنا اپنا علاج

فرض کیا کہ اسلم، سلام اور سلیم تینوں کو بانی کی دردیں ہیں۔ ذہنی عادات کے لحاظ سے وہ تینوں غمگین، کام کو ٹالنے والے اور زود رنج ہیں۔ گویا کہ تینوں کی ذہنی عادات ایک جیسی ہیں اس کے باوجود ان میں سے ہر ایک کا علاج مختلف اور منفرد طریقوں سے ہو سکتا ہے۔ فرض کیا اسلم کام کو ٹالنے والی عادت کو دور کرتا ہے۔ سلام خوش رہنا شروع کر دیتا ہے اور سلیم تحمل کو اپنا لیتا ہے کیونکہ وہ اپنی اپنی عادات کو تبدیل کرنا نسبتاً آسان سمجھتے ہیں تو تینوں کا چلنا درست ہوگا اور ان میں سے ہر ایک کا بانی کے دردوں کا علاج کامیابی کے ساتھ پایۂ تکمیل کو پہنچے گا

## ادویات کا عادات پر اثر

یہ بات کسی حد تک درست ہے کہ ادویات سے عادات متاثر ہوتی ہیں اور ان کو بدلا جا سکتا ہے جن سے بالآخر انسان صحت کی طرف گامزن ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ تجربہ ناکام ہو چکا ہے کیونکہ مریض یہ سمجھتا ہے کہ دوا میں ہی سب کچھ کریں اور اُسے ذاتی طور پر سدھرنے کی کوفت برداشت نہ کرنا پڑے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مریض زندگی بھر ادویات کے بھنور میں پھنسا رہتا ہے اور ادویات سے محض عارضی فائدے کے حصول کا ذکر کرتا ہے۔

## چند مستثنیٰ بیماریاں

باہر سے کوئی چیز جب انسانی جسم پر اثر انداز ہوتی ہے تو وہ مسلط ہی نہیں رہتا بلکہ حفظان صحت کا معاملہ بن جاتا ہے مثال کے طور پر مچھر بھی کاٹ رہا ہے اور ملیریا کا علاج بھی شروع ہے یا نم آلود کمروں میں مستقل رہائش ہے اور دردوں کا علاج بھی ہو رہا ہے۔ ایسی صورتوں میں بنیادی اصول سے مدد حاصل نہیں کی جا سکتی تاوقتیکہ پہلے ان وجوہات کا ازالہ نہ کر لیا جائے جو بیماری کی باعث ہیں۔

بچوں، پاگلوں اور موروثی مریضوں کی بیماریاں اس قاعدے سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ بچوں میں عادات و تجربات راسخ نہیں ہوتے۔ اس لیے ان کی بیماریاں دیرینہ نہیں ہوتیں۔ موروثی بیماریوں کے تقاضے بھی عام حالات سے مختلف ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان پر تفصیلی بحث کی ضرورت ہے جس کی یہاں گنجائش نہیں پاگل پن اور ہسٹریا کے مریض بھی اس اصول کے تحت نہیں آ سکتے کیونکہ انہیں اپنی عادات کا شعور نہیں ہوتا۔

## لُب لباب

دیرینہ بیماری جو جسم انسانی میں ٹھکانا کر لیتی ہے۔ وہ انسان کی مجموعی عادات کی خرابیوں کا نتیجہ ہوتی ہے اس بیماری سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے ادویات قطعاً موثر علاج ثابت نہیں ہو سکتیں کامل صحت

کے حصول کے لیے مجموعی عادات میں بے منفی عادات کا تبدیل کرنا لازمی ہے صحت کے بنیادی اصول سے یہی مراد ہے جس بیماری کے لیے اس اصول کو عمل میں لایا جاتا ہے اس میں زوال کے آثار چار سے چھ ہفتے کے اندر ظاہر ہو جاتے ہیں۔ بفرض محال اگر اس عرصے میں بہتری ظاہر نہ ہو تو ایک مزید ذہنی عادت کو تبدیلی کے عمل میں شامل کر لینا چاہیے اس میں شک نہیں کہ عادات کو تبدیل کرنا مشکل بیان کیا جاتا ہے لیکن کامل صحت کے حصول کے لیے اس کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں۔ اس مسئلہ کے صرف دو ہی حل ہیں یا تو عادات کو تبدیل کریں یا مرض کو گلے سے لگائے رکھیں۔ تیسرا کوئی حل موجود نہیں ہے۔



# ادویات ہدایات تعلقات

## چند اہم نکات

۱۔ علامات کے مطابق اگر ادویات خاطر خواہ کام نہ کریں تو ہم کیا کرتے ہیں:۔

ا۔ دوا کی پوٹنسی کو کم و بیش کرتے ہیں

ب۔ سورا کی صورت میں سلفر یا سورینم آتشکی مریضوں میں مرک سال، سفلینم اور سوزاک کی مریضوں میں تھوجا یا میڈورینم دیتے ہیں۔

ج۔ مریض کچھ وقت کے لیے بہتر ہو جائے پھر صحت یابی رک جائے، بار بار علامات عود کر آئیں تو سلفر، سورینم، کاسٹیکم یا گرافائٹس دیتے ہیں۔

د۔ بعض صورتوں میں کاربو ویج یا اوپیم کی ضرورت پڑتی ہے۔

## مزمن امراض

۲۔ مزمن امراض کا علاج شروع کرنے کے لیے پلساٹیلا، کلکیریا کارب، سلفر اور لائیکوپوڈیم بہترین ادویات ہیں۔

۳۔ بعض صورتوں میں مزمن امراض میں ادویات کا ایک گروپ مل کر کیس کو مکمل کرتا ہے جو ایک مقررہ ترتیب سے دی جاتی ہیں کیونکہ ترتیب کا الٹ پھیر نقصان دہ ہوتا ہے۔ مثلاً

سلفر ← کلکیریا کارب ← لائیکوپوڈیم ← سلفر ←
سلفر ← سارسپریلا ← سیپیا ← سلفر ←
آرنیکا ← رسٹاکس ← کلکیریا کارب ← آرنیکا ←
کاوسٹیکم ← کاسٹیکم ← سٹفی سائیگریا ← کاوسٹیکم ←

## پہلی دس ادویات

۴۔ ہومیوپیتھی کی اوّل درجہ کی دس ادویات مندرجہ ذیل ہیں۔

اکونائٹ۔ آرسنک البم۔ بیلاڈونا۔ برائی اونیا۔ اپی کاک۔ مرک سال نکس وامیکا۔ پلساٹیلا۔ سلفر اور رسٹاکس

۵۔ دس اہم ادویات نیچے دی ہوئی تفصیل کے مطابق اوّل بدل کر، باری باری یا آگے پیچھے دی جا سکتی ہیں:۔

ایکونائٹ۔ سلفر
آرسنک البم۔ برائی اونیا۔ بیلاڈونا۔ پلساٹیلا۔ سلفر۔ رسٹاکس
بیلاڈونا۔ آرسنک البم۔ مرک سال۔
برائی اونیا۔ آرسنک البم۔ سلفر۔ رسٹاکس۔
اپی کاک۔ مرک سال۔
مرک سال۔ بیلاڈونا۔ نکس وامیکا۔ اپی کاک۔
نکس وامیکا۔ مرک سال۔ سلفر۔
پلساٹیلا۔ آرسنک۔ رسٹاکس۔
سلفر۔ ایکونائٹ۔ آرسنک البم۔ برائی اونیا۔ نکس وامیکا۔
رسٹاکس۔ برائی اونیا۔ آرسنک البم۔ پلساٹیلا۔

## ۶۔ پوٹنسی

عام حالات میں ۳۰ پوٹنسی میں دوا استعمال کی جاتی ہے اگر مرض پرانا ہو تو ۲۰۰ پوٹنسی یا ۱۰۰۰ اور اس سے اُوپر کی پوٹنسیاں کام آتی ہیں ۲۵۵ اور اس سے اُوپر اُونچی طاقت کی دوائیں مانی گئی ہیں۔ لہٰذا ان کی دوہرائی لمبے وقفوں سے صرف اس صورت میں کی جاتی ہے جبکہ پہلے دی ہوئی دوا کے نتائج ایسا کرنے کا تقاضا کریں۔ غیر ضروری طور پر ان کی دوہرائی نقصان دہ ہوتی ہے۔



| ادویات | مددگار دوائیں | دافع اثر دوائیں | دشمن دوائیں |
|---|---|---|---|
| آرسنک البم | پلساٹیلا۔ سلفر۔ رسٹاکس فاسفورس۔ تھوجا۔ سیکیل کار۔ لیکیسس | اوپیم۔ چائنا۔ برپ سلفر۔ نکس وامیکا کیمفر۔ اپی کاک۔ فیرم میٹ۔ گرفائٹس آئیکوڈیم۔ وریٹرم البم | |
| آرنیکا | کلکیریا کارب۔ نیٹرم سلف سٹوریم۔ رسٹاکس۔ سلفیورک ایسڈ وریٹرم البم | کیمفر۔ کافیا۔ چائنا۔ اگنیشیا | |
| نوٹ: برائی اونیا اور رسٹاکس اس دوا کے بعد اچھا کام کرتی ہیں۔ | | | |
| اپی کاک | کیوپرم میٹ | نکس وامیکا۔ ٹیبیکم | چائنا۔ اوپیم۔ بسٹھ |
| اژنتھم نائٹ | سیپیا۔ کالی کارب۔ لائیکو۔ سیلیشیا رسٹاکس۔ فاسفورس۔ سلفر | آرسنک آئیوڈائیڈ | |
| اگنیشیا | نیٹرم میور۔ سیپیا۔ فاسفورک ایسڈ | کیمومیلا۔ کاکوس۔ کیمفر۔ آرنیکا | کافیا۔ نکس وامیکا |
| نوٹ: نیٹرم میور۔ اگنیشیا کا مزمن سے گزری میں اگنیشیا فائدہ نہ کرے تو فاسفورک ایسڈ دیں۔ | | | |
| اوپیم | ایلومینا۔ برٹیا کارب۔ برائی اونیا۔ فاسفورس۔ پلمبم | اپی کاک۔ نکس وامیکا | |
| ایکونائٹ | سلفر۔ آرنیکا۔ بیلاڈونا۔ برائی اونیا سپنجیا۔ فاسفورس۔ | نکس وامیکا۔ ہم سی فیوگا | |
| ایپس | برٹیا کارب۔ آرسنک البم۔ پلساٹیلا آرنیکا۔ نیٹرم میور۔ | کینتھرس اپی کاک۔ لیکیسس۔ ریڈم | رسٹاکس۔ فاسفورس |
| سلفر اور نیٹرم میور اس دوا سے پہلے اور اس کے بعد اچھا کام کرتی ہیں۔ | | | |
| انکس ماسٹس | کیلیڈیم۔ سیلینیم | کیمفر۔ نیٹرم میور | |
| ایلوز | | اوپیم۔ لائیکوپوڈیم۔ نکس وامیکا۔ سرکہ | ایلیم سیپا |
| اجھوزا | کلکیریا کارب | | |
| ایلیم سیپا | پلساٹیلا۔ فاسفورس۔ سارسپریلا | نکس وامیکا۔ آرنیکا۔ کیمومیلا۔ وریٹرم البم کافیا۔ | ایلوز |
| ایلومینا | برائی اونیا۔ فیرم میٹ | پلساٹیلا۔ اپی کاک۔ کیمومیلا۔ کیمفر | |

| ادویات | مددگار دوائیں | دافع اثر دوائیں | دشمن دوائیں |
|---|---|---|---|
| انتم آرٹ | فاسفورس۔ برٹیا کارب | پلسانیلا۔ سیپیا۔ چائنا۔ اوپیم۔ کاکوس | |
| برائی اونیا | سلفر۔ رسٹاکس۔ لائیکوپوڈیم۔ سیپیا | ب<br>کاربو ویج۔ سلفر۔ کلکیریا۔ مرک سال۔ ایکونائٹ۔ نکس وامیکا۔ پلسانیلا۔ کیمفر۔ کیموملا | کالی سلف |
| | نوٹ:۔ سلفر اس دوا سے پہلے اور بعد اچھا کام کرتی ہے۔ کالی کارب برائی اونیا کی بڑی مددگار ہے۔ نیٹرم میور۔ برائی اونیا کی مزمن ہے اور اس کیلئے اچھا کام کرتی ہے۔ | | |
| بوریکس دکوس | لائیکوپوڈیم۔ | کیمفر۔ بیلاڈونا۔ کیموملا | |
| برٹیا کارب | سیلیشیا۔ سورینم۔ ڈرکاما را | بیلاڈونا۔ کیمفر مرک سال۔ نکم میٹ | کلکیریا کارب |
| | نوٹ:۔ برٹیا کارب اور ڈرکاما ایک دوسرے کی بڑی مددگار ہیں۔ | | |
| بیلاڈونا | کلکیریا۔ بوریکس۔ مرک سال۔ نیٹرم میور | ایکونائٹ۔ پلسانیلا۔ کیمفر۔ اوپیم۔ کافیا۔ نائیسوسائیمس | |
| | پ | | |
| پٹرولیم | سیپیا | نکس وامیکا۔ ایکونائٹ۔ کاکوس۔ فاسفورس | |
| پلسانیلا | کالی سلف۔ آرسنک البم۔ برائی اونیا۔ لائیکوپوڈیم۔ سیلیشیا۔ کالی بائی۔ سیپیا۔ نکم میٹ | نکس وامیکا۔ کافیا۔ کیموملا۔ اگنیشیا | نکس موشکاٹا۔ کلکیریا سلف |
| پلمبم | رسٹاکس | پلاٹینا۔ ایلومینا۔ پٹرولیم۔ سلفیورک ایسڈ نکم میٹ | |
| پوڈوفائیلم | سلفر۔ کلکیریا کارب۔ نیٹرم میور | نکس وامیکا۔ کاکوسنتھ | |
| | ٹ | | |
| تھوجا | آرسنک البم۔ سیلیشیا۔ میڈورینم۔ مرک سال۔ نیٹرم میور۔ نیٹرم سلف | کاکوس۔ کاپلیکم۔ سٹفی سانیگریا | |
| ٹیوبرکلینم | نائٹرک ایسڈ۔ کلکیریا۔ چائنا۔ برائی اونیا۔ سورینم۔ سلفر۔ کالی سلف۔ سیپیا | | |



| ادویات | مددگار دوائیں | دافع اثر دوائیں | دشمن دوائیں |
|---|---|---|---|
| | ج چ | | |
| جیلسیمیم | سیپیا۔ ارجنٹم نائٹ میٹیشا۔ کلکیریا فاس۔ کاربو ویج | نیٹرم میور۔ کافیا۔ ڈیجی ٹیلس۔ یوپیٹوریم پرف۔ نکس وامیکا | ڈیجی ٹیلس، سیلینیم |
| چیلیڈونیم | کالی کارب۔ لائیکوپوڈیم۔ برائی اونیا۔ مرک سال | پلسانیلا۔ سیپیا۔ سلفر۔ ورینٹرم البم۔ ایکونائٹ۔ کیموملا۔ کیمفر۔ کافیا | کریازوٹ |
| | ڈ ر ز | | |
| ڈروسرا | کاربو ویج۔ نکس وامیکا۔ سلفر | کیمفر | |
| رسٹاکس | برائی اونیا۔ کلکیریا فلور۔ فاسٹولیکا۔ کلکیریا کاسٹیکم۔ لائیکوپوڈیم۔ میڈورینم۔ فاسفورس۔ پلسانیلا۔ سلفر | کیمفر گریفائٹس۔ یکیسس۔ ریڈم پا۔ اناکارڈیم۔ | ایپس |
| رونا | کلکیریا فاس۔ | کیمفر | |
| زنکم میٹ | پلسانیلا۔ سیپیا۔ سلفر کلکیریا فاس | کیمفر۔ ہیپر سلفر۔ اگنیشیا | کیموملا۔ نکس وامیکا |
| | س | | |
| سارسپریلا | ایلیم سیپیا | بیلاڈونا | ایسٹک ایسڈ |
| سانٹا | کلکیریا کارب۔ ڈروسرا۔ سلفر | کیمفر۔ کیپسیکم۔ چائنا | |
| سٹفی سانیگریا | کاسٹیکم۔ کاکوسنتھ | کیمفر | رینن کوس بلب۔ نکس موشکاٹا۔ کلکیریا سلفر سے پہلے |
| سلفر | ایلوز۔ سورینم۔ ایکونائٹ۔ آرسنک البم۔ بیلاڈونا۔ تھلکیریا کارب۔ پائروجینم | کیمفر۔ کیموملا۔ چائنا۔ تھوجا | |
| | نوٹ:۔ دبی ہوئی جلدی امراض میں سلفر کے فیل ہو جانے پر سورینم دیں۔ سیپیا اور سلفر ایک دوسرے کے بعد اچھا کام کرتے ہیں۔ سلفر اور کاسٹیکم ایک دوسرے کے بعد اچھا کام کرتے ہیں خصوصاً مزمن امراض میں۔ | | |
| سلیشیا | تھوجا۔ پلسانیلا۔ لائیکو۔ فاسفورس | کیمفر فلورک ایسڈ | مرک سال۔ نکس موشکاٹا |
| | نوٹ:۔ اکیلی خوراک میں بہترین کام کرتا ہے۔ | | |

| ادویات | مدد گار دوائیں | دافع اثر دوائیں | دشمن دوائیں |
|---|---|---|---|
| سورینم | سلفر۔ ٹیوبر کلینم۔ سیپیا۔ بیسی لینم | کافیا | کونیم۔ لیکیس۔ سیپیا |
| سیپیا | نیٹرم میور۔ فاسفورس۔ نکس وامیکا ناٹرک ایسڈ۔ نیٹرم کارب۔ نیٹرم فاس سورینم۔ سباڈیلا | ایکونائٹ۔ انٹم کروڈ۔ انٹم ٹارٹ رسٹاکس | لیکیس۔ پلساٹیلا برائی اونیا |
| نوٹ: سیپیا اور سلفر ایک دوسرے کے بعد اچھا کام کرتے ہیں | | | |
| سنگونیریا سیکیل کار | انٹم ٹارٹ۔ فاسفورس آرسنک البم۔ تھوجا۔ | کیمفر۔ اوپیم | چائنا۔ ایکونائٹ۔ آرسنک پلساٹیلا۔ بیلاڈونا۔ مرک سال |
| فاسفورس | ایلیم سیپا۔ کاربو ویج۔ اپی کاک۔ لائیکوپوڈیم۔ سیلیشیا۔ کالی کارب۔ سنگونیریا۔ سلفر | کیمفر۔ کافیا۔ نکس وامیکا۔ نیٹرم میور | کاسٹیکم۔ ایپس |
| نوٹ۔ فاسفورس اگر علامات کے مطابق کام نہ کرے تو کالی فاس دیں | | | |
| فاسفورک ایسڈ<br>فرم فاس<br>فرم میٹ | چائنا۔<br>برائی اونیا۔ نیٹرم میور۔<br>ایلومینا۔ ہیما میلس۔ | کافیا۔ کیمفر۔ سلفر۔ سٹفی سائیگریا<br>پلساٹیلا۔ ہیپر سلفر۔ آرنیکا۔ بیلاڈونا۔ اپی کاک | ایسک ایسڈ |
| کاربو ویج<br>کاسٹیکم | کالی کارب۔ ڈروسیرا۔ چائنا۔ فاسفورس<br>کاربو ویج۔ گریفائٹس۔ سٹفی سائیگریا<br>مرک کار۔ لیکیس | کیمفر۔ کافیا۔ فرم میٹ۔<br>کافیا۔ ڈلکامارا۔ نکس وامیکا | کاسٹیکم۔ کریازوٹ |
| نوٹ: ۱۔ کاسٹیکم اور سلفر ایک دوسرے کے بعد اچھا کام کرتے ہیں خصوصاً دائمی امراض میں<br>۲۔ شدید قسم کی اعصابی دردوں میں دوسری ادویات فیل ہو جائیں تو کاسٹیکم دیں۔ | | | |



| ادویات | مدد گار دوائیں | دافع اثر دوائیں | دشمن دوائیں |
|---|---|---|---|
| کافیا | ایکونائٹ | سلفر۔ نکس وامیکا۔ کیموملا۔ مرک سال | کیمفر۔ کاسٹیکم۔ کاوسٹم۔ اکنیشیا۔ کینتھرس |
| کاوسٹم | مرک سال | کافیا۔ کیموملا۔ کیمفر۔ اوپیم | |
| کالی بائی | فاسفورس۔ سورینم | لیکیس۔ پلساٹیلا | |
| کالی کارب | کاربو ویج۔ نکس وامیکا | | |
| نوٹ: سلفر اس دوا سے پہلے اور بعد اچھا کام کرتا ہے۔ نائٹرک ایسڈ کالی کارب کے بعد بہترین کام کرتا ہے | | | |
| کریازوٹ<br>گلکیریا کارب | آرسنک البم۔ فاسفورس۔ سلفر<br>بیلاڈونا۔ رسٹاکس۔ لائیکوپوڈیم<br>سیلیشیا۔ بریا کارب۔ | نکس وامیکا۔ ایکونائٹ۔ فرم میٹ۔<br>کیمفر۔ اپی کاک۔ نائٹرک ایسڈ۔<br>نکس وامیکا۔ چائنا۔ ہیپر سلفر۔ سیپیا | کاربو ویج<br>برائی اونیا۔ سلفر |
| نوٹ: معمر لوگوں میں اس کی دوا نہ کی جائے خصوصاً اگر پہلی خوراک سے فائدہ پہنچا ہو۔ ایسا کرنا نقصان دہ ہوگا۔ | | | |
| کونیم<br>کیپسیکم<br>کیموملا | فاسفورس۔ سلیشیا۔ بریا میور<br>نیٹرم میور۔<br>بیلاڈونا۔ میگ کارب | کافیا۔ ڈلکامارا۔ نائٹرک ایسڈ۔<br>سانگا۔ کیلیڈیم۔ کیمفر۔ سلفیورک ایسڈ<br>کیمفر۔ نکس وامیکا۔ ایکونائٹ۔ بوکس<br>کافیا۔ کاوسٹم | سورینم<br>زنکم میٹ<br>نکس وامیکا |
| کینتھرس<br>کیموپرمیٹ | ایپس<br>گلکیریا۔ آرسنک البم۔ آئیوڈیم<br>ویریٹرم البم | ایکونائٹ۔ پلساٹیلا<br>بیلاڈونا۔ ہیپر سلفر۔ کیمفر۔ کیموملا<br>چائنا۔ نکس وامیکا۔ | کافیا |
| گریفائٹس | انٹم ٹارٹ۔ کاسٹیکم۔ ہیپر سلفر<br>سلفر۔ لائیکوپوڈیم۔ ٹیوبر کلینم<br>فرم میٹ۔ | نکس وامیکا۔ ایکونائٹ۔ چائنا۔ | |
| گلونائین | بیلاڈونا۔ | ایکونائٹ۔ کیمفر۔ کافیا۔ نکس وامیکا | |
| لائیکوپوڈیم | چیلیڈونیم۔ سلفر۔ لیکیس۔ | کیمفر۔ چائنا۔ کاسٹیکم۔ ایکونائٹ۔ کیموملا | کافیا۔ نکس موشکاٹا |

| ادویات | مددگار دوائیں | دافع اثر دوائیں | دشمن دوائیں |
|---|---|---|---|
| | کالی کارب۔ آئیوڈیم۔ اگنیشیا۔ اپی کاک۔ کلکیریا۔ فاسفورس۔ | | |
| ریم پال<br>یکیسس | سیپیا<br>لائیکوپوڈیم۔ ہیپر سلفر۔ نائٹرک ایسڈ<br>فاسفورس۔ زنکم میٹ۔ آئیوڈیم<br>کلکیریا کارب۔ کاربو ویج | کیمفر۔ رسٹاکس<br>مرک سال | سیپیا۔ سورینم |
| | م۔ن | | |
| مرک سال | ہیلاڈونا سیپیا۔ سلفر۔ نائٹرک ایسڈ | میزریم۔ سنفی سائیگیریا | سلیشیا۔ یکیسس |
| | نوٹ: اگر مرک سال فیل ہو جائے تو نائٹرک ایسڈ دیں۔<br>اگر یہ دوا جزوی طور پر کام کرے تو آرسنک البم دیں | | |
| نائٹرک ایسڈ | آرسنک البم۔ کیلیڈیم۔ سیپیا<br>لائیکوپوڈیم | کونیم۔ ہیپر سلفر۔ مرک سال۔ میزریم<br>چنرڈیجیٹ۔ سلفر۔ | یکیسس<br>لائیکوپوڈیم۔ نکس وامیکا<br>پلساٹیلا۔ رسٹاکس سیلیشیا |
| نکس موشکاٹا | کلکیریا کارب | کیمفر۔ جیلسیمیم۔ زنکم میٹ۔ | زنکم میٹ۔ کاسٹیکم<br>اگنیشیا۔ گلونائین |
| نکس وامیکا | سیپیا۔ برائی اونیا۔ کونیم۔ کالی کارب<br>فاسفورس۔ پلساٹیلا۔ سلفر | کافیا۔ اگنیشیا۔ کاکولس۔ کیمفر۔ تھوجا<br>آرسنک البم۔ ہیلاڈونا۔ | |
| نیٹرم کارب<br>نیٹرم میور۔ | سیپیا<br>ایپس۔ کیپسیکم۔ ایتھوزانتھ | آرسنک البم۔ کیمفر<br>آرسنک البم۔ فاسفورس۔ نکس وامیکا<br>کیمفر | |
| | و۔ہ<br>ی | | |
| وریٹرم البم<br>ہیپر سلفر<br>بیما میلس<br>یوپیٹوریم پرفٹ | کاربو ویج۔ آرنیکا<br>آئیوڈیم۔ کیلنڈولا<br>فیرم میٹ۔ فلورک ایسڈ<br>نیٹرم میور۔ سیپیا | ایکونائٹ۔ کیمفر۔ چائنا<br>ہیلاڈونا۔ کیموملا۔ اسٹیفی سیریا<br>آرنیکا۔ کیموملا۔ چائنا۔ پلساٹیلا | |